"Sex, Love and Stars"
جنس محبت اور ستارے
تاج پرویز

پروفیسر حافظ تنویر احمد ریول چشتی

0300-2879487

نام کے پہلے حرف اور تاریخ کے اعتبار سے برج اور ستارہ جاننا (الف)

نمبر شمار	برج کا نام	ستارہ	وقت یا تاریخ	نام کا پہلا حرف	ذکر کیلئے اسمائے الٰہی کا پہلا حرف	مبارک عدد	ادوار العطور ماہ کی تین دہائی کے ستارے	مبارک دن	مزاج
1	حمل	مریخ	21 مارچ سے 20 اپریل	ا۔آ۔ع۔ل۔ی	ط۔ی۔ث۔ل	9	زحل۔مشتری۔مریخ	منگل	آتشی
2	ثور	زہرہ	21 اپریل سے 20 مئی	ب۔و۔او	ف۔ص۔ق۔ر	6	عطارد۔قمر۔زحل	جمعہ	خاکی
3	جوزا	عطارد	21 مئی سے 20 جون	ق۔ک	ش۔ت۔ث۔خ	5	مشتری۔مریخ۔شمس	بدھ	بادی
4	سرطان	قمر	21 جون سے 20 جولائی	ہ۔ٹ۔ڈ	ذ۔ض۔ظ۔غ	2	زہرہ۔عطارد۔قمر	سوموار	آبی
5	اسد	شمس	21 جولائی سے 20 اگست	م۔ی۔ٹ	م۔ن۔س۔ع	1	زحل۔مشتری۔مریخ	اتوار	آتشی
6	سنبلہ عذرا	عطارد	21 اگست سے 20 ستمبر	پ۔ا۔غ	ش۔ت۔ث۔خ	5	شمس۔زہرہ۔عطارد	بدھ	خاکی
7	میزان	زہرہ	21 ستمبر سے 20 اکتوبر	ر۔ت۔ط	ف۔ص۔ق۔ر	6	قمر۔زحل۔مشتری	جمعہ	بادی
8	عقرب	مریخ	21 اکتوبر سے 20 نومبر	ذ۔ز۔ض۔ظ۔ن	ی۔ث۔ل	9	مریخ۔شمس۔زہرہ	منگل	آبی
9	قوس	مشتری	21 نومبر سے 20 دسمبر	ف۔پھ	ھ۔ا۔ف۔ج	3	عطارد۔قمر۔زحل	جمعرات	آتشی
10	جدی	زحل	21 دسمبر سے 20 جنوری	ج۔ح۔خ۔گ	ا۔ب۔ج۔د	8	مشتری۔مریخ۔شمس	ہفتہ	خاکی
11	دلو	زحل	21 جنوری سے 19 فروری	ش۔س۔ق۔ص	ا۔ب۔ج۔د	4	زہرہ۔عطارد۔قمر	ہفتہ	بادی
12	حوت	مشتری	20 فروری سے 20 مارچ	د۔چ	ھ۔د۔ذ۔ج	7	زحل۔مشتری۔مریخ	جمعرات	آبی

پروفیسر حافظ تنویر احمد ریول چشتی

0300-2879487

برج، ستارے مطابق اپنا پتھر اور نگینہ چنیے یہی آپ کا پیدائشی برتھ سٹون ہے (ب)

نمبر شمار	ستارہ	برج	مبارک عدد	مبارک دن	موافق رنگ	برتھ سٹون ۔ راس پتھر	موزوں دھات	دوست ستارے	دشمن ستارے	غیر جانبدار ستارے
1	مریخ	حمل+عقرب	9	منگل	سرخ، قرمزی	یاقوت، مرجان، لعل، عقیق، حجر الدم، مونا زائٹ، لعل زمانی	ٹین، چاندی، سکہ	مشتری، قمر، شمس	عطارد	زحل، زہرہ
2	زہرہ	ثور+میزان	6	جمعہ	گلابی، سفید نیلا، زرد	ہیرا، السیا، زبرجد، کنزائٹ، گارنیٹ	تانبا، چاندی	عطارد، زحل	قمر، شمس	مریخ، مشتری
3	عطارد	جوزا، سنبلہ	5	بدھ	زرد، گولڈن ارغوانی	ملکرج، زرقون، پریڈٹ، روراکھ، کالی ڈانی	تانبا، سونا، پلاٹینیم، المونیم	شمس، زہرہ	قمر	زحل، مریخ، مشتری
4	قمر	سرطان	2	سوموار	سبز، سفید سرمئی	مروارید، کارنٹم، اوپل، حجر القمر، اور نجف	چاندی	شمس	عطارد	مریخ، مشتری، زحل
5	شمس	اسد		اتوار	نارنجی، زرد، اورنج	سن سٹون، کہربا، الیگزنڈرائٹ	سکہ، تانبا	قمر، مریخ، مشتری	زحل، زہرہ	عطارد
6	مشتری	قوس+حوت	3-7	جمعرات	بنفشی، سلیٹی، سبز، سفید	ایکوامرین، ایمے تھسٹ، فیروزہ، لاجوردی، زبرجد، سنگ یشب، سنگ یم، ایسٹ وٹ	لوہا، ٹین، سونا	شمس، قمر، مریخ	عطارد، زہرہ	زحل
7	زحل	جدی+دلو	4-8	جمعہ	کالا، نیلا، نیوی، بلیو	نیلم، گارنیٹ، سنگ ستارہ، سنگ حدید، ترمری، سنگ سلیما	سکہ، چاندی، پلاٹینیم، المونیم	زہرہ، عطارد	قمر، مریخ، شمس	مشتری

ہم اس کتاب کے مطالعے کے بغیر تشنہ ہی تھے۔ امید واثق ہے قارئین اس کتاب کو پسند کر کے مستفیض ہوں گے۔

تاج پرویز

بُرج حمل

(ARIES NO 1)

۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل

حروف:- ا - ل
ع - ی

تعلق برج حمل شمسی نظام کا پہلا برج

حمل مرد:-

(ARIES MAN)

نمبر ۱:- حمل مرد اس کو کہا جاتا ہے جس کا تعلق (ARIES) سے ہو۔ اسے نظام شمسی کا پہلا برج کہا جاتا ہے۔ ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل جو مرد پیدا ہوتے ہیں ان کا تعلق برج حمل سے ہوتا ہے۔ برج حمل کا نشان مینڈھا ہے۔ عنصر آگ ہے۔ حاکم سیارہ مریخ ہے۔ خوش بختی کا ہندسہ سات اور چھ ہے۔ سعد پتھر ہیرا اور یاقوت جری ہے۔ موافق رنگ شوخ

مریخ ہے۔ مبارک دن منگل ہے۔

حمل مرد اور عورت میں مینڈھے کی سی فطرت ہوتی ہے۔ اسی لیے طاقت بھی اسی قسم کی رکھتے ہیں۔ مخالفت بھی اسی قسم کی ہوتی ہیں۔ اسی لیے یہ (ARIES) حمل برج سے منسوب ہیں۔ عنصر آگ رکھتے ہیں۔ ان کو فطری طور پر غصّہ زیادہ آتا ہے۔ اور جلدی جوش میں آجاتے ہیں۔ حاکم سیارہ مریخ ہے۔ مریخ کے اثرات جیسے جیسے بدلتے ہیں ان کے خیالات اور حالات میں تبدیلی آتی رہتی ہے۔

خوش بختی کا عدد سات اور چھ ہے۔ یہ جب کبھی سات اور چھ کے ہندسے کو بطور قسمت آزماتے ہیں تو اکثر کامیابی حاصل کر لیتے ہیں۔

سعد پتھر ہیرا اور یاقوت احمر ہے۔ یہ دونوں پتھر اگر یہ اپنی انگلیوں کی زینت بنائیں تو انہیں کامیابیاں ملتی ہیں۔ اور یہ ان کے لیے خوش بختی کا نشان بن جاتے ہیں۔ موافق رنگ شوخ سرخ ہے۔ اس رنگ کو استعمال کرنے سے انہیں خوشی ملتی ہے۔ اور سرور کیف محسوس ہوتا ہے اور یہ خوش وخرم رہتے ہیں۔

مبارک دن منگل ہے۔ منگل کے دن جو کام کرتے ہیں ان میں اکثر کامرانی وکامیابی حاصل ہوتی ہے۔

"جنسی خواہشات"

۲۔ حمل مرد جنسی خواہشات رکھتا ہے۔ اور اپنی اس کوشش کو فوراً

پوری کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ کیونکہ حمل مرد ناعاقبت اندیش ہوتا ہے۔ اس لیے جنسی خواہشات کے معاملے میں دور اندیشی سے کام نہیں لیتا۔ جلد بازی کرتا ہے۔ حمل مرد میں بے ساختہ پن پایا جاتا ہے۔ اس لیے یہ اپنی جنسی خواہش کا اظہار بھی بے اختیار کر دیتا ہے۔

۳۔ جنسی الجھنیں

اپنی بے ساختہ فطرت کی وجہ سے یہ کبھی کبھی جنسی الجھنوں میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ چونکہ حمل عورت بھی اسی قسم کی فطرت رکھتی ہے۔ اس لیے ان کو نباہ مشکل ہوتا ہے اور ان کے درمیان جلد ہی علیحدگی پیدا ہو جاتی ہے۔ پھر مرد عورت مختلف ذریعوں سے اپنی جنسی الجھنیں سلجھاتے ہیں۔

جنسی معاملات

۴۔ جنسی معاملات کو حمل مرد اکثر طے نہیں کر پاتا۔ وہ ان معاملات کو آگے بڑھانے کی کوشش جلدی کرتا ہے۔ اس لیے اکثر یہ معاملات کو بگاڑ لیتا ہے۔ اور اسے ان معاملات میں پیچھا بڑی مشکل سے ملتا ہے۔

جنسی خواہش سے پہلو تہی

۵۔ حمل مرد کبھی کبھی جنسی خواہش سے پہلو تہی کرتا ہے۔ چونکہ اس کی فطرت میں تیزی اور شدت ہوتی ہے۔ اس لیے یہ تیزی اسے سکون

حاصل ہونے نہیں دیتی۔ اور یہ مطمئن نہیں ہو پاتا۔ اور اس کے جذبات میں ہلچل پیدا ہو جاتی ہے جو اسے پریشان کر دیتی ہے۔ اور اس پریشانی کی وجہ سے یہ جنسی خواہش سے کبھی کبھی پہلوتہی کر جاتا ہے۔ اگر اسے ساتھی مطلب کا مل جائے تو خوشی اور راحت محسوس کرتا ہے۔

جنسی تسکین

نمبر۶ حمل مرد کو اکثر جنسی تسکین نہیں ملتی کیونکہ عجلت سے کام نے کر یہ اپنے جذبات کو سرد کر لیتا ہے۔ اور وہ کبیدہ خاطر سا ہو جاتا ہے۔ مگر وہ نہیں ملتا جو سرور اور سکون اسے ملنا چاہیئے اور یہ جنسی تسکین کی تلاش میں بھٹکتا رہتا ہے۔ اگر اسے لائف کمپینین (Life Companion) اچھا مل جائے تو اسے تسکین اور سکون مل جاتا ہے۔ ورنہ یہ جنسی تسکین کے صحراؤں میں بھٹکتا رہتا ہے۔

محبت کے معاملات

نمبر۷ محبت کے معاملات میں بھی حمل مرد تیزی دکھاتا ہے اور عجلت سے کام لیتا ہے۔ محبت کے میدان میں جس تیزی سے آگے بڑھتا ہے اگر ساتھی تیزی سے ساتھ نہ دے سکے تو یہ پیچھے ہٹ جاتا ہے اور پھر دوسری محبت تلاش کرنے نکل کھڑا ہوتا ہے۔

محبت پر قبضہ کرنا

نمبر۸ حمل مرد چاہتا ہے کہ جو چیز بھی اس کے پاس آجائے اس پر قبضہ جما لے۔ اس طرح یہ محبت پر بھی قبضہ جمانا چاہتا ہے۔ چونکہ اس کا ساتھی اس بات کو پسند نہ کرے گا۔ وہ اسے محبت کو پسند نہ کرے گا۔ اگر دوسری طرف یعنی جنس مخالف سے اسے حوصلہ ملے اور اس کے محبت پر قبضہ جمانے والے انداز کو پسند کیا جائے تو اسے حوصلہ ہوتا ہے اور وہ خوشی محسوس کرتا ہے اور اس کی خواہشات عملی جامہ پہن لیتی ہیں۔ اور یہ کیف اور لطف محسوس کرتا ہے۔ بہرحال حمل مرد محبت کے معاملے میں سنجیدگی اختیار نہیں کر سکتا۔ اس میں موسم بہار میں محبت کے خیالات ابھرتے ہیں۔

بے چینی اور بے صبری

نمبر۹ حمل مرد میں بے چینی اور بے صبری ہوتی ہے۔ مزاج میں تلون ہوتا ہے جو دوسرے برجوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ان کے اس انداز کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔ چونکہ حمل مرد چاہتا ہے ہر چیز فوراً حاصل کرلے تو یہ بری بات ہے۔ حمل مرد کو اپنی اس عادت پر کنٹرول کرنا چاہیئے ورنہ اس کے لیے پیچیدگیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔ اور یہ الجھنوں اور مسائل کے جال میں پھنس سکتا ہے۔

پروفیسر حافظ تنویر احمد رسول چشتی

0300-2879487

حمل مرد مہم جوئی کو پسند کرتا ہے

۱۰۔ حمل مرد مہم جوئی کو پسند کرتا ہے اور سختی اور تیزی سے اپنے لیے ترقی کے راستے پیدا کرنا چاہتا ہے۔ اس طرح اکثر یہ ناکام رہتا ہے۔ چونکہ اس میں ذہانت زیادہ ہوتی ہے۔ اس لیے یہ عقل و فراست سے کام لے کر اپنی زندگی کو ترقی کے زاویوں میں ڈھال لیتا ہے اور آگے بڑھتا چلا جاتا ہے۔ لیکن اکثر حمل مرد زیادہ کچھ حاصل نہیں کر پاتا اگر اسے کوئی ناپسندیدگی سے دیکھتا ہے۔ تو اسے اس کی ذرا سی بھی پرواہ نہیں ہوتی اور اسے جو کچھ کرنا ہوتا ہے کرتا چلا جاتا ہے۔ حمل مرد اپنے نقصانات سے نہیں ڈرتا۔ اور اپنے دماغ کے ماتحت کام کرتا چلا جاتا ہے۔

حمل مرد بخیل نہیں ہوتا

۱۱۔ حمل مرد بخیل نہیں ہوتا۔ یہ مال و دولت کو تجوریوں میں یا بنکوں میں منجمد کرنا پسند نہیں کرتا۔ یہ خرچ کرتا رہتا ہے اور اپنی ضروریات کو اچھے طریقے سے پورا کرتا ہے۔ ذرا سی بھی کنجوسی سے کام نہیں لیتا۔ اسے ذخیرہ اندوزی سے بھی نفرت ہے۔ اگر حمل مرد کسی چیز کو حاصل کرنے کا عزم کرے تو اسے ضرور حاصل کر کے رہتا ہے۔

حمل مرد کیسا کام کرنا پسند کرتا ہے

۱۲۔ حمل مرد انشورنس، جرنلسٹ اور بینکنگ میں کام کرنا پسند کرتا ہے۔

جیمز باز بننا بھی اسے پسند ہے۔ مہم جوئی، انجینئر اور بہترین کھلاڑی بن سکتا ہے۔ سرجری کا کام اسے پسند ہے۔ بزنس کو جدید طریقے پر سرانجام دے سکتا ہے۔ جس شعبے میں نئی نئی ایجادات کا کام ہوتا ہے۔ اس شعبے میں کام کرنا پسند کرتا ہے۔

۱۳۔ حمل مرد کس قسم کی بیماریوں میں مبتلا ہو سکتا ہے

میعادی بخار، اعصابی کمزوری، معدے کی خرابی یا اس کا شکار ہو سکتا ہے دانتوں کی بیماری لگ سکتی ہے۔ جوڑوں کے درد کی بیماری میں بھی مبتلا ہو سکتا ہے۔

حمل عورت

تعلق برج حمل سے نظام شمسی کا پہلا برج

ARIES WOMAN

ARIES

برج حمل نمبر ۱ NO 1

وہ عورت حمل عورت کہلاتی ہے جس کا تعلق برج حمل (ARIES) ہو۔ اسے پہلا برج کہا جاتا ہے۔ ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل جو عورت اور مرد پیدا ہوتے ہیں ان کا تعلق برج حمل (ARIES) ہوتا ہے۔ برج حمل کا نشان مینڈھا ہے۔ عنصر آگ ہے۔ حاکم سیارہ مریخ ہے۔ خوش بختی کا ہندسہ سات (۷) ہے۔ سعد پتھر ہیرا اور یاقوت حجری ہے۔ موافق رنگ شوخ سرخ ہے۔

حمل عورت اور مرد مینڈھے کی سی خصوصیت رکھتے ہیں اور یہ خصوصیت برج حمل سے متعلقہ ہے۔

جنسی عمل میں حمل عورت اور حمل مرد کا کردار

یہ بات یاد رکھی جائے کہ ایسا کوئی مرد یا عورت نہیں ہے جس میں حمل کی مکمل خصوصیات ہوں۔ قریب قریب ہر مرد میں حمل کی کچھ نہ کچھ خاصیت ہوتی ہے۔ عمل کے عوامل کچھ اس قسم کے ہوتے ہیں۔ اور کسی بھی برج کی خاصیتیں کچھ نہ کچھ حمل مرد میں ہوتی ہیں۔ حمل مرد عورت کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اسی طرح ایک عورت بھی اسی قسم کی خوبی رکھتی ہے۔ حمل مرد اور حمل عورت ایک دوسرے کو آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔ چونکہ دونوں کی فطرت میں جلد بازی اور تیزی ہوتی ہے۔ اس لیے حمل مرد اور حمل عورت کا نباہ ہو سکتا ہے۔ اور یہ دونوں جنسی تسکین حاصل کر سکتے ہیں۔ اور ان کا کردار جنسی عمل میں سرور بخش، راحت انگیز اور ہوگا۔ یہ ایک دوسرے کی خواہشات کا احترام رکھیں گے۔ ان کا ازدواجی ماحول اچھا گزرے گا۔

جنسی معاملات

ایک حمل عورت ایک حمل مرد سے شادی کر کے مطمئن اور خوش رہ سکتی ہے۔ چونکہ ان دونوں کا عنصر آگ ہے۔ ان کے جنسی معاملات بھی آگ کی طرح ہوتے ہیں۔ ان کے جنسی جذبوں میں شدت اور گرمی ہوتی ہے۔ حمل عورت ازدواجی زندگی میں اپنی عقل اور فراست سے خوش رہ سکتی ہے۔ عنصر آگ کی وجہ سے ان میں انتقام انگیز جذبے

پروفیسر حافظ تنویر احمد ریول چشتی
0300-2879487

رہتے ہیں۔ ان کی ازدواجی زندگی خوشگوار ثابت نہ ہوگی۔ وہ ایک دوسرے سے ضرور جھگڑیں گے۔ چونکہ حمل مرد اور حمل عورت ایک دوسرے کو اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ اس لیے کسی بحث یا جھگڑے میں ایک دوسرے کے نقطہ نظر کو سمجھ کر صلح کر لیں گے۔ اس جوڑے کی زندگی کافی دلچسپ ہوتی ہے۔ اور یہ اس طرح مطمئن اور خوش رہ سکتے ہیں۔ اگر ان میں باہمی سمجھوتہ ہے

جنسی خواہشات

ثور۔ حمل عورت اگر ثور مرد سے شادی کرے تو اس کے ساتھ زندگی بھر گزارہ کر سکتی ہے۔ حمل عورت میں صبر و استقامت کی خوبی ہوتی ہے اور ثور مرد محتاط فطرت رکھتا ہے۔ یہ بات ضرور ہے کہ ثور مرد کو اپنی بیوی کو سمجھنے میں کچھ مدت لگے گی۔ لیکن آخر کار وہ اس کی قدر و قیمت جان لے گا۔ اور وہ اسے پسند کرے گا اور سمجھے گا کہ اس کے لیے یہ حمل عورت ایک بہترین بیوی ہے۔ ثور مرد چونکہ جلد باز نہیں ہوتے اور نہ ان کے فیصلے عجلت میں کیے ہوتے ہیں۔ وہ حمل مرد سے مختلف فطرت رکھتا ہے۔ جذبات کی رو میں نہیں بہتا۔ وقتی جوش کے تحت کام نہیں کرتا۔ یہی وجہ ہے کہ ثور مرد جنسی خواہشات کی تسکین کے عمل میں بھی آہستگی سے کام لیتا ہے۔ اور اپنی حمل بیوی کی مرضی کے عین مطابق اس کی خواہش کا احترام کرتا ہے اور

اپنے اس عمل سے اسے خوشی، فرحت، راحت اور سکون بخشتا ہے۔ اسکی جنسی خواہشات کی تکمیل میں عجلت پسندی نہیں ہوتی۔ اس لیے اسکی حمل بیوی اسے پسند کرے گی اور اس سے محبت کرے گی۔ اس طرح آہستہ آہستہ ثور مرد بھی اپنی بیوی سے محبت کرنے لگے گا۔ ثور مرد تبدیلی کو پسند نہیں کرتا اس لیے وہ اپنی بیوی سے محبت کرے گا اور اس سے قطع تعلق پسند نہ کرے گا۔ ثور مرد کافی زیرک ہوتا ہے اور ایک ہی جگہ اپنے قدم مضبوطی سے جما کر رکھتا ہے اور کامیابیاں حاصل کرتا ہے۔ ثور مرد ہر موضوع پر قرینے، ڈھنگ اور سلیقے سے گفتگو کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ وہ آرٹ اور فنون لطیفہ سے بے حد دلچسپی رکھتا ہے اور وہ نفاست اور ذوق جمال میں کسی طرح بھی اپنی حمل بیوی سے پیچھے نہ رہے گا اور اسکی جنسی خواہشات کا احترام سلیقے ڈھنگ اور آرٹسٹک انداز میں کرے گا۔ اس سے محبت بھی حسین طریقے سے کرے گا۔ جس سے اس کی حمل بیوی کو خوشی حاصل ہوگی اور وہ اس کے گن گانے گی۔ بیوی کی عدم موجودگی میں ثور مرد گھر کا سارا انتظام سنبھال سکتا ہے۔ اس میں کھانا پکانے کی صلاحیت بھی ہوتی ہے اور کوکنگ میں اپنی حمل بیوی سے بھی آگے بڑھ جائے گا اور اسکی بیوی بھی اپنے شوہر کے اس جوہر کو دیکھ کر حیران و ششدر رہ جائے گی اور اسے دلی مسرت ہوگی۔

محبت کے جذبے اور جنسی عمل

پروفیسر حافظ نوید احمد رسول چشتی

0300-2879487

۶ اگر حمل عورت کسی جوزا مرد سے شادی کرے تو اسے مزا آجائے گا کیونکہ جوزا مرد اپنی بیوی سے ٹوٹ کر انتہائی شدید محبت کرتا ہے اور جنسی عمل بھی بڑے ڈھنگ سے اور تجربہ کارانہ انداز میں کرتا ہے۔ جس سے حمل عورت کو حقیقی خوشی ملتی ہے۔ حمل عورت بھی اس سے محبت کرے گی۔ اور جوزا مرد اسے اپنی زندگی کا آئیڈیل سمجھے گا اور اس کی محبت میں سرشار رہے گا اس سے بچوں کی طرح محبت کرنے لگے گا۔ اس کے اس پیار بھرے انداز سے اس کے دل کی گہرائیوں میں ایسی پرجوش محبت جنم لے گی جو اپنے اندر ممتا کے جذبے بھی رکھے گی اس کی محبت میں ہمدردی اور شفقت ہوگی۔ کوئی یہ نہ سمجھے کہ جوزا مرد عقل سے کورا ہے۔ وہ ہر طرح دانشمندی اور عقل و شعور رکھتا ہے۔ اور ایک ذہین ترین انسان ہے۔ وہ گفتگو کرنے کا سلیقہ رکھتا ہے۔ انداز میں بات کرنے کی مہارت اور ڈھنگ ہے۔ وہ اپنی حمل بیوی کو ہر طرح خوش رکھے گا۔ اس کی فطرت میں مزاح کا بہترین عنصر بھی شامل ہے۔ لیکن کسی وقت زیادہ ظرافت دکھاتا ہے اور لطیفہ بازی میں طوالت اختیار کرلیتا ہے تو دوسرے اکتاہٹ بھی محسوس کرنے لگتے ہیں۔ بہرحال حمل عورت اسے ایک مثالی شوہر تصور کرے گی۔ چونکہ ان کے درمیان بہت سی دلچسپیاں مشترکہ ہوتی ہیں اس لیے وہ ایک دوسرے سے بہت زیادہ محبت کریں گے۔ جوزا مرد اپنی بیوی کی صفات اور خوبیوں کو تسلیم کرکے ان کی تعریف کرے گا۔ اس قسم کی خوبیاں اور وہ صفات

وہ اپنے اندر بھی رکھتا ہے۔ جو حمل عورت کی فطرت میں شامل ہیں۔ حمل عورت جب کسی کام کا ارادہ کرلے تو اسے نبھا کر ہی دم لیتی ہے۔ اس طرح وہ اپنے شوہر کو بھٹکنے نہ دے گی حالانکہ جوزا مرد ایک جگہ جم کر نہیں رہ سکتا۔ لیکن حمل عورت اسے اپنے عمل کے مطابق کرنے دے گی۔

راہبری

۷ حمل عورت راہبری کرنے کی خواہش شدت سے دل میں رکھتی ہے۔ جدی عورت بھی بڑی تیز، نڈر، باعمل حوصلے اور عزائم رکھتی ہے اسی طرح حمل عورت اس سے بھی آگے ہے۔ حمل عورت جدی عورت سے زیادہ تیز رفتار با حوصلہ اور سخت عزائم رکھتی ہے۔ وہ ایک باعمل خاتون ہے۔ ہر قسم کے چیلنج کو قبول کرکے اس سے مقابلہ کرتی ہے اور اپنے مقاصد میں کامیابی حاصل کرتی ہے۔ اس کے جسم میں سب سے زیادہ مضبوط اور توانا اس کا دماغ ہے۔ وہ ایک بہت ہی اچھا ذہن رکھتی ہے۔ وہ جسمانی طور پر بھی طاقتور اور مضبوط ہے۔ اور طاقت اور ذہن سے کام لے کر کامیابی حاصل کرلیتی ہے۔

کشش

۸ حمل عورت میں ایک خاص قسم کی کشش ہوتی ہے۔ جس کی طرف لوگ کھنچتے ہیں۔ اور اس میں جنسی کشش ہوتی ہے۔ اس کے انگ انگ

سے مستی چھوٹتی ہے اور وہ موسم بہار ان کو بے حد پسند کرتی ہے اور موسم
رعنائیاں ہیں اس کی خواہشات جنم لیتی ہیں اور تکمیل حاصل کرتی ہے۔ اس
کے جنسی اور محبت بھرے جذبے کامیابیاں حاصل کرتے ہیں۔ میں عورت
بیکاری سے محروم ہو جاتی ہے اور رنجیدہ جذبے اس کے دل میں پرورش
پانے لگتے ہیں۔ اور جب وہ کام میں مشغول ہوتی ہے تو خوش و خرم رہتی
ہے اور اپنی خواہشات کی تکمیل کرتی رہتی ہے۔ وہ شوخ سرخ لباس پسند
کرتی ہے۔ اس کے گداز جسم میں ایک خاص جاذبیت ہوتی ہے۔ جو
دوسروں کو اپنی طرف متوجہ کر لیتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ محفلوں میں دوسروں
سے زیادہ اپنے آپ کو نمایاں کر لیتی ہے۔ اس طرح اس میں نفرت کے جذبے
پیدا ہوتے ہیں اور وہ خوشی محسوس کرتی ہے۔ ثور عورت سستی اور کاہلی
کو سختی سے ناپسند کرتی ہے اور وہ مختلف مشاغل میں رہنا پسند کرتی
ہے۔ اس لیے وہ عملی زندگی سے محبت کرتی ہے۔

برج ثور

(TAURUS NO 1)

۲۱ اپریل تا ۲۰ مئی

تعلق برج ثور نمبر ۲ شمسی نظام کا دوسرا برج

ثور مرد (TAURUS MAN) وہ کہلاتا ہے۔ جس کا تعلق برج سے ہو اسے نظام شمسی میں دوسرا برج کہتے ہیں۔ ۲۱ اپریل تا ۲۰ مئی جو مرد عورت پیدا ہوتے ہیں ان کا تعلق برج ثور سے ہوتا ہے۔ نشان سانڈ ہے۔ عنصر مٹی رکھتا ہے۔ حاکم سیارہ زہرہ ہے۔ خوش بختی کا عدد ایک اور نو ہے۔ سعد پتھر نیلم ہے۔ مبارک دن جمعہ رکھتا ہے۔ اس کا موافق رنگ نیلا ہے اور خیالات میں ظاہر کرتا ہے۔

ثور مرد اور عورت سانڈ کی سی نجابت رکھتے ہیں۔ ان کا عنصر چونکہ مٹی ہے، اس لیے یہ مٹی سے زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں۔ حاکم سیارہ زہرہ ہے اس لیے ان پر زہرہ کے اثرات مرتب ہوتے رہتے ہیں۔ خوش بخت کا ہندسہ ایک اور تو ہے۔ اس لیے یہ قسمت آزمانے کے لیے اگر ایک اور نو کا ہندسہ استعمال کریں تو اکثر انہیں کامیابی اور خوش نصیب حاصل ہو سکتی ہے۔ ان کا سعد پتھر نیلم ہے۔ سعد پتھر نیلم انگلی میں پہننے سے ان کے بگڑے کام سنور سکتے ہیں۔ اور ان پر ترقی کی راہیں کھل سکتی ہیں۔ مبارک دن جمعہ رکھتے ہیں۔ جمعہ کے دن جو کام یہ کریں گے انہیں کامرانی اور راحت نصیب ہو گی۔ نیلا رنگ ان کے لیے موافق ہے۔ نیلے رنگ کا لباس پہن کر انہیں اطمینان و مسرت حاصل ہو گی۔ اس لیے یہ آسمان اور سمندر کا نیلا پن پسند کرتے ہیں۔

جنسی خواہشات

برج ثور کا عنصر چونکہ مٹی ہے، اس لیے اس سے تعلق رکھنے والا فنون لطیفہ، ادب آرٹ اور قدرتی نظاروں سے دلچسپی رکھے گا۔ اسے ان سے لگاؤ ہو گا۔ چونکہ ثور مرد پر سیارے زہرہ کا اثر غالب ہوتا ہے۔ اس لیے اس قسم کے اس کے جذبے زیادہ بڑھتے ہیں۔ اور ان سے اسے گہری دلچسپی ہوتی ہے۔ ثور مرد موسم بہار کو پسند کرتا ہے۔ جب ہر طرف سبزہ ہرا نظر آئے اور پھول کھلے ہوئے ہوں تو اس کے دل میں

خوشبوؤں میں بسے جذبے انگڑائیاں لینے لگتے ہیں اور یہ مسحور ہو کر اپنی جنسی خواہشات کی تکمیل کے لیے بے چین ہو جاتا ہے۔ اس کے دل میں بہار کے موسم میں شدت سے جنسی تمنائیں مچلنے لگتی ہیں اور ہیجان سر ابھارتے ہیں۔ اگر اسے اچھا ساتھی مل جائے تو وہ اپنی جنسی خواہشات کی تکمیل کرتا ہے اور خوشی اور راحت محسوس کرتا ہے موسم بہار اسے کیف اور سرور بخشتا ہے اور وہ کیف کے عالم میں سرمستیوں کو محسوس کرتا جنس مخالف کی موجودگی سے حظ حاصل کرتا ہے اور ایک سرشار کر دینے والی نئی لذت اپنے دل میں محسوس کرتا ہے اور مستیوں میں ڈوبتا چلا جاتا ہے اور جنسی جذبے اس کے دل کی دیواروں میں شدت اور تیزی سے سرسرانے لگتے ہیں۔

ثور مرد سفر میں جنسی تمنا محسوس کرتا ہے

ثور مرد فن سے کوئی فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔ وہ محض فن کو برائے فن نہیں جانتا۔ بلکہ کسی فن کو حاصل کر کے اس سے استفادہ کرنے کی خواہش رکھتا ہے۔ وہ اپنے فن سے اس لیے کام لیتا ہے کہ اس کے فن سے دوسرے انسانوں کو فائدہ حاصل ہو اور اسے مدد ملے۔ ثور مرد چونکہ قدرتی مناظر کو پسند کرتا ہے۔ اس لیے وہ خوبصورت سرسبز اور شاداب علاقوں کی دید کے لیے گھومتا ہے اور ایسا سفر کرتا ہے اس خوبصورت اور حسین سفر کے لیے تلاش کرتا ہے۔ جو

خود بھی دلفریب اور دلکش ہو۔ اس ساتھی کے ساتھ وہ لطف محسوس کرتا ہے اور اس کے ذہن میں قدرتی مناظر کو دیکھ کر جنسی تمنا سر ابھارتی ہے اور وہ قدرت کے حسین مناظر سے محظوظ ہو کر خود بھی لطف اور مزا حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اپنی تمنا کا اظہار وہ اپنے ساتھی پر کرتا ہے۔ چونکہ اس کا ساتھی بھی اس قسم کی خواہش رکھتا ہے۔ تو ان خواہشات کا ملاپ انہیں تسکین بخشتا ہے۔ اور ان کا سفر انتہائی خوشگوار گزرتا ہے۔

جنسی پہلوتہی

عـ۲ ثور مرد کسی وقت غلطی بھی کر جاتا ہے۔ اور وہ سفر میں اپنے لیے ایک ساتھی ایسا چن لیتا ہے جس کی حس ذوق جمالیات سے خالی ہوتی ہے۔ وہ اس کے لیے بڑا بے کیف ساتھی ثابت ہوتا ہے۔ حسین مناظر دیکھ کر جب ثور مرد کے دل میں جنسی خواہشات انگڑائیاں لے کر بیدار ہوتی ہیں تو اس کا ساتھی اس کے اس جذبے کی قدر نہیں کرتا۔ اور اس کی طرف سے غفلت برتتا ہے۔ اس طرح ایک ثور مرد زبردست اکتاہٹ اور بیزاری کا شکار ہو جاتا ہے اور اس میں جنسی پہلوتہی پیدا ہو جاتی ہے اور وہ جنسی خواہش کی تکمیل کے لیے تیز ہوتا ہے اس سے اتنی ہی کوفت محسوس کرتا ہے۔ اس طرح وہ اپنے سفر کو ختم کر کے واپس آ جاتا ہے اور اپنے شہر کے پارکوں

سرسبز میدانوں، دریائے کنارے یا سمندروں کے ساحل پر چہل قدمی کر کے اپنے جمالیاتی حس کی تسکین کر لیتا ہے۔ اس طرح اس کی قدرتی مناظر کی دید کی خواہش پوری ہو جاتی ہے اور اس کے دل ذوق کو کچھ سکون مل جاتا ہے۔

جنسی تسکین میں سرشاری

عـ۵ ایک ثور مرد اپنے حسین ساتھی کو اس صورت میں پسند کرتا ہے اس کی جنسی خواہشات کو تیزی اور شدت سے سمجھے اور انہیں خوشی خوشی قبول کرے۔ یہی جنسی تسکین میں سرشاری پیدا کرے۔ ایسے ساتھی کے لیے ایک ثور مرد اپنی جان بھی دے سکتا ہے وہ اس طرح اپنے ذوق جمالیات کو درست اور صحیح زاویوں سے دیکھتا ہے اور خوشی اور راحت محسوس کرتا ہے۔

ثور مرد اپنے معمولات میں تبدیلیاں پسند کرتا ہے

ایک ثور مرد اپنے معمولات میں تبدیلیاں پسند کرتا ہے لیکن جنسی معاملے میں وہ اس وقت تبدیلی کرے گا۔ جب اس کی جنسی خواہش کی پذیرائی نہ ہوگی۔ اس کی سرشارانہ انداز میں تسکین نہ ہوگی۔ اس لحاظ سے وہ اپنی بیوی کو چھوڑ کر دوسری طرف بھی توجہ کر سکتا ہے۔ دوسری صورت میں وہ یہ اقدام کبھی نہ اٹھائے گا۔

زہرہ سیارہ محبت پر کس طرح اثر انداز ہے

زہرہ سیارہ علم نجوم کی رو سے محبت اور عیش کی زندگی کہلاتا ہے اور حسن کارانہ قوتوں اور صلاحیتوں کی نمائندگی کرتا ہے۔ آرام طلبی، حسن جمالیات اور مادی نعمتوں سے لطف اندوزی اس کی خاصیت ہے زہرہ کو محبت کی دیوی بھی کہا جاتا ہے۔ محبت کی دیوی کا یونانی نام افروڈائٹ تھا۔ زہرہ ایک زنانہ مند سیارہ ہے۔ اور چاند کی طرح اس میں نسوانی خاصیت ہے۔ زہرہ انسان کی لطیف حیات کا حکمران سیارہ ہے۔ زہرہ سے تعلق رکھنے والا متلون مزاج نہ ہوگا اور نہ اس میں عزم کی پختگی ہوگی۔

محبت، سیارہ زہرہ اور برج ثور

ثور مرد اگر اس وقت پیدا ہوا تھا جب زہرہ برج ثور میں تھا تو ایسا آدمی محبت کے لیے الگ انداز اختیار کرتا ہے اور اس کی محبت قسم کی ہوتی ہے۔ وہ محض جنسی تسکین کے لیے محبت کرتا ہے۔ یونان کا ماہر علم نجوم سابیال کہتا ہے کہ ایسا آدمی محبت کے مفہوم کو سمجھتا ہی نہیں۔ اس کی محبت میں کمزوری اور مطلب پرستی شامل ہوتی ہے۔ اگر محبت کی شادی صرف دولت حاصل کرنے کے لیے کرتا ہے تو بھی اس میں اسکی غرض شامل ہوتی ہے۔ مگر وہ اپنے تدبر اور فراست سے اچھی

زندگی گزار سکتا ہے۔ اور اس طرح وہ خوشحالی حاصل کر لیتا ہے۔ برج ثور دولت اور ملکیت کا برج ہے۔ جو لوگ زہرہ اور ثور کا ملاپ رکھتے ہیں۔ وہ بہتر ازدواجی زندگی گزارتے ہیں۔ زہرہ اور ثور کے ملاپ پر پیدا ہونے والے محبت میں عملی انداز اختیار کرتے ہیں۔ اس طرح انکی زندگی مثالی نہ بھی گزرے مگر ان کی ازدواجی زندگی پر سکون اور خطرے سے باہر گزرتی ہے۔

ثور مرد کس پیشے کو بہتر سمجھتا ہے

اداکاری، صحافت، اچھا بزنس، جائداد کا لین دین، بیلسز مین بننا، اس قسم کے پیشے ثور مرد پسند کرتا ہے۔ اور ان پیشوں کو اختیار کر کے وہ دولت کما سکتا ہے۔ بہرحال ثور مرد دولت کمانے کا فن جانتا ہے

ثور مرد کو کس قسم کی بیماریاں شکار کر سکتی ہیں

گردے کا درد اسہال کی بیماری، سنگ گردہ، عارضہ قلب، گنٹھیا اور دماغی شریانوں کا مرض بھی لاحق ہو سکتا ہے

ثور عورت

(TAURUS WOMAN)

تعلق برج ثور نمبر ۲ نظام شمسی کا دوسرا برج

(TAURUS NO 2)

برج ثور نمبر ۲

ثور عورت وہ کہلاتی ہے جس کا تعلق برج ثور (TAURUS) سے ہو۔ اسے نظام شمسی کا دوسرا برج کہا جاتا ہے۔ ۲۱ اپریل تا ۲۰ مئی کی تاریخوں میں پیدا ہونے والی عورت ثور کہلاتی ہے۔ اور ان کا تعلق برج (TAURUS) سے ہوتا ہے۔ برج ثور کا نشان سانڈ ہے۔ عنصر مٹی رکھتا ہے۔ اس کا حاکم سیارہ زہرہ ہے اسے علم نجوم کی رو سے محبت کا سیارہ کہا جاتا ہے۔ خوش بختی کا ہندسہ ایک اور نو ہے۔ اس کا سعد پتھر نیلم ہے۔ جسے انگلی میں پہننا ثور عورت اور مرد کے لیے اچھا شگون ہے۔ مبارک دن جمعہ ہے۔ یہ ثور مرد اور ثور عورت کے لیے خواہشوں اور مرادوں کا دن ہے۔

مبارک رنگ نیلا ہے۔ نیلا آسمانی رنگ استعمال کرنا انہیں خوشیاں بخشتا ہے اور نیلا ہٹوں کا تصور ان کے لیے طمانیت بخش ہوتا ہے اور سکون آمیز ہوتا ہے۔

ثور عورت اور سرطان مرد کا جنسی ملاپ

جنسی خواہش تو ہر مرد اور ہر عورت میں ہوتی ہے۔ اگر ثور عورت کی شادی سرطان مرد سے ہو جائے تو ان کا جنسی ملاپ ایک دھماکہ خیز ہوگا اور دونوں سکون اور فرحت محسوس کریں گے۔ اور ان میں شدید محبت کے جذبے پیدا ہوں گے۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ ثور عورت اپنے سرطان مرد کو سمجھنے میں مشکل محسوس کرے گی۔ وہ اسے اچھی طرح نہ سمجھ پائے گی۔ وہ اندازے لگائے گی کہ اس کا شوہر اس سے راز خفیہ رکھتا ہے۔ وہ اکثر باتیں اس سے چھپا جاتا ہے۔ سرطان مرد اس وقت اپنی بیوی سے بے تکلف ہوگا جب وہ یہ سمجھ لے گا کہ اس کی بیوی اس سے محبت کرتی ہے اور اس کے لیے قابل اعتماد ہے۔ اور جب دونوں ایک دوسرے کو اچھی طرح سمجھ جائیں گے تو ان کی باہمی محبت اور جنسی ملاپ رشک آمیز ہوگا۔ اور ان کی زندگی ایک مثالی زندگی بن جائے گی۔ اور وہ اس بات کو معلوم کر لیں گے کہ ان کے درمیان بہتر عادتیں مشترک ہیں۔ پھر دونوں ایک دوسرے کے لیے قابل ہمدرد بن جائیں گے اور ان کی زندگی پرسکون اور

خطروں سے محفوظ گزرے گی۔ ثور مرد اور سرطان مرد کے خیالات دولت کے معاملے میں ایک جیسے ہوتے ہیں۔ دونوں ہی قرض کو ایک لعنت سمجھتے ہیں اور کسی سے قرض لینا مناسب نہیں سمجھتے۔ وہ ہر ادائیگی وقت پر کرنے کے حق میں ہوتے ہیں۔ وہ کسی قسم کی مالی الجھنوں کو زندگی میں داخل کرنا برا سمجھتے ہیں۔ اس لیے ان کی زندگی سکون سے گزرے گی۔ غرضیکہ سرطان مرد ثور عورت کے لیے اچھا شوہر ثابت ہوگا۔

ثور عورت اور اسد مرد کے ملاپ سے کس طرح کی محبت جنم لے گی؟

اگر ثور عورت کی شادی اسد مرد سے ہو جائے تو یہ بات کچھ عجیب سی ہوگی۔ اسد شوہر اپنی ثور بیوی کی جنسی تسکین تو کر دے گا لیکن اس کے دل میں ایسے جذبے پیدا نہ کر سکے گا جن میں مثالی محبت ہو۔ جین زکن عالمی شہرت یافتہ ماہر علم نجوم کہتی ہے کہ اس صورت میں ثور عورت اور اسد مرد کا نباہ ایک دوسرے سے کمال شکل چڑھ جائے گا۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ دونوں میں کچھ نہ کچھ خاصیتیں اور اوصاف ہیں جس کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کی صحیح سرائی کر سکتے ہیں۔ وہ ایک دوسرے کی ناپسندیدہ باتوں کو نظر انداز بھی کر سکتے ہیں۔ بہرحال دونوں معقول اور سمجھدار انسان ہیں۔ یہی وجہ

ہے کہ ان کے درمیان شدید جذباتی انداز میں کبھی لڑائی جھگڑا نہ ہوگا۔ لیکن دونوں ہی اختیارات کی شدید خواہش رکھتے ہیں۔ اس بارے میں ان میں جھگڑا ہو سکتا ہے۔ اور وہ اس جھگڑے میں ایک دوسرے پر فوقیت لے جانے کے لیے ضد کریں گے۔ کیونکہ وہ زیردست ہونے کو پسند نہیں کرتے۔ ایک ثور مرد خاموش طبیعت رکھتا ہے۔ اس کی بیوی اگر اسے تنگ نہ کرے تو وہ اسے سکون بخشتی ہے تو وہ اسے بری بیوی نہ سمجھے گا۔ اور اس سے اپنی فطرت کے مطابق محبت کرے گا اور اسے پرجوش جنسی ملاپ سے نوازے گا۔ اگر ثور بیوی اپنے ثور شوہر سے چھیڑ چھاڑ کرے گی تو وہ ایک شیر کی طرح بپھر جائے گا اور پھر وہ اس کی ذرا سی بھی پرواہ نہ کرے گا۔ اس لیے ثور بیوی کو چاہیے کہ اس کی خاموش طبع عادت سے فائدہ اٹھائے اور اسے کسی طرح تنگ نہ کرے اور نہ اس سے چھیڑ چھاڑ کرے۔ اس طرح وہ اپنے اسد شوہر کے ساتھ پرسکون زندگی گزار سکتی ہے۔ ایک اسد شوہر ثور بیوی کا اپنے اوپر حکم چلانا پسند نہ کرے گا۔ اگر ثور بیوی یہ چاہے کہ اسے اپنا غلام بنالے یا پابند کر کے رکھے تو یہ اس کی بھول ہوگی۔ بظاہر خاموش طبع نظر آنے والا شوہر ایک دم پرجوش بن جائے گا اور اسے بری طرح جھڑک دے گا۔ اسد شوہر ایک شیر کی طرح ہوتا ہے۔ شیر جنگل کا بادشاہ کہلاتا ہے۔ اسی طرح اسد شوہر اپنی ثور بیوی کو اپنی محکوم سمجھے گا اور اس سے ایک بیوی کی طرح ہی سلوک کرے گا۔ وہ یہ بھی نہ

چاہے گا کہ اسکی ثور بیوی اس پر حکم چلائے یا اسے اپنے زیر رکھنے کی کوشش کرے۔ وہ اپنے گھریلو قواعد و ضوابط خود بنائے گا۔ وہ اپنے معاملات میں ثور بیوی کی مداخلت کسی طرح پسند نہ کرے گا۔ اس کے برعکس ثور عورت بھی کسی کے حکم کی پابند بن کر نہیں رہ سکتی وہ بھی آزادی کو پسند کرتی ہے۔ انا کے مزاج کا یہ ایک جنسی پہلوان کے درمیان ٹکراؤ کا باعث بنے گا۔ بہرحال اگر ثور عورت اور اسد مرد ایک اچھی ازدواجی زندگی گزارنا پسند کریں گے۔ تو انہیں ایک دوسرے کے لیے اپنے کچھ جذبات کو سرد کرنا پڑے گا۔ اور کچھ دو اور کچھ لو کے حساب سے گھریلو زندگی گزارنا ہوگی۔ اس طرح وہ خوشحال مطمئن اور پرسکون زندگی بسر کر سکتے ہیں۔

ثور عورت اور سنبلہ مرد میں جنسی ملاپ اور محبت

ثور عورت اور سنبلہ مرد کا جنسی ملاپ زیادہ اچھا تو نہ ثابت ہو گا لیکن وہ اپنی ثور بیوی کی جنسی تسکین کا باعث بن جائے گا۔ اس وجہ یہ ہے کہ سنبلہ مرد میں جارحانہ انداز نہیں ہوتے۔ وہ سیدھا سادا اور شریف آدمی ہوتا ہے۔ کسی قدر جھجک اس میں پائی جاتی ہے۔ کیرو کہتا ہے کہ سنبلہ مرد گو شدید جنسی جذبوں کو بڑھنے کا رستہ نہ دے گا لیکن اپنی ثور بیوی کو جنسی معاملات میں بھڑکنے نہ دے گا۔ اور اس سے والہانہ انداز میں محبت کرے گا۔ اسکی محبت اس کی ثور بیوی کو جنسی راستے

سے بھٹکنے نہ دے گی۔ اور نہ وہ اس سے جنسی پہلوتہی کرے گی۔ سنبلہ شوہر اس سے بے حد محبت کرے گا لیکن وہ یہ بھی نہ چاہے گا کہ اسکی محبت اس کے لیے کم ہو یا وہ کسی غلط راستے پر چل پڑے۔ اس صورت میں وہ اس سے باز پرس کرے گا۔ سنبلہ مرد ایک با اصول اور ضابطہ پسند انسان ہے۔ اس کا یہ وصف ایک ثور بیوی کے لیے الجھن اور پریشانی کا باعث بنے گا۔ کیونکہ ثور بیوی جارحانہ عزائم اور اقدام کو پسند کرتی ہے۔ اور سنبلہ شوہر اس کے لیے ایک سیدھا سادا انسان ثابت ہوگا بہرحال اگر دونوں ایک دوسرے کو سمجھ لیں تو ایک مثالی ازدواجی زندگی گزار سکتے ہیں۔ سنبلہ شوہر ایک ثور بیوی کے لیے ایک بہترین اور محبت کرنے والا انسان ثابت ہوگا اور اس سے بے پناہ محبت کرے گا۔ سنبلہ مرد باہر سے جیسا نظر آتا ہے۔ ویسا ہی وہ اندر سے زیادہ مضبوط ہوتا ہے۔ اسے کمزور سمجھنے والا غلطی پر ہوگا۔ سنبلہ مرد بزدل نہیں ہوتا۔ وہ ہر قسم کے چیلنج کو قبول کرے گا۔ اور اس کے جواب میں سخت اقدامات کر کے کامیابی حاصل کرے گا۔ وہ مخلص اور وفادار مزاج رکھتا ہے۔ اس لیے آہستہ آہستہ ایک ثور بیوی اسے پسند کرنے لگے گی۔ اس کی یہ خوبی ہے کہ وہ شادی کے بعد کسی غیر عورت کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھے گا۔ ایک ثور بیوی اسے بے حد پسند کرنے لگے گی۔ اور وہ اس کے خلوص اور وفا کی قدر کرے گی اور جنسی ملاپ کو اس کی محبت کے اثر سے تسکین بخش بنائے گی۔ ایک سنبلہ مرد بڑھاپے کی طرف جلدی مائل ہو جاتا ہے

اگر ثور بیوی اس کی صحت کا خیال رکھے گی تو اسے کسی حد تک سنبھال لے گی اور اس کے ساتھ اچھا وقت گزار سکے گی۔ سنبلہ مرد ورزش کو پسند نہیں کرتا اس لیے وہ جلد کمر درد کا شکار ہو جاتا ہے اور جنسی عوامل بھی کمزور پڑ جاتا ہے۔ اسکی بیوی اگر اسے اچھی غذا دے تو اسے کنٹرول کر سکتی ہے۔

ثور عورت عزت نفس کو پسند کرتی ہے

ثور عورت عزت نفس کو پسند کرتی ہے۔ گو اس میں جارحانہ انداز اور آزادی پسندی کی تحریک ہوتی ہے لیکن اس میں شرمیلا پن اور جھجک بھی ہوتی ہے۔ ثور عورت عزت نفس کو پسند کرتی ہے اور اپنا جرم کسی بھی حالت میں کمل پسند نہ کرے گی۔ ثور عورت سلیقہ شعار اور نفاست پسند ہے۔ اس کے گھریلو ماحول میں آرٹسٹک ٹچ نظر آئے گا۔ اور اس کی سلیقہ شعاری اور قرینے کو ظاہر کرے گا۔ اسکی ہر چیز سے نفاست اجاگر ہو گی۔

برج جوزا

(GEMINI NO 3)

۲۱ مئی

تا ۲۰ جون

تعلق برج جوزا شمسی نظام کا تیسرا برج

جوزا مرد (GEMINI MAN) وہ کہلائے گا جو برج جوزا سے تعلق رکھے گا۔ برج جوزا نظام شمسی کا تیسرا برج ہے۔ ۲۱ مئی تا ۲۰ جون کی تاریخوں میں پیدائش رکھنے والے عورت اور مرد جوزا کہلائیں گے۔ اس برج کا نشان جڑواں بچے ہے۔ اس کا عنصر ہوا ہے۔ حاکم سیارہ عطارد ہے۔ سعد پتھر زمرد ہے۔ موافق رنگ بھورا اور نقرئی ہے۔ اس رنگ کے پاس جوزا مرد اور عورت کو سکون بخشتے ہیں۔ مبارک دن بدھ ہے۔ بدھ کے روز جوزا عورت اور مرد جو کام کریں گے وہ ان کے لیے خوش بختی کی علامت بن جاتے اور (۵ ۱۴ ۲۳) خوش

بختی کا دن ہو گا۔ اور ان کا خوش بختی کا ہندسہ ۳ اور ۴ ہے۔ ان دو دنوں میں یہ جو بھی اقدام اٹھائیں گے بہتر ہو گا۔

جنسی عوامل کی خواہش

جوزا مرد میں جنسی عوامل کی تحریک تو پیدا ہوتی ہے لیکن وہ اس کے آگے بے بس نہیں ہو جاتا۔ جوزا مرد زندگی میں مصروف رہنا زیادہ پسند کرتا ہے۔ جب اسے فرصت ہو تو وہ رنگینیوں میں اپنا وقت گزارتا ہے۔ اور اپنی جنسی خواہش کی تکمیل کے لیے ایک ایسا ساتھی چنتا ہے جو اس کی طرح حسین مزاج رکھتا ہو اور اس کا پورا پورا ساتھ دے سکے اور اس کے ساتھ ساتھ چل سکے۔ وہ شاندار ہوٹلوں میں جانا بے حد پسند کرتا ہے شاندار پارکوں میں سیر کے لیے ایک حسین ساتھی کو پسند کرتا ہے۔ بارش کے موسم کو وہ کسی شاندار ہوٹل میں اپنے حسین ترین ساتھی کے ساتھ گزارتا ہے۔ ایسا حسن پسند کرتا ہے جو آنکھوں میں سما کر دل میں اتر جائے۔ جوزا مرد ایک چیز پر اکتفا کر کے نہیں بیٹھ سکتا۔ وہ نت نئی چیزیں دریافت کرتا رہتا ہے۔ اس طرح وہ ایک جگہ رہ کر بھی کام نہیں کر سکتا۔ وہ جگہیں بدلتا رہتا ہے۔ جوزا مرد ہر قسم کے کام میں کامیابی حاصل کر لیتا ہے۔ اس میں ذہانت ہوتی ہے۔ وہ تخلیقی قوت بھی رکھتا ہے۔ وہ اپنی اس طاقت سے کام لے کر بے حد دولت کماتا ہے۔ وہ اپنے آپ پر

کسی قسم کی پابندی قبول نہیں کرتا۔ جنس کے معاملات میں بھی اسے پابندی پسند نہیں۔ اگر آپ کا حسین ساتھی اسے ملاپ کے لیے راغب کرے۔ اگر تو اس کی مرضی شامل ہوئی تو وہ رغبت ظاہر کرے گا ورنہ انکار کر دے گا۔ اسی طرح اگر اس سے کوئی شخص کام لینا چاہے گا تو اس پر کسی قسم کی پابندی عائد نہ کرے گا۔ اور کامیابی حاصل کرے گا۔ اور بڑے بڑے فائدے اٹھائے گا۔ جوزا مرد پر مکمل اعتماد اور بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ وہ دوسروں کے لیے کام کر کے خوشی محسوس کرتا ہے اور انہیں فائدہ پہنچانے کو انسانیت کی معراج سمجھتا ہے۔ اور لگن اور محنت سے کام کرتا ہے۔

محبت کے معاملات

۳ - چونکہ جوزا مرد ایک دیانت دار شخص ہے۔ اس لیے وہ محبت کے معاملات میں ایمانداری سے کام لیتا ہے۔ اس نے اپنا ایک معیار بنا رکھا ہوتا ہے۔ اگر اس کا کوئی حسین ساتھی اس معیار پر پورا اترتا ہے تو وہ اس سے محبت کرنے لگتا ہے۔ اگر وہ اس میں کسی طرح خامی، غلطی یا کوتاہی دیکھتا ہے تو اس سے پرے ہٹ جاتا ہے اور دوسرے ساتھی کی تلاش میں اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ مشہور نجومی کیرو کہتا ہے کہ جوزا مرد کی فطرت کا یہ ایک عجیب سا ہی پہلو ہے۔ خواہ وہ عورت کتنی ہی خوبصورت کیوں نہ ہو۔ اگر وہ اس کے معیار پر پورا نہیں

اترتی تو وہ اس سے آنکھیں پھیرے گا۔ اگر کوئی عورت اس کے معیار پر اترتی ہے تو وہ اس سے ٹوٹ کر محبت کرتا ہے۔ اور اس کے لیے اس کے انداز والہانہ ہوتے ہیں۔ وہ اس کے جذبوں اور وفا کی قدر کرتا ہے۔ اگر وہ عورت اس سے کہہ دے کہ وہ اسے پسند نہیں کرتی تو وہ ذرا بُرا نہ منائے گا۔ اپنی دیانتدارانہ فطرت کی وجہ سے اسے کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائے گا۔ اور ہنسی خوشی اس کی زندگی سے نکل کر خوب تر کی جستجو میں مصروف ہو جائے گا۔ کیونکہ وہ محبت کے معیار کو بہتر سمجھتا ہے۔

جنسی پہلو اور جنسی تسکین

ہے گا۔ جوزا مرد کے لیے جنسی پہلو سطحی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ جنسی جذبے اس کے دل میں نہیں ابھرتے۔ ضرور ابھرتے ہیں اور ان کی تکمیل بھی وہ چاہتا ہے۔ اور جنسی تسکین کا خواہش مند بھی ہوتا ہے لیکن وہ جنسی اقدام اٹھانا اس وقت پسند کرے گا جب اسے اپنی خواہش کے مطابق ساتھی ملے گا اور وہ پرسکون ماحول میں اس کے ساتھ وقت گزارے گا۔ اگر اس کا حسین ساتھی اس کی صحبت کو شدت سے محسوس کرے گا تو ایک جوزا مرد بے حد لطف اور مزا محسوس کرے گا اور پورا پورا جنسی حظ اٹھائے گا اور جنس کے اس حسین اور لذت آمیز پہلو کی کامیابی پر وہ لطف اندوز

ہوگا۔ اس قسم کی خواہش بار بار کرے گا۔ جنسی تسکین اسے مزا دے گی اور وہ اچھے ماحول میں گزارے ہوئے اس حسین اور سرشار کر دینے والے وقت کو ایک یادگار کے طور پر محسوس کرے گا۔ اس کے مزاج میں بے چینی اور متلون ہوتا ہے جو اسے گردش میں رکھے گا اور اس کے اس فطری پہلو کی وجہ سے اس کا حسین ساتھی اسے چھوڑ جائے گا اور گزارے ہوئے لمحات اس کے لیے یادگار بن کر رہ جائیں گے۔ جوزا مرد میں دہرا پن ہوتا ہے اور یہ دوہرا پن اسے اپنی پسندیدہ عورتوں سے دور کر دیتا ہے۔

جوزا مرد کی صلاحیتیں

جوزا مرد غیر معمولی صلاحیتوں کا مالک ہوتا ہے۔ جو عورت اس کی صلاحیتوں کا ایک بار اعتراف کر لیتی ہے تو اس کے گن گانے لگتی ہے مگر وہ اس کی زیادہ پرواہ نہیں کرتا۔ وہ اسے اگر جنسی معاملات میں آگے بڑھانا چاہے گی تو وہ کترا کر نکل جائے گا۔ اگر وہ اس کے جنسی معیار پر پورا اترے گی تو وہ اس سے محبت کرے گا۔ اور جنسی معاملات میں اسکی تسکین کرے گا اور خود بھی پوری طرح لطف اندوز ہوگا۔ مگر زیادہ عرصہ اس کے ساتھ نہ چلے گا۔ پھر وہ کسی اور کی تلاش میں چل کھڑا ہوگا۔

پروفیسر حافظ تنویر احمد رسول چشتی

0300-2879487

جوزا مرد عورت کو متاثر کرنے کا فن جانتا ہے

جوزا مرد چونکہ خوش اخلاق اور ملنسار ہوتا ہے اور بڑے دلکش انداز میں گفتگو کرتا ہے۔ اس کی اس صلاحیت سے عورت جلد متاثر ہو جاتی ہے اور شدت سے اس کی طرف راغب ہو جاتی ہے۔ اگر وہ بھی اس کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ اگر وہ عورت اس کے لیے معیاری ثابت ہوتی ہے تو وہ اس کے ساتھ بے تکلف ہوتا ہے۔ اور اس سے لطف اندوز ہوتا ہے۔ اور اسے شاندار ہوٹلوں میں لے کر جاتا ہے۔ سمندر کے ساحل کی سیر کراتا ہے اور خوبصورت پارکوں میں لیے پھرتا ہے۔ لیکن جب اس کا اس سے دل بھر جاتا ہے تو اسے چھوڑ دیتا ہے۔ وہ عورت پہلے ہی اس کی بے چینی اور متلون مزاجی سے اکتا جاتی ہے اور اس سے نجات پا کر سکون محسوس کرتی ہے۔

جوزا مرد مشکل کا ساتھی ہے

ایک جوزا مرد مشکل میں ساتھ دینا اپنا فرض سمجھتا ہے۔ اگر آپ کا دوست کوئی جوزا مرد ہے تو دیکھیے وہ جوزا مرد مشکل کا ساتھی ہے۔ آپ کا ساتھ ہر مشکل میں دے گا۔ اور آپ کو مفید مشورے دے کر اس الجھن، مشکل اور مصیبت سے نکال دے گا چونکہ آپ اس پر بھروسہ اور اعتماد کریں گے۔ اس لیے اس ذہن میں آپ کی ہر طرح مدد کرے گا اور کبھی آپ کے نقصان کا خواہاں نہ ہو گا۔ اور آپ کو

ہمیشہ مفید مشوروں سے نوازکر فائدہ پہنچاتا رہے گا۔ جوزا مرد کا حلقہ احباب وسیع ہوتا ہے اور وہ ہر وقت دوستوں میں گھرا رہتا ہے مگر پکے دوست وہ چند ہی رکھتا ہے اور ان سے دوستی کو نبھاتا ہے۔

جوزا مرد کونسا پیشہ اختیار کرنا پسند کرتا ہے

تجارت، پرسنل سیکرٹری بننا، اسٹیج گرافر کا پیشہ اختیار کرنا یا ایسے ایسے ادارے بنانا جہاں بنی نوع انسان کی بہبود کے لیے کام کیا جائے۔

جوزا مرد کس بیماری میں مبتلا ہو سکتا ہے

کولہوں اور شانوں میں درد، نیند نہ آنا، پھیپھڑوں کی خرابی، انگلیوں اور جوڑوں میں درد۔ اعصاب کی کشیدگی۔

جوزا عورت

(GEMINI WOMAN)

۲۱ مئی تا ۲۰ جون

تعلق برج جوزا نمبر ۳ نظام شمسی کا تیسرا برج

برج جوزا ۳ (GEMINI NO 3)

جوزا عورت وہ ہوتی ہے۔ جس کا تعلق برج جوزا سے ہو، یعنی وہ Gemini سے متعلق ہو۔ یہ برج نظام شمسی کا تیسرا برج کہلاتا ہے۔ ۲۱ مئی تا ۲۰ جون کی تاریخوں میں جو عورت اور مرد پیدا ہوتے ہیں ان کا برج جوزا ہی ہوتا ہے۔ برج جوزا کا نشان جڑواں بچے ہے۔ یہ عنصر ہوا رکھتا ہے۔ حاکم سیارہ اس کا عطارد ہے۔ اس کے خوش بختی کے ہندسے ۳ اور چار ہیں۔ یہ سعد پتھر زمرد رکھتا ہے۔ اگر زمرد کو انگلی میں پہن لیا جائے تو اس سے تقدیر پر خوشگوار اثر پڑتا ہے۔ اس کا موافق رنگ

جھوٹا اور نفرتی ہے۔ جھوٹا اور نفرتی ناس ہیں کہ جوزا مرد اور جوزا عورت راحت محسوس کرتے ہیں۔ ان کے لیے بدھ کا دن مبارک ہے۔ اور اس مبارک دن جب جوزا مرد اور جوزا عورت کوئی کام شروع کرتے ہیں تو انہیں کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

جوزا عورت دلو مرد سے شادی کر کے کس طرح جنسی تسکین اور محبت حاصل کرتی ہے۔

۲ جوزا عورت اور دلو مرد کا ملاپ گو ہنگامہ خیز ثابت نہ ہوگا۔ پھر بھی دونوں ہی کسی حد تک مطمئن رہیں گے۔ دلو مرد جوزا عورت کی جنسی تسکین کا باعث بن سکتا ہے اور اس سے محبت بھی کر سکتا ہے جوزا عورت دلو مرد کی خواہش کرنا مناسب خیال کرے گی۔ اس کا مزاج بھی اس قسم کا ہوتا ہے جو ایک جوزا عورت کی پسند ہے۔ دلو مرد فطرت کے لحاظ ایک کھلی کتاب کی طرح ہوتا ہے۔ جس سے جوزا عورت بہت کچھ پا سکتی ہے، سیکھ سکتی ہے، حاصل کر سکتی ہے۔ دلو مرد تعاون کا جذبہ رکھتا ہے۔ اس لیے وہ کبھی اپنی جوزا وائف کے کاموں میں نقص نہ ڈالے گا۔ دلو مرد میں اتنا عجب مزود ہوتا ہے کہ وہ خود نمائی کا شکار ہے، اور اپنے آپ کو نمایاں کر کے خوشی محسوس کرتا ہے۔ ماہر علم نجوم محترمہ کلار کہتی ہیں کہ دلو مرد کو جاننا بھی ذرا مشکل ہے۔ کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ کس وقت کونسا قدم اٹھائے گا اور کس وقت کیا کر

گا۔ اور اس کا اگلا اقدام کس قسم کا ہوگا۔ اس میں یہ خوبی ہے کہ وہ کسی سے حسد نہیں رکھتا اور نہ کسی کا نقصان کرتا ہے۔ اور نہ کسی کا بُرا سوچتا ہے۔ اور نہ کسی سے برائی کرتا ہے۔ کسی کو نقصان نہیں پہنچاتا۔ کسی سے دشمنی نہیں خریدتا۔ اور کسی کی مخالفت کو طول بھی نہیں دیتا۔ کسی سے رنج اور جلن نہیں رکھتا۔ جوزا عورت جس طرح حقیقت پسند نہیں ہوتی اسی طرح ایک دلو مرد بھی حقیقت پسند نہیں ہوتا۔ ان میں یہ قدر مشترک ہے۔ جوزا عورت حال میں دلچسپی رکھتی ہے۔ مگر دلو مرد مستقبل کے تانے بانے میں کھویا اور الجھا رہتا ہے۔ دلو مرد میں وقت کی پابندی کا عنصر موجود ہے۔ وہ جب کسی سے وعدہ کرے تو اسے اس حال میں پایۂ تکمیل تک پہنچاتا ہے۔ وہ زندگی کے اس اصول پر کاربند ہے کہ زندہ رہو اور دوسروں کو زندہ رہنے دو۔ کسی کی خوشی نہ چھینو۔ اور نہ کسی کو اپنی خوشی چھیننے دو۔ دلو مرد کے اندر محبت کا فطری جذبہ موجود ہے۔ اس لیے اس کے دوست احباب زیادہ ہوتے ہیں اور اس سے خوش رہتے ہیں۔ لڑائی جھگڑوں اور مخالفت سے ایک دلو مرد میلوں دور بھاگتا ہے۔ اس لیے ایک جوزا عورت دلو شوہر کو پسند کرتی ہے۔ اور اس کی تمنا کرتی ہے اور اس کے ساتھ خوشگوار ازدواجی زندگی گزارتی ہے۔

جوزا عورت اور حوت مرد کا ملاپ جنسی خواہش اور

محبت کیلئے کیسا ہے؟

بمبر ۳۔ جوزا عورت اگر اپنے حوت مرد کی حوصلہ افزائی کرے تو جنسی خواہش میں وہ تکمیل کے مراحل سے گزر سکتا ہے۔ اور اس کے اس تعاون سے اس کے دل میں جوزا عورت سے شدید محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ اس کے گن گانے لگے گا۔ حوت مرد آرام طلب، سست اور کاہل ہوتا ہے۔ عیش و آرام کو بہت پسند کرتا ہے۔ محنت سے جی چراتا ہے۔ تنگ دستی کی زندگی سختی سے ناپسند کرتا ہے۔ لیکن بعض دفعہ وہ سب کو حیران و ششدر کر دیتا ہے اور وہ محنت اور مشقت سے کام کرتا ہے۔ اس کو اس طرح کام کرتے دیکھ کر دوسرے حیران رہ جاتے ہیں۔ وہ لگن اور جوش و خروش سے کام کرتا ہے۔ حوت مرد اگر تجارت شروع کرے تو اس میں شاندار کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ حوت مرد میں جلدی فیصلہ کرنے کی قوت نہیں ہوتی۔ وہ اپنی زندگی میں بھی کوئی فیصلہ جلدی نہیں کر پاتا۔ اسے کتنے ہی برس درکار ہیں فیصلہ کرنے کے لیے۔ وہ اس طرح اپنی زندگی کے بیش قیمت سال فیصلہ کرنے میں گنوا دیتا ہے۔ اور وقت پر لگا کر اڑ جاتا ہے۔ پھر وہ دیکھتا رہ جاتا ہے کہ یہ کیا ہو گیا۔ وقت کی قدر و قیمت جس برج کا مرد بھی جان لیتا ہے وہ زندگی کی کامیابیاں و کامرانیاں حاصل کرتا چلا جاتا ہے اس کا مستقبل شاندار گزرتا ہے اور اسکی ازدواجی زندگی بھی مثالی بن جاتی ہے۔ قسمت مہربان ہو اور اسے ایسی بیوی مل جائے جو اس

کیساتھ تعاون کرے اور ہر شعبے میں اس کی راہنمائی کرے اور اسے زندگی کے میدان میں آگے بڑھنے کی جرأت کرے تو وہ ہر شعبے میں کامیابی اور کامرانی حاصل کرسکتا ہے۔ اور اس کی یہ کمزوری ختم ہو سکتی ہے اور اس قسم کی جرأت کا کام جوزا بیوی با آسانی کر سکتی ہے۔ وہ اسے دھکیل دھکیل کر آگے بڑھائے گی اور اسے کامیابی دلا کر رہے گی۔ اپنی ذمے داریوں سے گریز کرنا، آرام طلب ہونا، مشکلات سے بچنا اور آزمائش میں نہ پڑنا ایک جوزا مرد پسند کرتا ہے۔ اگر جوزا بیوی اس کا خیال رکھے اس کی جنسی ضرورتوں کو پورا کرے، اس سے محبت کرے تو وہ اس کی بات مانے گا اور اس کی خوشیوں کے لیے ہر کام کرے گا۔ اسے کسی طرح خفا نہ ہونے دے گا۔ انتھک محنت کرکے اس کے لیے زندگی کی آسائشیں میسر کرے گا۔ اور اسکی ہر ضرورت کے لیے کوشاں رہے گا اور اسکی خواہشات کا احترام کرے گا۔

جوزا عورت جلد جلد رائیں بدلتی ہے

۲۷۔ جوزا عورت جلد جلد رائیں بدلتی ہے۔ یہ اس کی ڈبل شخصیت کی علامت ہے۔ وہ ڈبل پرسنیلٹی رکھتی ہے۔ ابھی وہ مشرق کی طرف جا رہی ہے تو تھوڑی ہی دیر کے بعد مغرب کی طرف روانہ ہو جائے گی۔ وہ جب کبھی شدید افکار میں گھر جائے تو وہ ایسا اکثر کرتی ہے۔ اور وہ سمجھ نہیں پاتی کہ کدھر کو جاؤں۔ وہ مشکلوں میں پڑ کر غیر حاضر دماغی کا

مظاہرہ کرتی ہے۔ اس کا اظہار یوں کرتی ہے کہ ابھی وہ جس سہیلی سے بات کر رہی ہے تو نام دوسری سہیلی کا لینے لگتی ہے۔ پھر جب اسے اپنی غلطی کا احساس ہوتا ہے تو شرمندہ ہوتی ہے اور مسکرا کر اپنی ندامت کو ٹال جاتی ہے۔ اگر جوزا عورت کو سچی محبت ملے اور جنسی تسکین ملے تو وہ کبھی اپنی راہ نہ بدلے گی۔ جلین ڈکسن کہتی ہے کہ یہ دونوں چیزیں ملنے پر وہ مطمئن اور پرسکون ہو جاتی ہے۔

جوزا عورت ادھوری چیز قبول نہیں کرتی

۲۸۔ جوزا عورت ادھوری چیز قبول نہیں کرتی۔ وہ ادھوری چیز کو قبول کرنا اپنی شان اور آن کے خلاف سمجھتی ہے۔ اس کا نظریہ ہے جب چیز کو حاصل کیا جائے تو مکمل طور پر کیا جائے۔ وہ ایسے مرد کو پسند نہ کرے گی جو اپنی محبت میں کسی دوسری عورت کو بھی شامل کرلے۔ وہ اس مرد سے فوراً کنارہ کش ہو جائے گی۔

جوزا عورت بے بسی کو سختی سے ناپسند کرتا ہے

۲۹۔ جوزا عورت ایسی شادی کو کبھی پسند نہ کرے گی جس میں اسے بے بس بنا دیا گیا ہو وہ بے بسی کو سختی سے ناپسند کرتی ہے۔ وہ ہر کام آزادی سے کرنا چاہتی ہے۔ وہ جانتی ہے کہ دنیا کی ہر چیز ناپائیدار ہے پھر کیوں نہ ان چیزوں سے پورا پورا لطف اٹھایا جائے۔ اسی لیے وہ

چیزوں کا ذخیرہ نہیں کرتی بلکہ انہیں شدت سے استعمال کرتی ہے۔ جوزا عورت محبت بھری جنسی لذتوں سے لطف اندوز ہونا چاہتی ہے اور ہر نعمت کا مزہ چکھنا چاہتی ہے۔ کیونکہ وہ اس لیے سے آگاہ ہے کہ زندگی ایک بار ہی ملتی ہے۔ اس کے بعد موت کے اندھیرے ہوتے ہیں۔ اس لیے وہ زندگی کی روشنی میں انجوائے کرنا بہتر جانتی ہے۔ اگر جوزا عورت کی شادی اس کی مرضی کے منافی ہو جائے تو وہ محبت کے نام پر اپنی آزادی کو کبھی مرنے نہ دے گی۔ جوزا عورت اس قسم کی فطرت رکھتی ہے کہ وہ زیادہ عرصے تک کسی چیز کو اپنے پاس نہیں رکھتی۔ اور وہ اسے بدل دیتی ہے۔ اگر اسے شوہر مرضی کا نہ ملے تو اسے بھی بدل دے گی۔ وہ بوسیدہ لباس پھینک کر نئے لباس خرید لیتی ہے۔ ہر پرانی چیز کو پھینک کر نئی چیز خرید لیتی ہے۔ جوزا عورت گہری محبت اور جنسی تسکین کی دلدادہ ہے۔

پروفیسر حافظ نوید احمد رسول چشتی

0300-2879487

برج سرطان

(CANCER NO 4)

۲۱ جون تا ۲۲ جولائی

تعلق برج سرطان۔ شمسی نظام کا چوتھا برج

برج سرطان نمبر ۴ (CANCER MAN)

۱۔ سرطان مرد وہ کہلاتا ہے جس کا تعلق برج سرطان سے ہو۔ برج سرطان نظام شمسی کا چوتھا برج ہے۔ ۲۱ جون تا ۲۲ جولائی کی تاریخوں میں پیدا ہونے والے مرد و عورت سرطان مرد اور سرطان عورت کہلاتے ہیں۔ ان کا تعلق برج سرطان سے ہوتا ہے۔ سرطان برج کا نشان کیکڑا ہے۔ یہ عنصر پانی رکھتا ہے۔ اس کا حاکم سیارہ چاند ہے۔ اس کے خوش بختی کے ہندسے ۸ اور ۳ ہیں۔ ان ہندسوں

کی وجہ سے سرطان مرد اور سرطان عورت جو کام کریں گے اس میں کامیابی حاصل کریں گے۔ برج سرطان کا سعد پتھر موتی اور موون سٹون ہے۔ اسے انگلی میں پہننے سے خوشیاں ملیں گی اور کامرانیاں حاصل ہوں گی۔ اس کا موافق رنگ پیلا اور سفید ہے۔ اس قسم کے ملبوسات پہننے سے انہیں خوشی حاصل ہو گی اور وہ انجانی سی مسرت محسوس کریں گے۔ مبارک دن جمعہ ہے۔ جمعہ کے روز جس میدان میں یہ قدم رکھیں گے آگے ہی آگے بڑھتے چلے جائیں گے اور ترقی ملے گی۔

جنسی عمل کی خواہشات

نمبر۲۔ سرطان مرد کے دل میں جنسی عمل کی خواہشات اس وقت شدت سے سر ابھارتی ہیں جب اسے شدید محبت کرنے والی عورت مل جائے۔ ایسی عورت کو پا کر ایک سرطان مرد خرمست بن جاتا ہے۔ اور جنسی حظ حاصل کرتا ہے۔ وہ اس لذت کو دنیا کی سب سے بڑی نعمت سمجھتا ہے اور اس میں گم رہتا ہے۔ سرطان مرد بہترین محبت کے ساتھ اچھا کھانا پسند کرتا ہے۔ اور وہ فطری طور پر کھانے کا شوقین ہے۔ اس لیے بسیار خور بن جاتا ہے۔ کیونکہ سرطان غذائیت افزائش اور مشروبات کا برج ہے۔ اور لذت کی علامت ہے۔ ہم یہاں جلین ڈکسن کو کورٹ کریں گے۔ وہ کہتی ہے اسی لیے سرطان مرد موٹا ہو جاتا بسیار خوری اسے فربہی کی طرف مائل کر دیتی ہے اور وہ کام و دہن

کا شکار بن جاتا ہے۔ اس طرح ایک سرطان عورت بھی بسیار نوشی کرتی ہے اور اس کا حسن ماند ہو جاتا ہے۔ سرطان مرد سلیقہ مند ہوتا ہے وہ کھانے میں بھی سلیقے اور نفاست کا خیال رکھتا ہے۔ اور دستر خوان پر اس طرح کا اظہار نہیں کرتا جیسے دوسرے کرتے ہیں۔ اس طرح وہ محبت اور جنسی مراحل میں بھی نفاست، طریقے اور سلیقے سے کام لیتا ہے۔ اسی لیے سرطان مرد کی بیوی اسے اچھا شوہر سمجھنے لگتی ہے۔ وہ کسی بھی جگہ اخلاقی آداب کو نظر انداز نہیں کرتا۔ کھانے کی میز پر اخلاق اور آداب کا خیال رکھتا ہے۔ اور ایک قرینے سے کھانا کھاتا ہے۔ اس طرح وہ عورت سے بھی پیار و محبت ایک سلیقے اور قرینے سے کرتا ہے۔

سرطان مرد پریشان رہتا ہے

نمبر۳ سرطان مرد اپنے مستقبل کے بارے میں پریشان رہتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ اس کا مستقبل شاندار اور ہر خطرے سے پاک ہو۔ اس قسم کی فکر سے گھبرا کر وہ بعض دفعہ غلط راستوں پر بھی چل کھڑا ہوتا ہے مگر اس کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ کسی جرم میں نہ پھنسے۔ ایک سرطان مرد نفسیاتی لحاظ سے ایک ڈھیلا ڈھالا مرد ہے۔ بعض نجومی اسے تعیش پرست، سست، کام چور اور آرام طلب خیال کرتے ہیں۔ رچرڈ ماہر علم نجوم کہتا ہے کہ یہ بات نہیں ہے۔ ایک سرطان مرد اگر

پروفیسر حافظ تنویر احمد ریول چشتی

0300-2879487

کسی ٹھیک راستے پر چل پڑے تو انتہائی محنت اور لگن سے کام کرتا ہے۔ اکثر سرطان مردان ہی خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں۔ البتہ اگر کوئی سرطان مرد منفی راہ اختیار کرلے اسے آپ سست کاہل، کام چور اور عیش پسند کہہ سکتے ہیں۔ لیکن ایسے مردوں کی تعداد کم ہوتی ہے زیادہ تر سرطان مرد محنتی اور جدوجہد کرنے والے ہوتے ہیں۔ اور کسی بھی طرح اپنے مستقبل کو تابناک بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ شدید محبت اور جنسی لطف اندوزی کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ بہرحال ایک سرطان مرد سلیقہ مند اور مہذب ہوتا ہے۔

سرطان مرد ہنسی مذاق کو پسند کرتا ہے

ایک سرطان مرد ہنسی مذاق کو پسند کرتا ہے۔ اور محفلوں میں لطیفہ گوئی کرکے محفلوں کو زعفران زار بنا دیتا ہے۔ اس میں ظرافت کی لطیف حس ہوتی ہے۔ اس لیے وہ اس سے کام لے کر دوسروں کے لیے ہنسی اور خوشی کا باعث بنتا ہے۔ اور اس کا ذوق ظرافت اسے ہر محفل میں نمایاں کرتا ہے۔ اور سب کی توجہ اس پر ہو جاتی ہے۔ وہ دوسروں کو لطیفے سنا سنا کر خود بھی اس طرح اپنی تفریح طبع کا سامان کرتا ہے اس کے لطیفوں کو لوگ کافی عرصے تک یاد رکھتے ہیں۔ سرطان مرد اپنے دسترخوان پر ایک ہی کھانے پر اکتفا نہیں کرتا۔ بلکہ مختلف قسم کے کھانے سجاتا ہے۔ اور انہیں کھا کر لذت اور خوشی محسوس کرتا

ہے۔ ایک سرطان مرد ذہین ہوتا ہے۔ اور اس کا حافظہ بھی بے حد تیز ہوتا ہے۔ سرطان افراد جب کسی سے باتیں کرتے ہیں تو اپنے حافظے سے مدد لیتے ہیں۔ اور ایسی ایسی شاندار باتیں وہ اسے سناتے ہیں کہ ان کی اس سلیقہ مند گفتگو سے دوسرے لوگ بہت متاثر ہوتے ہیں۔ ان کے باتیں کرنے کا انداز بڑا ہی دلکش ہوتا ہے۔ کھانے جیسے مرچ مصالحے اپنی گفتگو میں لگا کر وہ لوگوں کو متاثر کر لیتے ہیں اور دوسرے لوگوں سے باتیں کرکے خوش ہوتے ہیں۔ وہ چٹکلوں اور لطیفہ گوئی کی وجہ سے محفل کے دل لوٹ لیتا ہے۔ ایک سرطان مرد کی خواہش ہوتی ہے کہ لوگ اسے زیادہ سے زیادہ پسند کریں۔ وہ اپنے آپ کو نظر انداز کیا جانا پسند نہیں کرتا۔ اس بات سے وہ پریشان ہو جاتا ہے۔ اور پھر کچھ عرصہ تک کے لیے گوشہ نشینی اور خلوت اختیار کر لیتا ہے۔ بعض اوقات تو وہ اتنا برا محسوس کرتا ہے۔ اس حلقہ احباب کو ہی بدل دیتا ہے۔ جس میں اسے نظر انداز کیا گیا ہو۔ اور ایسی محفل ڈھونڈ لیتا ہے جہاں اسے پسند کیا جائے اور اس پر توجہ دی جائے۔

ایک سرطان مرد کیسی محبت چاہتا ہے؟

سرطان مرد چونکہ اپنے آپ کو نظر انداز کیا جانا پسند نہیں کرتا اسی لیے وہ محبت میں بھی ایسا ہی قدم اٹھاتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس پر بھرپور توجہ دی جائے اور اس کی محبت کو شدت سے قبول کیا جائے اور اسے

پسند کیا جائے۔ اگر وہ محبت میں ذرا بھی کمی محسوس کرے گا تو اس محبت کو فوراً چھوڑ دے گا۔ وہ ہر معاملے میں توجہ کا مرکز بننا چاہتا ہے۔ وہ یہ کبھی نہیں چاہے گا کہ کوئی حسین ساتھی اس سے سطحی محبت کرے اور اسے کچھ دنوں کے بعد نظر انداز کر دے۔ اس طرح وہ اس سے جنسی روابط بڑھانے میں ناکام رہے گا۔ ہیرلڈ امریکہ کا شہرہ آفاق نجومی کہتا ہے کہ سرطان مرد بااخلاق ہوتا ہے۔ اسے کسی کی کج روی یا بداخلاقی سختی سے ناپسند ہے۔ وہ اس قسم کی غلطیوں کو یکسر فراموش کر دیتا ہے وہ وہاں جاتا ہے جہاں اس کی پذیرائی ہو۔ اور وہ شادی کے لیے ایسی عورت کو پسند کرے گا جو محض اس کی طرف توجہ دے گی۔ اور اس سے ٹوٹ کر محبت کرے گی۔ اگر اسے اس قسم کی عورت مل جائے تو اسے وہ اپنی خوش قسمتی تصور کرے گا۔ اور اس سے خود بھی بے انتہا محبت کرے گا اور اسکی ضروریات کا خاص طور پر خیال رکھے گا۔ جنسی عمل میں وہ اسکی خواہشات کا خیال رکھے گا۔ اور اس کے ساتھ ساتھ خود بھی لطف اندوز ہو گا۔ وہ تشدد آمیز ماحول میں جنسی عمل کو پسند کرتا ہے۔

سرطانی مرد ضدی ہوتا ہے

سرطان مرد ضدی طبیعت رکھتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ اسکی ہر بات مانی جائے۔ اور اس کے حکم سے سرتابی نہ کی جائے۔ اس کا حکم نا مانے اگر کوئی اس کی بات نہیں مانتا یا اس کا حکم ماننے سے انکار کر دیتا ہے

تو وہ دل برداشتہ ہو جاتا ہے۔ اور اپنی ضد کو کسی نہ کسی طرح پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ خواہ اس کے لیے اسے کچھ بھی کیوں نہ کرنا پڑے۔ جہاں وہ دیکھتا ہے کہ اس کی بات کسی طرح بھی تسلیم نہیں کی گئی تو بے بسی اور بے چارگی سے اسکی آنکھوں میں آنسو آ جاتے ہیں۔ سرطان عورت تو ایسی کیفیت میں زور زور سے رونے لگتی ہے۔ وہ اپنے بچوں پر حکم چلانا پسند کرتی ہے۔ جب بچے حکم نہیں مانتے تو سسکیاں لے کر رونے لگتی ہے۔

(CANCER WOMAN)

سرطان عورت

۲۱ جون تا ۲۲ جولائی

تعلق برج سرطان ۔ نظام شمسی کا چوتھا برج

سرطان عورت اسے کہا جاتا ہے جو برج سرطان سے متعلق ہو۔ یعنی اس کا برج سرطان ہو۔ یہ برج نظام شمسی کا چوتھا برج کہلاتا ہے۔ ۲۱ جون تا ۲۲ جولائی کی تاریخوں میں جو عورت اور مرد پیدا ہوتے ہیں وہ سرطان عورت اور سرطان مرد کہلاتے ہیں۔ ان کا برج ہر حال میں سرطان برج ہوگا۔ برج سرطان کا نشان کیکڑا ہے۔ اس کا عنصر پانی ہے۔ یہ حاکم سیارہ چاند رکھتا ہے۔ اور چاند کی طرح ٹھنڈا مزاج رکھتا ہے۔ اس کے خوش بختی کے ہندسے آٹھ اور تین ہیں۔ یہ ہندسے اگر سرطان مرد اور سرطان عورت استعمال کریں تو یہ ان کے لیے لکی ثابت ہوں گے۔ سعد پتھر موتی اور مون سٹون ہے۔ انگلی میں پہن لیا جائے تو

خوش بختی کا سمبل بن جاتا ہے۔ موافق رنگ روپہلا اور سفید ہے۔ ان رنگوں کے ملبوسات زیب تن کرنے سے انہیں خوشیوں کا احساس ہوگا۔ مبارک دن جمعہ ہے۔ اس روز جو کام یہ کریں گے اس میں کامیابی اور کامرانی حاصل کریں گے۔

سرطان عورت اور میزان مرد کیسی جنسی خواہش رکھتے ہیں

۲۷۔ ایک سرطان عورت تصورات کی دنیا کو بہتر خیال کرتی ہے۔ اور وہ تصوراتی دنیا میں رہ کر بھی ایک حقیقت پسند عورت ہے۔ بہر حال سرطان عورت ایک میزان مرد کے مقابلے میں زیادہ حقیقت پسند ہے۔ اور اس کی خواہش ہے کہ میزان مرد سے زیادہ سے زیادہ جنسی حظ حاصل کرے اور اسکی محبت اپنے لیے تصور کرے۔ سرطان عورت اپنی محبت کے معاملے میں بے حد ضدی ہوتی ہے۔ اگر وہ یہ جان لے کہ اس کا شوہر کسی دوسری عورت کی طرف مائل ہے تو وہ اپنی ضدی طبیعت کی وجہ سے اس سے خود قطع تعلق کرے گی۔ خواہ وہ کتنی بھی آزادی پسند کیوں نہ ہو۔ وہ والہانہ اور بے لوث محبت کی خواہش رکھتی ہے اور اس کی جنسی خواہش بھی اسی قسم کی ہوتی ہے۔ وہ چاہتی ہے کہ جنسی ملاپ میں وہ ہر طرح جنسی تسکین حاصل کرے۔ اور اس عمل سے اسے خوشی اور مسرت حاصل ہو۔ اگر اسے یہ چیز حاصل نہ ہو تو وہ کبھی اس طرف توجہ نہ دے گی۔ بہر حال میزان مرد اور سرطان

عورت بطور شوہر اور بیوی کے خوش رہ سکتے ہیں۔ میزان مرد ایک عجیب عادت رکھتا ہے۔ وہ اپنی بیوی کا کام اس وقت کرے گا جب وہ تمنا ظاہر کرے گی۔ کیونکہ وہ چاہتا ہے کہ بیوی کی ہر جائز و ناجائز خواہش کو ہر وقت پورا نہ کیا جائے۔ وہ اپنی استطاعت کے مطابق اس کی خواہش کو پورا کرے گا۔ میزان مرد کی بیوی کو یہ توقع ہرگز نہ رکھنی چاہیے کہ اس کا شوہر اس کی ہر بات پوری کرے گا۔ وہ بیوی کو صرف اس کا جائز حق دے گا۔ میزان مرد خوش اخلاق اور ملنسار ہوتا ہے۔ میزان مرد اپنے حلقۂ احباب اور بہترین دوستوں کی محفل کو بے حد پسند کرتا ہے۔ چونکہ سرطان عورت اور میزان مرد فطری طور پر ایک دوسرے سے تضاد رکھتے ہیں۔ اس لیے ایک میزان مرد سے نباہ کرنے میں اسے مشکل پیش آئے گی اور اس کے ازدواجی تعلقات متاثر ہوں گے۔ وہ کچھ اس قسم کا مزاج رکھتا ہے کہ ایک بار تو سرطان بیوی کو یوں لگے گا جیسے وہ اس پر جان نثار کر رہا ہے اور اس سے ٹوٹ کر محبت کر رہا ہے۔ اور اسے جنسی تسکین اور لذت بخش رہا ہے۔ لیکن کبھی اس کا رویہ اس قسم کا ہوگا کہ ایک گھر میں رہتے ہوئے بھی وہ اکیلا ہے۔ جیسے اسے بیوی کی محبت اور جنسی خواہش کی پرواہ نہیں ہے۔ بہرحال آہستہ آہستہ وہ اس کیفیت سے نکل کر معمول پر آجاتا ہے۔ اور اپنی بیوی سے تعاون کرنے لگتا ہے۔ میزان مرد اپنی شخصیت میں ایک خاص قسم کی دلکشی رکھتا ہے۔ اسی دلکشی کی وجہ سے ایک میزان لڑکی یا

عورت تیزی سے اس کی طرف مائل ہو جائے گی اور اس سے شادی کرنے میں فخر محسوس کرے گی۔ وہ تو اسے پسند کرے گی مگر میزان مرد الجھن میں گرفتار ہو جائے گا۔ وہ یہ فیصلہ کرنے میں الجھن کا شکار ہو جائے گا کہ اسے سرطان لڑکی سے شادی کرنی چاہیے یا نہیں۔ لیکن جب وہ شادی کرے گا تو اسے ایک اہم تصور کرے گا۔ اور اس شادی کو ہر طرح نبھانے کی کوشش کرے گا۔ سب سے بڑی خواہش اس کی یہ ہوگی کہ اس کی بیوی اس کی طرف سے خوش و خرم رہے۔ مگر اس کی بیوی اس سے والہانہ انداز میں محبت کرے گی۔ تو وہ اسے اچھی طرح سمجھ نہ پائے گا۔ مگر پھر وہ بھی اس سے محبت کرے گا۔ اور اس سے زیادہ والہانہ جذبوں کا اظہار کرے گا۔

سرطان عورت اور عقرب مرد کا محبت سے لبریز جنسی ملاپ

ایک سرطان عورت عقرب مرد میں دلچسپی لے گی۔ کیونکہ وہ اسے

محبت اور اپنی جنسی تسکین کے لیے بہترین مرد تصور کرتی ہے۔ عقرب مرد پرکشش ہوتا ہے۔ اگر سرطان عورت ایک مرتبہ عقرب مرد سے ملاقات کرے تو اس کی شخصیت کے طلسمی اثر سے آزاد نہ ہو پائے گی اس سے دوری اختیار کرنا اس کے لیے بے حد مشکل ہو جائے گا۔ جب دونوں کی شادی ہو جائے تو یہ رشتہ ان کے لیے صبر آزما بھی بن سکتا ہے۔

عقرب مرد میں ایک خاصیت یہ ہے کہ وہ دب کر نہیں رہتا۔ وہ حسد اور انابت کے جذبے بھی اپنے دل میں رکھتا ہے۔ وہ اپنی بیوی کو ہمیشہ غلط نظروں اور محفلوں سے بچا کر رکھنے کی کوشش کرے گا۔ وہ یہ نہیں چاہے گا کہ ہر کس و ناکس کی بری نظریں اس کی بیوی پر پڑیں۔ یا محفلوں میں جا کر وہ نمایاں حیثیت حاصل کر کے سب سے ملتی پھرے۔ اور محفلوں کی تتلی بن کر رہ جائے۔ ہرگز نہیں۔ وہ کبھی ایسا نہ چاہے گا۔ چونکہ یہ سب باتیں ایک سرطان عورت کے مزاج کے خلاف ہیں۔ اس لیے وہ ایک کربناک جال میں پھنس کر رہ جائے گی۔ اور وہ اپنے آپ کو ایک قفس میں بند ایک بے بس اور لاچار پرندے کی طرح محسوس کرے گی اور تڑپ تڑپ جائے گی۔ ایک عقرب مرد اپنی سرطان بیوی سے کئی ایک اقدار میں مواصلت بھی رکھتا ہے۔ اور یہ مشترک قدریں ان کے لیے ایک سرمایہ ہوں گی۔ سرطان عورت اور عقرب مرد میں یہ قدر مشترک ہے کہ وہ پرجوش محبت کرتے ہیں۔ اور جنسی معاملات میں جوش و خروش کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کا وظیفۂ زوجیت کامیابی سے منزل پر پہنچتا ہے۔ اور ان کے لیے تسکین اور سکون کا باعث بنتا ہے۔ ان کے لیے جنسی ملاپ ایک پرسرور لذت آمیز اور کیف آور شغل بن کر رہ جاتا ہے۔ کبھی کبھی تو ایک عقرب مرد سرطان بیوی کے لیے بہت زیادہ سخت اور وحشی ثابت ہوتا ہے۔ مگر وہ اس کے سخت رویے اور وحشی پن کو لذت آمیز جذبوں کے تحت برداشت کر لیتی ہے اور

ایک نیا کیف و سرور حاصل کرتی ہے۔ عقرب مرد مزاج میں سختی رکھتا ہے اس لیے وہ اپنی سرطان بیوی کی تلون مزاجی کو برداشت نہیں کر سکتا۔ عقرب مرد صاف گو اور منہ پھٹ قسم کا مزاج رکھتا ہے۔ وہ اس معاملے میں اتنی سختی اختیار کر لیتا ہے کہ اسے کہتا ہے۔ اگر تم میرے ساتھ گزارہ نہیں کر سکتی تو اپنے ماں باپ کے گھر چلی جاؤ۔ وہ یہ بات کہنے میں ذرا سی بھی جھجک محسوس نہ کرے گا۔ مگر وہ اسکی وحشیانہ محبت اور جنسی ملاپ کے سرور کی وجہ سے اس کے سخت رویے کو پسند کرے گی۔ عقرب مرد میں ایک خوبی اور خاصیت یہ ہے کہ وہ اپنی اولاد سے بے حد محبت رکھتا ہے اور انہیں والہانہ لگاؤ بخشتا ہے۔ اس کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کی اولاد کسی طرح تنگ نہ رہے۔ اور اچھی زندگی گزارے جس طرح وہ اپنی اولاد سے لگاؤ رکھتا ہے۔ یہی بات وہ اپنی اولاد سے چاہتا ہے۔ اور اسکی اولاد بالکل اسی کی طرح ہو۔ وہ اپنی اولاد سے اچھی امیدیں وابستہ رکھتا ہے۔

سرطان عورت اور قوس مرد کا جنسی ملاپ اور محبت

سرطان عورت قوس مرد کو بمشکل حاصل کر پاتی ہے۔ وہ بڑی جدوجہد سے حاصل ہوتا ہے۔ اگر سرطان عورت اسے پا بھی لے گی تو اس کے ساتھ زندگی بسر کرنا اس کے لیے ایک چیلنج بن جائے گا۔ اور وہ بڑی الجھن اور مشکل محسوس کرنے لگے گی۔ قوس مرد سے شادی کر کے وہ عجیب مخمصوں میں

اٹھ سکتی ہے۔ الجھنوں، کشمکش اور تذبذب کا شکار ہو سکتی ہے۔ قوس مرد ایک آزاد منش انسان ہے۔ وہ اس بات کو کسی حال میں پسند نہ کرے گا کہ وہ اپنی بیوی کا پابند بن کر رہ جائے۔ وہ محبت اور جنسی خواہشات کے معاملات میں بھی اپنی مرضی کرے گا۔ وہ یہ کبھی نہیں چاہے گا کہ اسے جنسی خواہشات اور محبت کی الجھنوں میں پھنسا کر بے دست و پا کر دیا جائے۔ وہ اس طرح گرفتار ہونا کبھی پسند نہ کرے گا۔ وہ طویل عرصہ منصوبے کو سختی سے ناپسند کرتا ہے۔ وہ کسی ایک جگہ جم کر رہنے کو عذاب سے کم نہیں سمجھتا۔ چونکہ وہ ظاہری طور پر پرکشش ہوتا ہے اور اسکی شخصیت کافی متاثر کر دینے والی ہوتی ہے۔ مگر اپنے اندر وہ بالکل بچوں کے سے جذبات رکھتا ہے۔ اور بچوں کی سی حرکتوں کا اظہار کرے گا۔ اور اس کی خواہش ہوگی کہ بیوی ہی اس کی طرف متوجہ رہے۔ مگر وہ خود اس کا پابند رہنا پسند نہ کرے گا۔ اس لیے سرطان بیوی فوراً بھانپ لے گی کہ اس کا قوس شوہر اس کی دیکھ بھال چاہتا ہے۔ اگر وہ یہ اس پر ظاہر کر دے کہ وہ اسکی دیکھ بھال کا محتاج ہے تو وہ فنا ہو جائے گی اور بہت ہی برا محسوس کرے گی۔ بہر حال اجتماعی طور پر ایک قوس مرد اور سرطان عورت کی زندگی خوشگوار ہی گزرے گی۔ قوس مرد ہنس مکھ اور دیانتدار ہوتا ہے۔ اور اسکی محبت میں جارحانہ انداز اور شدت ہوتی ہے۔ اور وظیفۂ زوجیت میں وہ بڑے احسن طریقے سے عہدہ برآ ہوتا ہے۔ اس کا مزاج رومان پسند نہیں ہے۔ مگر وہ پھر بھی اپنی

خوش بختی کا سمبل بن سکتے ہیں۔ سعد پتھر اس کا لعل اور یاقوت ہے۔ اگر پتھروں کو انگلیوں میں پہن لیا جائے تو اس سے ان کی تقدیر پر خوشگوار اثر پڑ سکتا ہے۔ موافق رنگ ہے سنہرا اور نارنجی۔ ان رنگوں کے باس پہن کر اسد عورت بہت زیادہ خوش ہوگی۔ اور یہ رنگ ایک اسد مرد کو بھی مسرت دیں گے اور وہ ان رنگوں سے خوشی اور راحت محسوس کرے گا۔ مبارک دن اتوار ہے۔ اتوار کے روز اسد عورت اور اسد مرد کوئی منصوبہ شروع کر دیں تو ان کا یہ منصوبہ کامیابی سے تکمیل پذیر ہوگا اور ان کے لیے فائدہ مند ہوگا۔

جنسی عوامل کے بارے میں

ہر شخص کی طرح ایک اسد مرد بھی جنسی خواہشات دل میں رکھتا ہے۔ لیکن وہ سستی قسم کی جنسی خواہشات سے دور بھاگتا ہے اور سفلی آرزوؤں کو دل میں جگہ نہیں دیتا۔ وہ ہر چیز کو اپنی مرضی کے مطابق چاہتا ہے۔ کیونکہ شیر جنگل کا بادشاہ ہے۔ اس لیے وہ حکم دیتا ہے۔ مانتا نہیں۔ اسی طرح اسد مرد بھی ہر معاملے میں اپنی مرضی چاہتا ہے۔ اگر اس کا حسین ساتھی اس کی مرضی اور منشاء کے مطابق ہو۔ اور اس کے جذبات میں ہلچل مچائے تو اس سے محبت کرے گا اور اس سے جنسی تسکین کرے گا۔ اسکی محبت اور عوامل میں گرم جوشی ہوگی۔ وہ اپنے حسین ساتھی کے لیے ایک طاقتور مرد ثابت ہوگا۔ ایسا مرد جو اسے

بیوی کو شانل بہت سے نوازے گا۔ ایک قوس مرد اور سرطان عورت خوشگوار زندگی گزار سکتے ہیں۔ بشرطیکہ قوس مرد کی سرطان بیوی اسکی اچھی نگہداشت کرے اور اس کی کوتاہیوں کو معاف کر دے۔

پروفیسر حافظ تنویر احمد رسول چشتی

0300-2879487

برج اسد
(LEO NO 5)

۲۳ جولائی تا ۲۲ اگست

حرف :- م

(LEO MAN)

تعلق برج اسد۔ شمسی نظام کا پانچواں برج

اسد مرد وہ ہے جو اسد برج (LEO) سے تعلق رکھتا ہے۔ برج اسد نظام شمسی کا پانچواں برج ہے۔ ۲۳ جولائی تا ۲۲ اگست کی تاریخوں میں پیدا ہونے والے عورت اور مرد اسد عورت اور اسد مرد کہلاتے ہیں۔ اسد برج کا نشان ببر شیر ہے۔ عنصر آگ رکھتا ہے۔ اس کا حاکم سیارہ سورج ہے۔ خوش بختی کے ہندسے پانچ اور نو ہیں۔ اگر ان ہندسوں کو اسد عورت اور مرد کسی جگہ استعمال کریں تو یہ ہندسے ان کے لیے

پروفیسر حافظ نوید احمد لعل چشتی

0300-2879483

ہر طرح کا تحفظ دیں گے۔ جسے پا کر اس کا ساتھی مطمئن اور پرسکون ہو جائے گا اور وہ ہر طرح کے افکار سے آزادی محسوس کرے گا۔ اپنے دل میں خوشیاں اور انجانی سی مسرتیں ابھرتی محسوس کرے گا۔ وہ اس کے ساتھ خوشی محسوس کرے گا۔ لیکن ایک بات ضرور ہوگی کہ اگر اس کا حسین ساتھی اسد عورت ہے تو ان کے درمیان الجھنیں پیدا ہو جائیں گی۔ مزاج کی ایک جیسی مطابقت سے وہ جلد ہی ایک دوسرے سے اکتا جائیں گے۔ ایک دوسرے کی صحبت سے کنارہ کشی اختیار کر لیں گے۔ اگر اسد مرد کا حسین ساتھی کسی اور برج سے تعلق رکھتا ہے یا اس کا حکم ماننے کو ناگوار نہیں سمجھتا اور اس کی مرضی کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال لیتا ہے دونوں کی زندگی خوشگوار اور مسرتوں سے ہم آہنگ گزرے گی اور دونوں زندگی کا صحیح لطف محسوس کریں گے۔ ان کی محبت پرجوش ہوگی اور جنسی عوامل اور تحریکیں انہیں لذت، تسکین، سکون و اطمینان دیں گی۔ اس طرح وہ زندگی کو کیف آور اور پرمسرور انداز میں بسر کرنے کا موجب بنیں گے اور زیادہ سے زیادہ خوشیوں کے پھول چنیں گے ورنہ بصورت دیگر ان کی زندگی جہنم زار بن کر دو دلوں پر منطبق ہوگی۔

محبت کا انداز

ایک اسد مرد (Leoman) محبت کے انداز بخوبی سمجھتا ہے۔ اور محبت کے مفہوم سے اچھی طرح آگاہ ہے۔ وہ کبھی گھٹیا اور سستی

محبت نہ کرے گا۔ وہ فراخ دل اور بڑے دل گردے کا مالک ہے۔ محبت کے بدلے وہ محبت چاہتا ہے۔ اگر اس کا حسین ساتھی اس کی محبت میں الجھ جائے تو ہمیشہ اسی سے چمٹا رہے گا۔ اور کسی حال میں بھی اس سے جفا نہ کرے گا۔ اذا اس کی بات [illegible] مانے گا۔ اسد مرد دوسرے برجوں کے مردوں سے زیادہ طاقت ور ہوتا ہے اور انتہائی محنت مشقت سے کام کرتا ہے۔ وہ اپنے معاملات میں ایماندار ہوتا ہے۔ اس کی محبت کا انداز بھی دیانتداری پر مبنی ہوگا۔ مگر وہ یہ کبھی نہیں چاہے گا کہ اس کا حسین ساتھی محبت میں کسی قسم کا فریب کرے۔ اس بات سے وہ مشتعل ہو سکتا ہے۔ اور اپنے حسین ساتھی سے قطع تعلق کرکے اسے نقصان سے بھی دوچار کر سکتا ہے۔ جنسی معاملات میں بھی وہ فریق ثانی کی مرضی، خوشی اور رغبت کو ملحوظ خاطر رکھے گا۔ اور چاہے گا کہ وظیفۂ زوجیت سے اسے بھی خوشی اور محبت ملے۔ وہ یہ کبھی نہ چاہے گا کہ اس کا حسین ساتھی جنسی معاملے یا محبت کے انداز میں اس سے بے رخی برتے۔ یہ بات اس کے لیے ناقابل برداشت ہوگی۔ دوسروں کے مقابلے میں ایک اسد مرد کافی طاقتور اور توانا ہوتا ہے۔ اور جنسی معاملات میں بھی وہ طاقت کا مظاہرہ کرتا ہے۔ اور عورت کی تسکین کر جاتا ہے۔ اگر عورت اس سے بھرپور تعاون کرے تو زندگی کی لذت اور بھی راحتیں حاصل کرکے بہترین زندگی گزار سکتی ہے۔

اسد مرد دوستوں سے تعاون کرتا ہے

۶۵۔ ایک اسد مرد دوستوں سے تعاون کرتا ہے۔ اور انہیں مفید مشورے دیتا ہے۔ اگر کسی دوست کو مشورے کی ضرورت نہ بھی ہو۔ تب بھی وہ اسے مشورے دے گا۔ اس کے مشورے خلوص اور ایمانداری پر مبنی ہوتے ہیں۔ اسد مرد دریا دل ہے۔ اسے اپنی طاقت پر زعم ہے۔ اپنی توانائی کو اچھی طرح سمجھتا ہے۔ دوسروں کے کام آتا ہے۔ اگر ایک اسد مرد کسی دوسرے سے کاروبار کرتا ہے تو اس کے ساتھ دیانتداری سے کام کرے گا۔ مگر وہ اس کے دباؤ میں نہ آئے گا۔ وہ ذہنی یا اعصابی دباؤ کو سخت ناپسند کرتا ہے۔ اگر اسے ایسے حالات سے دوچار ہونا پڑے تو بھڑک اٹھے گا اور اس کے معاملات میں مداخلت کرے گا۔ خواہ اسے مداخلت کی ضرورت ہو یا نہ ہو۔ بہرحال اسد مرد دوستوں سے تعاون کرتا ہے۔

شاندار شخصیت

اسد مرد ایک شاندار شخصیت رکھتا ہے۔ اور عورتیں اس کی شخصیت سے متاثر ہو کر اسکی طرف کھنچی چلی جاتی ہیں۔ اور اس کی توانائیوں سے مستفیض ہوتی ہیں۔ اور اس سے جنسی خواہش کو اپنی مرضی کے مطابق پایۂ تکمیل کو پہنچاتی ہیں۔ اس مرد کا ستارہ ہی اس قسم کا ہے کہ اسے ہر جگہ کامیابی حاصل ہوتی ہے اور درشتی ملتی ہے۔ علم نجوم کی نظر میں برج اسد بچوں کا برج کہلاتا ہے۔ اسی لیے ایک اسد مرد

اپنے بچوں سے بے بہا محبت کرتا ہے۔ اور ان کی ضروریات کا خیال رکھتا ہے۔ اپنی جان کی بازی لگا کر بھی وہ ان کے لیے خوشیاں خریدتا ہے۔ اور ان کے مستقبل کے بارے میں فکرمند رہتا ہے۔ اس کی کوشش ہوتی ہے کہ اس کے بچوں کا مستقبل شاندار ہو۔

اسد مرد اپنی سوچ کا انداز مثبت رکھتا ہے

۶۶ اسد مرد اپنی سوچ کا انداز مثبت رکھتا ہے۔ وہ رابطے کا کام بہترین صلاحیتوں کے ساتھ کام لے کر سرانجام دیتا ہے۔ جو عقلمند لوگ ہوتے ہیں وہ ایک اسد مرد کی صلاحیتوں سے خوب خوب فائدہ اٹھاتے ہیں اور دولت اور ترقی سے ہمکنار ہوتے ہیں۔ لیکن اس بات کا خیال رکھا جائے کہ آپ ایک اسد مرد کو حکم نہ دیں۔ کیونکہ وہ یہ نہیں چاہتا کہ کوئی دوسرا اسے حکم دے۔ وہ خود حکم دینا پسند کرتا ہے۔ اسی لیے وہ لیڈر قسم کی شخصیت رکھتا ہے۔ اگر اس سے کوئی فائدہ اٹھانا چاہے تو اس سے عاجزی اور انکساری سے پیش آئے۔ مشورے کی صورت میں اس سے استفادہ حاصل کرے۔ اس طرح وہ آپ کے کام کو بہتر طور پر کرے گا اور آپ کے کام کی کامیابی کے لیے اپنی جان بھی لڑا دے گا۔

ایک اسد مرد ٹھوس ارادے کا مالک ہوتا ہے

۶۷ ایک اسد مرد ٹھوس ارادے کا مالک ہوتا ہے۔ اور اس کے

پروفیسر حافظ نوید الحمد رسول چشتی

0300-2879487

عزائم مستحکم اور بلند ہوتے ہیں۔ وہ ایک بہترین ادیب بن سکتا ہے
تصنیف و تالیف کے کام میں زیادہ کامیاب رہ سکتا ہے۔ تخلیقی کاموں
میں وہ بہترین کارکردگی دکھا سکتا ہے۔ اور وہ اس جگہ اپنی تخلیقی قوتوں
کو آزما سکتا ہے۔ جہاں ان کے لیے وسیع میدان ہو۔ اور وہ اپنی تخلیقی
صلاحیتوں اور خوبیوں کو اچھی طرح اجاگر کر سکے۔ اسد مرد ایک بہترین
منتظم ہے کیونکہ وہ افکار و خیالات کی دنیا سے تعلق رکھتا ہے۔ اسد افراد
میں بہترین تنظیمی صلاحیتیں اور خوبیاں ہیں۔ اسد مرد بہترین افسانہ نگار اور
مضمون نویس بن کر ادب میں ایک نمایاں مقام حاصل کر سکتا ہے۔
اسد مرد معاشرتی ڈرامے کو تخلیقی قوتوں میں ڈھال کر بگڑے ہوئے معاشرے
کو سنبھال سکتا ہے اور اسے سنوار سکتا ہے۔ اسکی خامیوں اور برائیوں
کو دور کر سکتا ہے۔ اور لوگوں کو سوچنے پر مجبور کر سکتا ہے کہ وہ حقائق
پر مبنی خیالات کا اظہار ڈراموں اور افسانوں میں کر سکتا ہے۔ اس میں
اتنی قوت ہے کہ وہ معاشرے کا ڈھانچہ بدل سکتا ہے۔ وہ اپنے مخصوص
نظریات کو اس طرح پیش کر کے انسانوں کے لیے فلاح و بہبود کا کام
بخوبی کر سکتا ہے۔

ایک اسد مرد خطرے کی پرواہ نہیں کرتا

نمبر ۸۔ ایک اسد مرد خطرے کی پرواہ نہیں کرتا۔ لیکن وہ یہ ضرور سوچتا
ہے کہ اس خطرے سے کس طرح نمٹا جائے۔ دانیال نجومی کہتا ہے کہ

یک اسد مرد اپنی دولت اور شہرت کو داؤ پر لگانے سے پہلے اس
کے انجام کے بارے میں ضرور سوچے گا۔ اگر اس کا ذہن اس داؤ کو قبول
کرے گا تو وہ کسی قسم کے خطرے کی پرواہ نہ کر کے آگے بڑھ جائے
گا اور اپنی شہرت اور دولت کو داؤ پر لگا دے گا۔ پھر یہ اسکی قسمت
ہے کہ اسے فائدے یا نقصان میں رکھے۔ بہرحال وہ کامیابی کے امکانات
کا جائزہ لے کر اس قسم کے اقدام اٹھاتا ہے۔ اور زیادہ تر اسے کامیابیاں
ہی حاصل ہوتی ہیں۔

حسنِ سلوک

نمبر ۹۔ اسد مرد اپنے لوگوں سے حسن سلوک سے پیش آتا ہے۔ وہ
اس کا سلوک حسن سلوک دوستوں کے لیے بہترین ہوتا ہے۔ وہ اپنی
زندگی میں حق دوستی کو بڑی اہمیت دیتا ہے۔ سرطان مرد کی دوستی
کے مقابلے میں اسد مرد کی دوستی قابل اعتماد اور اچھی ہوتی ہے۔ وہ
ایک دوست سے دریا دلی اور کشادہ دلی سے پیش آتا ہے۔ مگر اس کے
لیے ایک اسد مرد پختہ اسد مرد ہونا چاہیے۔ جو اسد مرد ناپختہ ہوتے
ہیں وہ دوستوں کی پرواہ نہیں کرتے اور دوستوں پر رعب بھی جماتے
ہیں۔ اور وہ زیادہ دیر تک کسی کو دوست بنا کر نہیں رکھ سکتے۔ ایک مکمل
اسد مرد بھی بسا اوقات دوستی کی شدت اور مبالغے سے کام لے کر
اپنی دوستی کو داغدار کر سکتا ہے۔ خواہ اس کی نیت نیک ہو اور اس
کے مفاد میں ہی کیوں نہ ہو۔ اسے اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ

پروفیسر حافظ نوید احمد رسول چشتی
0300-2879487

مناسب طریقے پر دوستی کرنا ہے۔ اسد مرد بہرحال کوشش کرتا ہے کہ جس کو وہ دوست بنا رہا ہے اس کی طرح فیاض دریا دل اور کشادہ دل ہے۔ ایسے دوست کو اپنی دوستی دے کر ایک اسد مرد خوش ہوتا ہے۔ اور چاہتا ہے کہ اس طرح دوسرے دوست بھی اس کی دوستی کا احترام کریں۔

اسد مرد کے پیشے

اعلیٰ عہدوں پر فائز ہونا، فلمسازی اور فنون لطیفہ سے تعلق رکھنا، اس کے لیے ڈرامہ سازی کے شعبے، نفسیات کے شعبے، تصنیف و تالیف کے علاوہ سماجی بہبود، سیاحت، دستکاری اور اشتہارات کے شعبے مفید ہیں۔

بیماریاں

گلے اور حلق کی بیماریاں، گنٹھیا، ریڑھ کی ہڈی کی تکلیف، گھٹنوں کا درد، شانے کا درد، تیز قسم کا بخار بھی اسد مرد کو ہو سکتا ہے۔

پروفیسر حافظ تنویر احمد ریول چشتی

0300-2879487

اسد عورت

(LEO WOMAN)

۲۳ جولائی تا ۲۲ اگست

تعلق برج اسد، یہ نظام شمسی کا پانچواں برج ہے

برج اسد

علم اسد عورت وہ کہلاتی ہے جس کا تعلق برج اسد LEO سے ہو۔ برج اسد نظام شمسی کا پانچواں برج ہے۔ ۲۳ جولائی تا ۲۲ اگست میں پیدائش رکھنے والے عورت اور مرد اسد عورت اور مرد کہلاتے ہیں۔ اور ان کا برج اسد ہی ہوتا ہے۔

برج اسد کا نشان ببر شیر ہے۔ عنصر آگ رکھتا ہے۔ اور آگ کی طرح مزاج بھی رکھتا ہے۔ حاکم سیارہ اس کا سورج ہے۔ اس لیے اس میں شمسی طبیعت کا میلان بھی ہے۔ خوش بختی کے ہندسے اس کے ۵ اور ۹ ہیں۔ یہ ہندسے ان کے لیے خوش بختی کی علامت ہیں۔ ان سے کام لے کر یہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ موافق رنگ سنہرا اور نارنجی ہے۔ اسد عورت اس رنگ کے ملبوسات زیب تن کر کے ایک راحت، سکون، طمانیت اور خوشی محسوس کرے گی۔ مبارک دن اس کا اتوار ہے

اتوار کو اسد عورت اور اسد مرد جو کام کریں گے اس میں انہیں ترقی اور کامیابی حاصل ہوگی۔ سعد پتھر لعل اور یاقوت ہیں۔ انہیں انگلی میں پہن کر فائدہ ہوگا۔

اسد عورت اور میزان مرد میں محبت کا تعلق اور جنسی جذبات

اسد عورت اور میزان مرد ایک دوسرے سے محبت کر سکتے ہیں اور جنسی جذبوں کی تسکین بھی کر سکتے ہیں۔ لیکن ان کے ملاپ میں اکثر رکاوٹیں حائل ہو سکتی ہیں۔ ان کے درمیان عدم تحفظ اور ناخوشگوار ماحول پیدا ہو سکتا ہے۔ اگر دونوں کی شادی ہو جائے تو اسد عورت اور میزان مرد کچھ الجھنوں میں گرفتار ہو سکتے ہیں اور ان کا ملاپ پیچیدگیوں کا شکار ہو سکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میزان مرد رل پھینک قسم کا مزاج رکھتا ہے اور خوش اخلاق ہوتا ہے۔ اسکی طبیعت آزادی پسند ہے۔

ایک میزان مرد بحث مباحثوں، جھگڑوں اور تکرار و تصادم سے دور رہتا ہے۔ میزان مرد دراصل حسن پرست ہے۔ جہاں چند حسین لڑکیاں ہوں گی تو ان کی موجودگی میں بلبل کی طرح چہکنے لگے گا۔ اور انہیں اپنی بہترین گفتگو سے متاثر کرنے کی کوشش کرے گا۔ مظاہر قدرت سے وہ بے حد خوشی محسوس کرے گا اور بے خود ہو کر گیت گانے لگے گا۔

ایک اسد عورت بے شک ایک روادار مزاج رکھتی ہے

لیکن اس کے اندر سختی پائی جاتی ہے۔ اس لیے وہ اپنے میزان شوہر کی اس قسم کی حرکات کو پسند نہ کرے گی۔ اسد عورت زمین پر اپنے قدم سختی سے جما کر رکھتی ہے۔ اور میزان مرد حسن سے متاثر ہو کر اپنے قدموں کو جما کر نہیں رکھ سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ اسد عورت میزان مرد کی رفاقت میں برہم ہو سکتی ہے۔ حالانکہ میزان مرد ایک خوش مزاج انسان ہے۔ مگر وہ اس وقت اس کی شوخ مزاجی کو بھی خاطر میں نہ لائے گی اور شدید غصے کا اظہار کرے گی۔ اس قسم کی صورت حال سے وہ ہر طرح بچنے کی کوشش کرے گا۔ اور اپنے آپ کو بچا ہی لے گا۔ میزان مرد چونکہ ایک متوازن طبیعت رکھتا ہے۔ مگر خرچ کے معاملات میں اس کے لیے ایک اسد عورت فضول خرچ اور سخت مزاج ہوگی۔

میزان مرد پیدائشی لحاظ سے نفسیات دان ہوتا ہے۔ وہ پر تعیش زندگی کی مخالفت نہیں کرتا۔ لیکن اس کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ متوازن زندگی گزارے۔ اسکی زندگی میں کوئی بے اعتدالی رونما نہ ہو۔ اور مفاہمت سے اپنی بیگم کے ساتھ رہے۔ وہ یہ نہیں چاہتا کہ اس کے کسی اقدام سے کسی کو تکلیف پہنچے یا اسے رنج ہو۔ ان میں ایک قدر مشترک ہے کہ ایک اسد عورت اور ایک میزان مرد دونوں ہی سست اور کاہل نہیں ہوتے۔ محنت اور جد وجہد کی زندگی کو پسند کرتے ہیں۔ پیٹر کر امریکی ماہر علم نجوم کو ہم یہاں کوٹ کرتے ہیں۔ کہ اسد عورت اپنے سخت رقیے کو نرم کر دے تو وہ میزان مرد کی رفاقت سے

بہرہ ور ہو سکتی ہے اور جنسی لطف اور محبت سے سرشار ہو سکتی ہے۔ ایک میزان مرد جنسی خواہشات کی تکمیل میں اس سے تعاون کرے گا اور اس سے پرجوش محبت سے پیش آئے گا۔ یہ بات درست ہے کہ ایک اسد عورت اور ایک میزان مرد ایک دوسرے کی تعریف میں بخل سے کام لیتے ہیں۔ کبھی وہ ایک دوسرے کی مدح سرائی نہ کریں گے۔ اسد عورت کے اس انداز سے ایک میزان مرد بد دل ہو کر اس سے بے وفائی کر سکتا ہے۔ وہ لطیف حسیات اپنے اندر رکھتا ہے۔ چونکہ وہ ایک تصوراتی مرد ہے۔ اس لیے وہ اپنے جیون ساتھی کو پسند کرے گا۔ جو اچھا رویہ رکھے، اور بہترین حسن سلوک اور اچھی تمناؤں کے ساتھ پیش آئے۔ ایک میزان مرد انصاف پسند ہے۔ اور خود بھی ہر کسی کے ساتھ انصاف سے پیش آتا ہے اور دوسروں سے بھی انصاف کی توقع رکھتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ لوگ ایک دوسرے کے ساتھ انصاف کریں۔ اس کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنے جیون ساتھی کو بھرپور محبت دے اور وہ انصاف کے تقاضے سے مجبور ہو کر اپنی بیوی کو بہترین محبت دیتا ہے اور جنسی لذتوں سے نوازتا ہے۔ کیونکہ وہ یہ اپنی بیوی کا حق سمجھتا ہے۔ عمر کے تقاضے سے مجبور ہو کر وہ اپنی آوارہ گردی کو ختم کر دیتا ہے۔ اور اپنی بیوی کا ہی ہو کر رہ جاتا ہے۔ اور ایک اسد بیوی کے ساتھ بھی بہت اچھی طرح پیش آتا ہے اور مساوی سلوک کرتا ہے۔ دونوں سفر اور کھیلوں کے شوقین ہوتے ہیں۔ اور ان میں پوری مسرت اور جوش و

خروش سے حصہ لیتے ہیں۔ ایک اسد عورت اپنے جذبات کی معمولی سی قربانی دے کر ایک میزان مرد کے ساتھ ساری زندگی بہترین اور خوشگوار گزار سکتی ہے۔ اسے بھی خوش رکھ سکتی ہے اور خود بھی خوش رہ سکتی ہے۔ اور ان کی ازدواجی زندگی اس طرح ایک مثالی بن سکتی ہے۔ جو دوسروں کے لیے رشک کا باعث ہو سکتی ہے۔ اور ان کے لیے ان کے دل میں تعریف و تحسین کے جذبے پیدا ہو سکتے ہیں۔

اسد عورت اور عقرب مرد کا ملاپ کیا رنگ دکھاتا ہے

۳۔ اسد عورت اور عقرب مرد کی شادی بہترین ثابت ہو سکتی ہے۔ اور ان کا ملاپ خوشگوار رنگ دکھا سکتا ہے۔ چونکہ دونوں ہی تیز طرار اور سخت ہوتے ہیں اور مغرور بھی ہوتے ہیں۔ اور یہ دونوں جذباتی طور پر بھی مضبوط ہوتے ہیں۔ اس لیے ان کی ازدواجی زندگی کامیابی سے ہمکنار ہو سکتی ہے۔ دونوں خود مختار طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان میں رفاقت اور ملاپ آسانی سے نہیں ہو سکتا۔ اس میں بہت سی مشکلات اور الجھنیں اور پیچیدگیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔ اگر ان کا ملاپ ہو جائے تو ایک دھماکہ خیز ثابت ہوتا ہے۔ اور شادی کے بعد یہ جوڑا کامیابیاں اور کامرانیاں حاصل کر لیتا ہے۔ جن تک دوسروں کی دسترس مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہوتی ہے۔

ایک عقرب مرد اپنے اندر رفاقت اور ملاپ کا شدید جذبہ

پروفیسر حافظ تنویر احمد ریول چشتی

0300-4879487

رکھتا ہے۔ اس کا مزاج بھی متحمل ہوتا ہے۔ اس میں اتنی صلاحیت ہے کہ وہ اپنے جذبات اور احساسات کو دل میں چھپا کر رکھ سکتا ہے۔ اور اس کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنے جیون ساتھی کو ایک کھلی کتاب کی طرح پڑھ لے اور اس کے بارے میں اچھی طرح جان لے اس کی ہر چیز سے آگاہ ہو جائے۔ لیکن وہ اپنے آپ کو ایک خول میں چھپا نے رکھتا ہے۔

ایسی عورت گرم جوش جنسی خواہشات کے تحت وحشی بن جاتی ہے اس کی محبت میں شدت ہوتی ہے۔ وہ تیزی سے جنسی مراحل طے کرتی ہے۔ اور وہ بھی یہی چاہتی ہے کہ اس کے ساتھ بھی اس طرح کا جنسی عمل کیا جائے اور جوش محبت سے نوازا جائے۔ یہی وجہ ہے کہ عقرب مرد ایک اسد عورت میں بے حد کشش محسوس کرتا ہے۔ کیونکہ وہ خود بھی اس قسم کے جذبے رکھتا ہے۔ اور اسے ہر طرح آسودہ محبت دیتا ہے۔ اور اس کی جنسی تسکین کا باعث بنتا ہے۔ اسد عورت بھی اس لحاظ سے اسے پسند کرتی ہے۔ جب کبھی ان میں تکرار ہوگی تو اسد عورت کی آزادی کے باعث ہوگی۔ وہ آزادی اور خود مختاری چاہے گی۔ مگر عقرب مرد اسے ایسا نہ کرنے دے گا۔ اس طرح ان کی باتوں میں ناچاقی پیدا ہوگی اور وہ رنجیدہ ہو کر ایک دوسرے سے علیحدہ بھی ہو سکتے ہیں۔ اگر اسد عورت سمجھداری سے کام لے اور اس قسم کی رنجش نہ پیدا ہونے دے تو عقرب مرد کے ساتھ خوشحال، آسودہ اور شاندار

ازدواجی زندگی گزار سکتی ہے۔ عقرب مرد یہ بھی نہیں چاہتا کہ اپنی اسد بیوی کو پنجرے کا قیدی بنائے۔ وہ اسے تھوڑی بہت آزادی ضرور دیتا ہے۔ عقرب مرد اسد عورت کے لیے ایک بہترین جیون ساتھی ہے۔ عقرب مرد خوبصورت گھر کے علاوہ اس کا ہر طرح تحفظ کرے گا اور اس کے احساسات، جذبات اور رجحانات کا پورا پورا خیال رکھے گا اور اسے ہر طرح خوشی دے گا۔

اسد عورت اور قوس مرد کی ازدواجی زندگی میں محبت اور جنسی خواہشات

۴۴۔ اسد عورت قوس مرد کو اپنا جیون ساتھی بنا کر پہلے پہلے بے حد خوشی محسوس کرے گی۔ لیکن تھوڑے ہی عرصے میں وہ بددلی اور شکستگی کا احساس کرنے لگے گی کہ وہ ایک پاگل شخص سے کس طرح منسلک ہو گئی۔ اس نے اسے کیسے پسند کر لیا۔ وہ اس کے گھر میں آ کر یہ محسوس کرے گی کہ جیسے وہ ایک پاگل خانے میں آ کر پھنس گئی ہے۔ ایک اسد عورت اور قوس مرد کا ملاپ اور رفاقت ایک عجیب ہی طرز کی ہوتی ہے۔ قوس مرد نہایت زندہ دل اور خوش مزاج ہوتا ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ اس بارے میں وہ اپنی اسد بیوی پر فوقیت لے گیا ہے۔ اور وہ حیران رہ جاتی ہے کہ وہ اس شخص کے جال میں کیسے پھنس گئی۔

اسد عورت قوس مرد کو اس وقت سختی سے ناپسند کرتی ہے۔ جب وہ دوسری عورتوں سے ہنس ہنس کر باتیں کرتا ہے۔ اور ان سے چاپلوسانہ رویے سے پیش آتا ہے۔ اس چیز کو دیکھ کر اسد عورت پاگل ہو جاتی ہے اور اس کی آنکھوں سے اپنے قوس شوہر کے لیے غصہ، نفرت، وحشی پن اور حقارت جھانکنے لگتی ہے اور وہ اس وقت اس سے قطع تعلق کے بارے میں سوچتی ہے۔ قوس مرد میں ایک اور خامی ہے کہ وہ وقت پر کبھی گھر نہ آئے گا۔ یہ بات بھی ایک اسد عورت کو گراں گزرتی ہے۔ کسی موقع پر بھی وہ وقت پر نہ پہنچے گا۔ کبھی کبھار وہ وقت کا خیال کر بھی لیتا ہے۔ مگر اکثر وہ روگردانی ہی کرتا ہے۔ اس طرح دونوں کے ملاپ اور رفاقت میں بے سطفی پیدا ہو جاتی ہے۔

اسد عورت چاہتی ہے کہ ہر میدان میں اپنے قوس مرد سے برتری حاصل کرے مگر وہ ناکام رہتی ہے۔ اور وہ اس کی طرف سے بے پرواہ ہو کر اپنے معمولات کو خود ترتیب دیتا ہے۔ اور اپنی مرضی کے مطابق گزارتا ہے وہ اپنے دوستوں کی تعداد کو بڑھاتا چلا جاتا ہے۔ اس طرح اس کا حلقۂ احباب وسیع تر ہوتا چلا جاتا ہے۔ وہ جنسی خواہش کو پرجوش طریقے سے حاصل کرتا ہے۔ اور اپنی عورت کے جذبوں کی بھی پرواہ کر کے اسے ساتھ ساتھ لیے چلتا ہے اور اسے ہر طرح لذت دیتا ہے۔ اسکی تسکین کرتا ہے۔ اور اس سے وظیفۂ زوجیت میں پرجوش محبت کرتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود اپنی زندگی کو ڈھب سے گزارنا پسند کرتا ہے۔ اور اسد عورت اپنے

آپ کو یوں سمجھتی ہے کہ وہ اس گھر کی بیوی نہیں بلکہ مہمان ہے۔ لیکن جب ایک اسد عورت اپنے قوس مرد کو اچھی طرح جان لیتی ہے اور اسے اسکی مرضی پر چھوڑ دیتی ہے تو اسے گھریلو خوشیاں ملتی ہیں۔ اور اسد مرد اس کا ہر طرح خیال رکھتا ہے۔ اگر ان کے درمیان اختلافات رہی رہیں تو قوس مرد اسے چھوڑ کر کسی اور طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ کچھ لوگ ایک قوس مرد کو پسند کرتے ہیں اور کچھ ناپسند کرتے ہیں۔ بہرحال اسے اس کی ذرا پرواہ نہیں ہوتی۔ وہ اپنی زندگی کے معمولات میں فرق نہیں آنے دیتا۔

اسد عورت رومان پرور ہوتی ہے

اسد عورت رومان پرور ہوتی ہے۔ اور صحت بھرے جذبوں کو پسند کرتی ہے۔ وہ اپنی تعریف پسند کرتی ہے۔ ڈراموں اور اسٹیج شو میں ایک فنکارہ کی حیثیت سے نمایاں پوزیشن حاصل کر سکتی ہے۔ ایک بہترین اداکارہ بننے کی اس میں صلاحیتیں موجود ہیں۔ وہ محبت کے معاملے میں پرجوش اور تیز ہوتی ہے۔

برج سنبلہ

(VIRGO NO 6)

۲۳ اگست تا ۲۲ ستمبر

تعلق برج سنبلہ۔ شمسی نظام کا چھٹا برج

(VIRGO MAN)

۱۔ سنبلہ مرد وہ ہے جو برج سنبلہ (Virgo) سے متعلق ہے۔ برج سنبلہ نظام شمسی کا چھٹا برج ہے۔ ۲۳ اگست تا ۲۲ ستمبر کی تاریخوں میں پیدا ہونے والے عورت و مرد سنبلہ عورت اور سنبلہ مرد کہلاتے ہیں۔

سنبلہ برج (Virgo) کا نشان کنواری لڑکی ہے۔ اور یہ عنصر مٹی رکھتا ہے۔ حاکم سیارہ اس کا عطارد ہے۔ خوش بختی کا ہندسہ ۸ اور ۴ ہے۔ ان عددوں سے فائدہ اٹھا کر یہ خوش قسمت کہلا سکتے ہیں۔ سعد پتھر عقیق یمانی ہے۔ اسے انگلی میں پہن کر سنبلہ خاتون اور مرد خوش نصیب بن سکتے ہیں۔ موافق رنگ بھورا ہے۔ اس رنگ کے ملبوسات انہیں سکون، خوشی اور طمانیت بخش سکتے ہیں۔ مبارک دن بدھ ہے۔

بدھ کے روز یہ جو کام کریں گے سود مند ہوگا۔ اس میں انہیں فائدہ ہوگا۔

جنسی معاملات اور محبت کے بارے میں

۲۔ سنبلہ مرد ہر چیز کو بے داغ صاف ستھری اور بے عیب دیکھنا پسند کرتا ہے۔ اسی طرح وہ جنسی معاملات میں بھی نفاست، سلیقہ التفات اور جوش دیکھنا چاہتا ہے۔ جس میں وفا، خلوص اور والہانہ انداز ہوں۔ مر مٹنے کا جذبہ ہو۔ وہ خود بھی وفادار، پُر اعتماد اور بھروسہ مند ہے۔ وہ قدرتی مناظر کے حسن کا دلدادہ ہے۔ ہر حسین چیز اسے سحر زدہ کر کے اس کے دل میں ہلچل مچا دیتی ہے۔ اور وہ ہوٹلوں اور خوبصورت پارکوں کا رخ کرتا ہے اور دلکش قدرتی مناظر سے حظ اٹھاتا ہے۔ اگر اسے کوئی حسین ترین ساتھی مل جائے تو وہ اس کے ساتھ وقت گزار کر بے حد خوش ہوتا ہے اور اس کے نفیس جذبوں کی قدر کرتا ہے۔ اگر سنبلہ مرد کا جیون ساتھی اسی کی طرح کا مل جائے تو اس کی خوشی کا ٹھکانہ نہیں رہتا۔ وہ اس کی سلیقہ مندی نفاست اور قرینہ رکھنے کی عادت سے بے حد متاثر ہوتا ہے اور اس کے ساتھ پر جوش اور محبت بھرا جنسی عمل کرتا ہے۔ خود بھی لذت اور سرور محسوس کرتا ہے۔ اور اپنے حسین جیون ساتھی کو بھی انتہائی لذتوں، کیف اور سرور سے نوازتا ہے کیونکہ اس کا جیون ساتھی بھی اس کی طرح اس کا ساتھ دیتا ہے۔ اس طرح وہ اپنے جیون ساتھی سے خوش ہو جاتا ہے۔ اطمینان اور سکون محسوس کرتا ہے۔

یہ ہے کہ اگر وہ کسی چیز کو رد کرتا ہے یا قبول کرتا ہے تو اپنی ذہانت سے اس کا اچھی طرح تجزیہ کرتا ہے۔ پھر اسے رد یا قبول کرتا ہے۔ وہ بہترین عقل و دانش کا مالک ہے۔

برج سنبلہ تجرد کی علامت ہے

۱۲۔ برج سنبلہ بے شک تجرد کی علامت ہے۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ایک سنبلہ مرد جنسی خواہش نہیں رکھتا۔ ماہر علم نجوم قاتی جو بھارت سے تعلق رکھتا ہے۔ کہتا ہے کہ ایک سنبلہ مرد بھی دوسرے برجوں کے لوگوں کی طرح جنسی خواہش رکھتا ہے اور محبت چاہتا ہے۔ لیکن وہ اپنے لیے معیاری محبت چاہتا ہے۔ وہ پاکیزہ خیال رکھتا ہے۔ اسے برائی سے سخت نفرت ہے۔ وہ اپنی مرضی کے جیون ساتھی سے پوری طرح لطف اندوز ہوتا ہے۔ اور اسے بھی سرشار کر دینے والی لذت بخشتا ہے۔ وہ ایک وفادار شوہر ثابت ہوتا ہے۔ اسی طرح ایک سنبلہ عورت بھی وفادار بیوی ہوتی ہے۔

نوجوان نظر آنا

۱۳۔ ایک سنبلہ مرد حیرت انگیز طور پر نوجوان نظر آتا ہے۔ اسکی جسمانی ساخت ہی اس قسم کی ہوتی ہے۔ وہ اپنی تندرستی اور صحت کا خیال رکھتا ہے۔ اسے غذا سے خصوصی دلچسپی ہوتی ہے۔ وہ دلکش مناظر سے

انس اور لگاؤ رکھتا ہے۔ اسی لیے وہ ادھیڑ عمر میں بھی خوبصورت اور نوجوان نظر آتا ہے۔ اس کا چہرہ پرسکون اور بارونق نظر آئے گا۔ اس کا نوجوان نظر آنا صحت کا لحاظ رکھنا ہے۔ اس کی حرکات کی تیزی کو دیکھ کر اس کی صحت اور جوانی کے بارے میں قیاس آرائی کی جا سکتی ہے کہ اس کا ہر قدم ٹھیک پڑے گا۔ اور اس کی چال ڈھال میں وقار ہوگا۔ لیکن سنبلہ افراد میں جوزا افراد جیسی تیزی اور طراری نہیں ہوتی۔ وہ ان کے مقابلے میں ذرا سست ہے۔

خوبی

۱۴۔ سنبلہ مرد میں خاص خوبی اور صلاحیت یہ ہے کہ وہ ہمیشہ اپنی عقل اور دانش کو بڑھاتا جائے گا۔ اور اپنی معلومات میں اس لحاظ سے اضافہ کرتا چلا جائے گا۔ وہ اتنا سمجھدار ہے کہ اپنا وقت فضول ضائع نہیں کرتا۔ معمولی معمولی باتیں اس کے لیے کوئی اہمیت نہیں رکھتیں۔ فضول مشاغل میں کبھی وقت ضائع نہ کرے گا۔ جب اسے اس قسم کا کام مل جائے جو اس کے ذہنی میلان سے ہم آہنگ ہو تو خوشی، طمانیت اور مسرت محسوس کرے گا۔ اور اس کے چہرے سے اس کے مجت بھرے جذبوں کا عکس ظاہر ہوگا۔ اسکی آنکھوں میں ایک عجیب سی چمک آ جائے گی۔ سنبلہ مرد ٹھنڈا دل و دماغ رکھتا ہے۔ حتیٰ الوسع وہ غصے اور اشتعال سے بچنے کی کوشش کرتا ہے۔

ایک سنبلہ مرد کسی سے ملاقات کو فراموش نہیں کرتا

۹۔ ایک سنبلہ مرد کسی سے ملاقات کو فراموش نہیں کرتا۔ اسے ہمیشہ یاد رکھتا ہے خواہ وہ کسی حسین لڑکی سے ملے یا کسی دوست سے ملاقات کرے۔ وہ اسے یادوں کا سرمایہ سمجھ کر اپنے ذہن میں محفوظ کر لیتا ہے۔ سنبلہ مرد خوش پوشی اور جامہ زیبی کو پسند کرتا ہے۔ اور ہر لباس قرینے، سلیقے اور نفاست سے پہنتا ہے۔ اور اس کے لباس کو لوگ پسند کرتے ہیں ان کے جسم پر ہر لباس جچتا ہے۔ اس کا جسم بھی خوبصورت ہوتا ہے۔ جب کوئی سنبلہ مرد سے ملاقات کرتا ہے تو اس کا لباس بھول سکتا ہے۔ مگر اس کی خوبصورتی اور حسن کو فراموش نہیں کر سکتا۔ اس کی خوبصورتی اسے ہمیشہ یاد رہے گی۔ ایک سنبلہ مرد خوبرو ہوتا ہے۔

توجہ

۱۰۔ ایک سنبلہ مرد اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ اس کی طرف کوئی توجہ دیتا ہے یا نہیں۔ وہ اپنے آپ میں مگن رہتا ہے۔ لیکن اس کے مقابلے میں ایک اسد مرد یہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی طرف توجہ دیں اور اس کی شخصیت سے متاثر ہوں۔ مگر سنبلہ مرد اس میں دلچسپی نہیں لیتا۔ وہ اپنے کام سے کام رکھنا زیادہ بہتر خیال کرتا ہے۔ مگر اس کی فطرت ہے کہ وہ دوسروں کا مشاہدہ ضرور کرتا ہے۔ اس طرح مشاہدے کر کے وہ دوسروں کے بارے میں زیادہ جان لیتا ہے۔ اور ان کے بارے میں اپنے سے زیادہ اظہار

خیال کر سکتا ہے۔ وہ ان کے لیے ایک بہترین مبصر ہے۔

خاصیت

۱۱۔ ایک سنبلہ مرد اپنی جبلت سے مجبور ہو کر باریک سے باریک چیز کو بھی دیکھ لیتا ہے۔ کوئی چیز اس کی نظر سے پوشیدہ نہیں رہتی۔ اس خصوصیت کی وجہ سے وہ جلد ہی ملاقات کی تہہ تک پہنچ جاتا ہے اور معاملے میں اہمیت کا قیاس کر لیتا ہے۔ ایک سنبلہ مرد میں یہ خوبی ہے کہ وہ دوسروں کی بات غور اور توجہ سے سنتا ہے۔ اور جلد ہی کسی نتیجے پر پہنچ جاتا ہے۔ لیکن اس نتیجے کے لیے وہ شور و غل نہیں مچاتا۔ بلکہ خاموش رہتا ہے۔ اور وہ اس نتیجے اور اپنے خیالات ان لوگوں کے سامنے ظاہر کرے گا۔ جو اس کی بات کو سننے اور سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔

پیشے

۱۲۔ تجارت، بیوٹی پارلر کا کام، صحافت، دواسازی، اکاؤنٹس، انتظامی شعبہ تعلیم و تدریس اور ادب یا وہ کام جس میں ذہانت استعمال ہو۔ ان کے علاوہ ایک سنبلہ مرد اچھا گارڈین سکتا ہے۔

سنبلہ مرد کی بیماریاں

(۱۳۔ اپنڈکس، سانس کا درد، جوڑوں کا درد، ہیضہ، اعصابی بیماریاں، پھیپھڑوں کی بیماریاں، امریشن، نظام ہضم کی خرابی اور کندھوں کے درمیان درد۔

سنبلہ عورت

(VIRGO WOMAN)

۲۳ راگست تا ۲۲ ستمبر

تعلق برج سنبلہ، یہ شمسی نظام کا چھٹا برج

سنبلہ عورت وہ ہے۔ جس کا تعلق برج سنبلہ (Virgo) سے ہو۔ برج سنبلہ نظام شمسی کا چھٹا برج ہے۔ جو عورت اور مرد ۲۳ راگست تا ۲۲ ستمبر کی تاریخوں میں پیدا ہوتے ہیں۔ وہ سنبلہ افراد کہلاتے ہیں۔ اور یہ برج سنبلہ سے متعلق ہوتے ہیں۔

برج سنبلہ کا نشان کنواری لڑکی ہے۔ عنصر اس کا مٹی ہے۔ یہ حاکم سیارہ عطارد رکھتا ہے۔ اس کا خوش بختی کا ہندسہ ۸ اور ۴ چار ہے۔ یہ ہندسے ایک سنبلہ مرد اور سنبلہ عورت کے لیے خوش نصیبی کی علامت ہیں۔ اگر یہاں ہندسوں کو استعمال کریں تو کامیابی اور ترقی حاصل کر سکتے ہیں۔ سعد پتھر اس کا عقیق یمانی ہے۔ اسے اگر انگلی میں پہن لیا جائے تو ان کے لیے اچھے مقدر کے دروازے کھل سکتے ہیں۔ اس کا رنگ سبز ہے۔ اس قسم کے لباس انہیں خوشی، سکون اور اطمینان بخش سکتے ہیں۔

اور ان کی خوش پوشی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ مبارک دن بدھ ہے۔ بدھ کے روز اگر یہ کوئی کام شروع کریں تو انہیں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہو سکتی ہے۔

سنبلہ عورت اور حمل مرد کے ملاپ سے جو جنسی اور محبت آمیز تاثرات پیدا ہوتے ہیں

اگر سنبلہ عورت محتاط ہوتی ہے اور کوئی کام کرنے سے پہلے اس کے ہر پہلو پر غور کرتی ہے اور انجام و عواقب کو نظر میں رکھتی ہے اور حالات کا اچھی طرح تجزیہ کرتی ہے۔ پھر وہ قدم اٹھاتی ہے۔ مگر اس کے مقابلے میں حمل مرد جلد باز ہوتا ہے اور فوراً ہی وہ کسی کام کو شروع کرے گا نتیجہ چاہے کچھ بھی نکلے۔ حمل مرد میں جارحانہ انداز ہوتے ہیں۔ وہ پیدائشی طور پر لڑائی کو پسند کرتا ہے۔ سنبلہ عورت میں بھی کچھ اس قسم کی خاصیت ہے۔ لیکن وہ مخالف کا مقابلہ جنگ و جدل سے نہیں فہم و فراست اور عقل و دانش سے کام لیتی ہے۔ ایک حمل مرد چاپلوسی اور خوشامد نہیں مان سکتا۔ وہ اس طرح کے حربوں سے کنٹرول نہیں ہو سکتا۔ اگر ایک سنبلہ عورت حمل مرد سے شادی کرنے کے بعد خوش اور مطمئن رہنا چاہتی ہے تو اپنے حمل شوہر کی بات مانے اور پھر عقل و دانش سے کام لے کر وہ اس سے اپنی بات منوائے۔ اس طرح وہ اس کی بات مان سکتا ہے اور ان کی ازدواجی زندگی اچھی گزر سکتی ہے۔ سنبلہ عورت کو چاہیے کہ اس سے ٹوٹ کر والہانہ انداز میں محبت کرے اور جنسی عمل میں تیزی اور

شدت سے کام لے اور اس کے جارحانہ عمل کو برداشت کرے تو اسے مطمئن کر سکتی ہے۔ اور خود بھی اس کی محبت حاصل کر کے اپنی ازدواجی زندگی کو خوشگوار بنا سکتی ہے۔ اگر کبھی ان کے مابین اختلاف پیدا ہو جائے تو سنبلہ عورت کوشش کرے کہ اپنے شوہر کی بات تسلیم کر لے۔ اس طرح ان کی علیحدگی کا خطرہ ہمیشہ کے لیے ٹل سکتا ہے۔ اس طرح ان کی زندگی مثالی اور خوشگوار گزر سکتی ہے۔ کسی وقت حمل شوہر کو بھی اپنی سنبلہ بیوی کی بات مان لینی چاہیئے۔ اگر وہ ایسا نہ کرے گا تو کسی وقت بھی سنبلہ عورت اس سے مستقل طور پر ناراض ہو کر علیحدہ ہو سکتی ہے۔ لیکن ایک سنبلہ عورت جذباتی قدم اٹھانے سے گریز کرتی ہے۔ حمل مرد کی متلون مزاجی، حسن پرستی کی عادت کو سنبلہ عورت کو قبول کرنا پڑے گا۔ حمل مرد دل پھینک قسم کا ایک عاشق مزاج شخص ہے۔ اگر سنبلہ عورت اس کی ان عادات و خصائص سے چشم پوشی کرے تو اپنی ازدواجی زندگی کو زعفران زار بنا سکتی ہے۔

سنبلہ عورت اور ثور مرد کا ملاپ

ہے ایک سنبلہ عورت میں سلیقہ شعاری ہوتی ہے۔ وہ قرینے، نفاست اور سلیقے کو بے حد پسند کرتی ہے۔ اور ان پر عمل کرتی ہے۔ یہ خاصیت اسے فطری طور پر ملتی ہے۔ سنبلہ عورت اور ثور مرد کا رشتہ ازدواج بہترین ہے۔ ثور مرد سلیقہ شعاری، نفاست، قرینے اور سلیقے کو پسند کرتا ہے۔

اور کبھی اس سے بے وفائی نہیں کرتا۔ اس پر اعتماد اور بھروسہ کرتا ہے اور خود بھی اسے تحفظ اور اعتماد دیتا ہے۔

سنبلہ مرد کیا چاہتا ہے

ہے سنبلہ مرد اخلاقی قدروں کو پھلتا پھولتا دیکھنا پسند کرتا ہے۔ اور ان اقدار کی افزائش کے لیے جدوجہد اور محنت کرتا ہے۔ اس کی خواہش ہوتی ہے کہ جو چیز بھی اس کے سامنے آئے وہ حسین بے داغ اور بے عیب ہو۔ وہ خود بھی جو کام کرتا ہے، قرینے نفاست اور سلیقے سے کرتا ہے۔

تنقید

ہے سنبلہ مرد اگر کسی شخص پر تنقید کرتا ہے تو اس کا یہ مقصد نہیں ہوتا کہ وہ اس کی تحقیر کر رہا ہے یا اس کا مذاق اڑا رہا ہے۔ اسے برا بھلا کہہ رہا ہے۔ بالکل اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا۔ ماہر علم نجوم پامیلا کہتی ہے کہ ایک سنبلہ مرد ایسی سوچ کے قریب سے بھی نہیں گزرتا۔ وہ اگر کسی پر تنقید کرتا ہے تو وہ تنقید ہر لحاظ سے معیاری اور اس کے لیے مفید ہو گی اور وہ اس سے فائدہ اٹھا کر اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ وہ نظم و ضبط کو پسند کرتا ہے۔ اور دفتر میں اپنی انتظامی صلاحیتوں اور خوبیوں سے کام لے کر ماحول کو خوشگوار اور نفیس بنا دیتا ہے۔ وہ اپنے دفتر اور گھر کو صاف ستھرا دیکھنا پسند کرتا ہے۔ جس طرح وہ خود بلند معیاری

پسند کرتا ہے۔ اس طرح وہ دوسروں کو بھی بلند معیار دیکھنا چاہتا ہے۔ اور
سے اس طرح خوشی ملتی ہے۔

سنبلہ مرد کے متعلق رائے

یہ سنبلہ مرد کو دوسرے برجوں سے تعلق رکھنے والے اپنے طور پر غلط
سمجھتے ہیں۔ اس کے متعلق اچھی رائے نہیں رکھتے۔ سالر نجومی کہتا ہے کہ
ان کی سوچ بالکل غلط ہے۔ سنبلہ مرد با عمل ہے۔ اور اپنے آپ کو ہر قسم
کے ماحول میں ڈھال سکتا ہے۔ اور وہ بڑی محتاط طبیعت رکھتا ہے۔ محبت
کے معاملے میں بھی وہ بڑا محتاط رہتا ہے۔ یونہی کسی سے دل نہیں لگا
سکتا۔ وہ معیار دیکھتا ہے۔ اور جو عورت اس کے معیار پر پوری اترے
وہ اس سے روابط بڑھائے گا۔ اور اس کی نفسیات کا تجزیہ کرے گا۔ اس
کے طریقے، قرینے، سلیقے اور نفاست کا معائنہ کرے گا اور اس کے
حسن اخلاق کو پرکھے گا۔ جس طرح وہ خود حسن اخلاق کا مالک ہے اسی
طرح کا وہ جیون ساتھی پسند کرے گا۔ سنبلہ مرد سنجیدہ مزاج ہے۔
مصلحت اندیش ہے۔ قابل اعتماد ہے۔ اخلاص اور وفاداری رکھتا ہے
وہ اتنی عقل رکھتا ہے کہ اچھے برے کو اچھی طرح پرکھ سکتا ہے۔ وہ بہترین
ذہنی صلاحیتیں رکھتا ہے۔ اور انہی خوبیوں اور صلاحیتوں سے اپنے حسن
کارکردگی کو آگے بڑھا کر ترقی کرتا ہے۔ اسی طرح وہ محبت کو بھی اپنے
پسند کے جیون ساتھی کے ساتھ آگے بڑھاتا ہے۔ اس میں ایک خوبی

ہے اس لحاظ سے وہ اپنی سنبلہ بیوی کو بے حد پسند کرے گا۔ اور اس سے
والہانہ لگاؤ محسوس کرے گا۔ یہ اس سے پر جوش محبت کرے گا۔ اور جنسی
عمل میں جوش و خروش دکھائے گا۔ اس پر جوش انداز سے ایک سنبلہ بیوی
پوری طرح حظ اٹھائے گی اور جنسی طور پر پُر لذت آمیز، پر کیف اور سرور
آمیز آسودگی محسوس کرے گی۔ اور اس صورت میں اس کے دل میں اپنے
ثور مرد کے لیے محبت میں اضافہ ہو جائے گا۔ وہ نفاست قرینے اور
سلیقے سے اس کے ساتھ ہر عمل کرے گی اور اپنے ثور شوہر کا دل جیت
لے گی اور اسے پا کر اپنی زندگی کو جنت زار محسوس کرے گا۔ اور اپنے گھر
کو پھلواری سمجھے گا۔ جس کی مہک اسے مسرتیں عطا کرے گی۔
چونکہ ان کے دونوں برجوں کا عنصر مٹی ہے۔ اس لیے ان میں عقل و
فراست، سوجھ بوجھ اور دانش کی کمی نہیں ہے۔ وہ بے لوث اور بے
غرض ہیں۔ دونوں اپنے دل میں ایک دوسرے کے لیے نیک آرزوئیں
اور تمنائیں محسوس کریں گے۔ ثور مرد کی صاف گوئی اور صبر و ضبط کو ایک
سنبلہ بیوی بے حد پسند کرے گی۔ اور وہ اس کی طرف سے ہر طرح
مطمئن رہے گی۔ اس طرح ثور مرد بھی اپنی سنبلہ بیوی پر ہر طرح اعتماد کرے
گا۔ اس کی طرف سے پر سکون اور مطمئن رہے گا۔ اسے پا کر اسے یوں
محسوس ہوگا گویا اسے بہشت مل گئی ہے۔ سنبلہ عورت اور ثور مرد کا اگر
ملاپ ہو جائے تو یہ ایک مثالی جوڑا بن کر رہتا ہے۔ وہ ہر طرح کی خوشی
کے علاوہ جذباتی طور پر آسودہ رہتا ہے۔ جنسی عوامل انہیں سکون اور سرور

پروفیسر حافظ تنویر احمد ربول چشتی
0300-2879487

محبت بخشتے ہیں۔ اور ان کے درمیان والہانہ انداز میں بڑھتا چلا جاتا ہے
ایک ثور مرد مکمل مردانہ صفات رکھتا ہے۔ اور اس کی خواہش ہوتی
ہے کہ وہ اپنی بیوی کو بھی نسوانیت کا ایک مکمل نمونہ دیکھے۔ ان دونوں میں
ایک بات مشترک ہے کہ دونوں روایت پرستی اور قدامت پرستی
سے انحراف نہیں کرتے وپسند کرتے ہیں۔ دونوں ہی تبدیلیوں کو بھی زیادہ تر
ناپسند کرتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ان میں دلچسپ واری ہر حال میں تا عمر دوائم
رہے۔ ثور مرد اور ثور عورت موسیقی کے دلدادہ ہوتے ہیں۔ اچھی موسیقی
کو بے حد پسند کرتے ہیں۔ دونوں ہی آرٹ وفنون اور کتابوں کے بارے
میں یکساں جیسا ذوق رکھتے ہیں۔ اور دونوں ہی اپنے خاندان سے دلچسپی
اور رغبت رکھتے ہیں۔ اور گھر کا آرام اور سکون انہیں بے حد پسند ہے اور
وہ گھریلو ماحول میں لذت اور سرور محسوس کرتے ہیں۔

سنبلہ عورت اور جوزا مرد کا جوڑا

برج سنبلہ عورت کے برج کا عنصر مٹی ہے۔ اور جوزا مرد کے برج کا
عنصر ہوا ہے۔ دونوں عناصر میں تضاد اور فرق ہے۔ اور یہ فرق اور تضاد
ظاہر کرتا ہے کہ جوزا مرد تنوع اور تبدیلیوں کو پسند کرتا ہے۔ اس فرق اور
تضاد کے تحت ایک سنبلہ عورت تبدیلیوں کو ناپسند کرتی ہے۔ اس
کے باوجود سنبلہ عورت اور جوزا مرد کے مزاجوں میں کچھ یکسانیت موجود
ہے۔ جوزا مرد کی شخصیت ایک سنبلہ عورت کے لیے دلچسپ کشش

آمیز اور مسحور کن ہے۔ لیکن اس کی تلون مزاجی اور تنوع کو پسند اور
برداشت نہ کر سکے گی۔

جوزا مرد کا یہ انداز عجیب ہے کہ وہ جلد ہی ایک جیسے ماحول سے اکتا
جاتا ہے۔ ایک سنبلہ عورت اس سے شادی کرنے کے بعد فوراً محسوس
کرے گی کہ اس سے غلطی ہو گئی ہے۔ وہ یہ جان لے گی کہ جوزا مرد اپنی
خوبیوں کے باوجود ایک سطحی سا اور عام سے جذبے رکھنے والا ایک
چھچھورا مرد ہے۔ یہ بات عزیز رہے کہ وہ ذہین ہوتا ہے۔ لیکن اس کے
باوجود اس قسم کی احمقانہ حرکتیں کرے گا۔ جو اس کی سنبلہ بیوی کو قطعاً پسند
نہ ہوں گی۔ وہ وظیفۂ زوجیت میں بھی سلیقے، نفاست اور قرینے
سے کام نہ لے گا اور ایسی احمقانہ حرکتیں کرے گا جس کی وجہ سے ایک سنبلہ
عورت جنسی سرور کو محسوس نہ کر سکے گی۔ وہ کیف اور لذت کی بجائے
ایک اکتاہٹ اور بیزاری سی محسوس کرے گی۔ لیکن اس کی اس قسم کی
حرکتوں کو برداشت کرے تو لذت آمیز، پرسرور اور کیف انگیز زندگی گزار سکتی
ہے۔ اور اس کی محبت حاصل کر سکتی ہے۔ اور اسے محبت اور جنسی
لذتیں بخش سکتی ہے۔ لیکن اسے اس سلسلے میں جذبوں کی قربانی دینا
ہوگی۔ اور اسے اپنے شوہر کی تلون مزاجی کو کسی طرح ختم کرنا پڑے گا
اور اسے ایک مرکز پر باندھ کر رکھنا ہوگا۔ اور اگر سنبلہ عورت اپنے اس
مقصد میں کامیاب ہو جائے تو بلاشبہ اس کی زندگی گلزار بن جائے گی
اور پائیدار اور مستحکم ہوگی۔ اس صورت میں ایک جوزا مرد اس کے

لیے ایک مثالی شوہر ثابت ہوگا۔ اور اسے وہ اپنا بہترین شوہر تسلیم کر لے گی۔ پھر یہ ہر طرح کے سرور و کیف اور لذت سے نئے انداز میں آشنا ہوگی۔ اور اپنے گھر کو گلستان اور چمن زار سمجھے گی۔

صلاحیت

۵۔ سنبلہ عورت میں راہنمائی کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ وہ ایک اچھی معلمہ بن سکتی ہے۔ ہر کام کی تفصیل اور باریکی پر وہ نظر رکھے گی۔ اسے مادی پہلو ہر لحاظ سے پسند ہیں۔ کیونکہ وہ روایت پسند اور قدامت پسند ہے۔

پاکدامنی

۶۔ ایک سنبلہ عورت اپنی پاک دامنی اور عزت کا بے حد خیال رکھے گی۔ اس کا خیال ہے کہ ہر انسان شریف اور ایک مکمل انسان ہو۔ اور اس میں اچھے انسانی اوصاف ہوں۔ اسی لیے ایک سنبلہ عورت اپنے دماغ اور دامن کو پاک و صاف رکھتی ہے۔ اور مقدس راستوں سے بھٹکنے نہیں پاتی۔ وہ اپنے جسم کی دیکھ بھال کرے گی اور صحت کا خیال رکھے گی۔ برج سنبلہ معدے، آنتوں، نظام ہضم پر حکمرانی کرتا ہے۔ اور برج سنبلہ معاملات میں دماغ سے کام لے کر مثبت انداز اختیار کرتا ہے۔ اس لیے وہ ایک سنبلہ مرد اور عورت کے بارے میں سب کچھ بتاتا ہے۔ خصوصیات اور خوبیوں کو دوسروں پر ظاہر کرتا ہے۔ تاکہ ان کے مطابق

دوسرے افراد ان سے روابط بڑھائیں۔ برج سنبلہ ان کے تعلق کو سمجھتا ہے اور دوسرے لوگوں کو اس سے باخبر کرتا ہے۔

ایک سنبلہ عورت ذہانت اور حسن رکھتی ہے

۷۔ ایک سنبلہ عورت ذہانت اور حسن رکھتی ہے۔ سنبلہ عورت اکثر و بیشتر قبول صورت اور حسین ہوتی ہے۔ اس کے خدوخال حسین نہ بھی ہوں تو بھی اس کے اندر ایک کشش اور عجیب طرح کی چھب پائی جاتی ہے۔ سنبلہ عورت ایک علمی خاتون ہے۔ وہ اپنے خیالات کو ظاہر کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اور اس کا اظہار بہ احسن و خوبی دوسروں پر کر سکتی ہے۔

سنبلہ عورت آزادی اور خود مختاری کو بھی پسند کرتی ہے۔ کسی حد تک اس کے مزاج میں بذلہ سنجی اور ظرافت بھی ہوتی ہے۔ وہ لچھے دار گفتگو کا فن جانتی ہے۔ اس میں جو خوبیاں اور صلاحیتیں ہیں وہ کسی قسم کی پابندی سے دب کر زوال پذیر ہو کر مرجھا جائیں گی۔ اس کی صلاحیتیں اور خوبیاں آزاد ماحول میں پنپتی اور پرورش پاتی ہیں۔ اور وہ انہیں بہتر اور کامیاب طور پر استعمال کرتی ہے۔ اگر اسے یہ معلوم ہو جائے کہ اسے احترام کی نظروں سے نہیں دیکھا جا رہا تو اس کے دل کو دھچکا لگتا ہے اور وہ رنجیدہ ہو جاتی ہے۔

H.M.A. Rawal

تاریخ پیدائش 12-10-1985

برج میزان

(LIBRA NO 7)

۲۳ ستمبر تا ۲۲ اکتوبر

تعلق برج میزان ، شمسی نظام کا ساتواں برج ہے۔

۱۔ (LIBRA MAN)

برج میزان (LIBRA) سے جن عورتوں اور مردوں کا تعلق ہو وہ میزان عورتیں اور میزان مرد کہلاتے ہیں۔ اور یہ بھی ضروری ہے کہ ان کی پیدائش ۲۳ ستمبر تا ۲۲ اکتوبر کی تاریخوں میں ہو۔ برج میزان LIBRA کا نشان ترازو ہے۔ جس سے مقصود اظہار انصاف ہے۔ اور اس کا عنصر ہوا ہے۔ یہ حاکم سیارہ زہرہ رکھتا ہے۔ زہرہ محبت کا نمائندہ سیارہ ہے۔ خوش بختی کا ہندسہ اس کا ۶ اور ۹ ہے۔ یہ سعد پتھر سنگ یشب سبز رکھتا

ہے۔ اگر اسے میزان عورت یا میزان مرد انگلی کی زینت بنائیں تو ان کے لیے یہ خوش قسمتی کی علامت ہوتا ہے اور ان کے بگڑے کام سنورتے ہیں۔ اس کا موافق رنگ نیلا ہے۔ اگر میزان مرد اور عورت نیلے آسمانی رنگ کے ملبوسات زیب تن کریں تو ان کو خوشی ملے گی اور سکون محسوس ہو گا۔ مبارک دن جمعہ ہے۔ جمعہ کو یہ جو کام کریں گے انہیں اس میں کامیابی اور کامرانی ملے گی۔

جنسی خواہشات اور محبت

۲۔ میزان مرد خوش اخلاق اور طلسمانہ جذبے اپنے اندر رکھتا ہے۔ اس کے دل میں درد مند جذبات ہوتے ہیں اور جنسی خواہشات کی تکمیل اس وقت چاہتا ہے۔ جب وہ کسی سے محبت کرے اور اپنا ایک خوبصورت بنا لے۔ محبت کے معاملات میں بڑا ہی پرسوچ ہے۔ اور سوچ سمجھ کر محبت کے معاملات کو آگے بڑھاتا ہے۔ وہ اپنے جیون ساتھی کی مرضی کے بغیر کوئی اس قسم کا قدم نہیں اٹھاتا جو اسے ناراض کر دے۔ اور وہ اس سے بدظن ہو جائے۔ وہ اپنے ساتھی سے پرجوش محبت اور سرشار جنسی لذت سرور اور کیف چاہتا ہے۔ اسکی یہی کوشش ہوتی ہے کہ اس کا جیون ساتھی بھی اس قسم کے پرمسرت جذبوں سے روشناس ہو۔ لیکن وہ جلد ہی اپنے ساتھی سے اکتا سکتا ہے۔ ان کے درمیان بیزاری پیدا ہو سکتی ہے۔

میزان مرد کو محبت میں اکثر کامیابی ملتی ہے۔

۱۷۔ میزان مرد بڑا حساس ہوتا ہے۔ ذرا سی بے رخی کو محسوس کر لیتا ہے۔ اگر اس پر کوئی تنقید کرے یا معترض ہو تو اسے دکھ پہنچتا ہے۔ اور تکلیف ہوتی ہے۔ وہ رنجیدہ ہو جاتا ہے۔ میزان مرد شیریں زبان ہوتا ہے۔ بڑے میٹھے انداز میں گفتگو کرتا ہے۔ جس سے وہ گفتگو کر رہا ہوتا ہے۔ اسے اپنی باتوں میں لا کر جلد ہی متاثر کر لیتا ہے۔ وہ اپنے مخالفوں کو بھی دوست بنانے کی خوبی اور صلاحیت رکھتا ہے۔ وہ دوسرے لوگوں کی سوچ، ذہن اور ان کے انداز کو بہت جلد سمجھ لیتا ہے۔ میزان افراد انہیں سراہتے ہیں۔ اسی لیے ایک میزان مرد رومان و محبت میں بہت جلد ہی کامیابی حاصل کر لیتا ہے۔ شادی کے بعد وہ اپنی بیوی کو خوش رکھنے کی بے حد کوشش کرتا ہے۔ اور ان کی ازدواجی زندگی پرسکون اور خوشگوار گزرتی ہے۔ وہ امن و سکون سے رہنا پسند کرتا ہے۔ اور اپنے گھر کو جنت بنا کر خوش ہوتا ہے۔ اس طرح وہ اپنی زندگی پر فخر اور ناز کرتا ہے۔

میزان مرد چاہتا ہے کہ اس کا گھر خوبصورت اور صاف ستھرا ہو۔ ہر چیز اجلی اجلی اور نکھری نکھری ہو۔ وہ صفائی کو بے حد پسند کرتا ہے۔ وہ وہ اپنے دوست بھی اپنی ہی سی فطرت کے بناتا ہے۔ اور انہیں صاف ستھرا دیکھنا پسند کرتا ہے۔ دوست بنانے میں اس کا معیار بہت بلند ہے وہ باذوق اور سلیقہ مند دوست بناتا ہے۔ اگر غلطی سے وہ کوئی ایسا

دوست بنا لے جو اس کے میلان طبع جذبات اور خیالات کا احساس نہ کرے تو وہ اس سے جلد ہی بددل ہو جاتا ہے۔ اور اسے اپنے اس اقدام پر بے حد ندامت ہوتی ہے۔

ناسازگار ماحول

۱۸۔ میزان مرد کبھی کسی وجہ سے ناسازگار ماحول میں چلا جائے یا اسے کسی مجبوری کی وجہ سے وہاں رہنا پڑ جائے تو وہ کڑھنے لگتا ہے۔ پریشان اور فکر مند ہو جاتا ہے۔ اضطراب اور بے چینی محسوس کرنے لگتا ہے۔ جین ڈکسن اور پامیلا کے علاوہ ماہر علم نجوم کیرو کہتا ہے کہ اگر ایک میزان مرد اپنی مرضی کے خلاف ماحول میں پھنس جائے تو وہ کڑھنے، فکر مند ہونے یا جلنے کی بجائے اس قسم کے حالات سے سمجھوتہ کرے اور صبر و ضبط سے کام لے کر اس ماحول کو اپنی مرضی کے ماحول میں ڈھالنے کی کوشش کرے۔ اگر وہ ایسا نہیں کر سکتا تو کوئی ایسی تدبیر کرے کہ اس ماحول سے نکل جائے۔

کمزوری

۱۹۔ میزان مرد میں ایک کمزوری یہ ہے کہ جب اسے آگے بڑھنے کا موقع ملتا ہے تو وہ پیچھے ہٹنے لگتا ہے اور کشمکش اور تذبذب اور الجھن کا شکار ہو جاتا ہے۔ وہ سوچنے میں وقت گزار دیتا ہے۔ مگر پھر بھی کوئی فیصلہ نہیں کر پاتا کہ اب کیا کرے کہ آگے بڑھے یا پیچھے ہٹ جائے اور کس قسم کا

قدم اٹھاتے۔ اس کی اس جھجک کشمکش اور الجھن کی وجہ سے اکثر اس کا کام بگڑ جاتا ہے۔ اس کی یہ فطری کمزوری ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ قوت فیصلہ سے محروم ہے۔ نہیں ایسا بھی نہیں ہے۔ بعض لوگوں کا یہ خیال غلط ہے۔ دراصل بعض اوقات وہ فیصلہ نہیں کر پاتا۔ اور جب وہ فیصلہ کرتا ہے تو بہتر کرتا ہے۔

ایک میزان مرد تحقیق پسندی کو بہتر خیال کرتا ہے

۶۔ میزان مرد دوسروں پر تنقید یا اعتراض کرنا پسند کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کچھ لوگ اس کے اس فعل کی وجہ سے اس کی طرف سے مشکوک ہو جاتے ہیں اور اسے اچھا نہیں سمجھتے۔ لیکن ایک میزان مرد کی یہ نیت نہیں ہوتی کہ وہ ان کے لیے بد مزاج یا بدنیت ہے۔ یہاں کا خیال خام ہے۔ ایک میزان مرد کسی کے لیے برا نہیں سوچتا۔ بلکہ اس کا اس قسم کا عمل صداقت پسندی اور تحقیق پر مبنی ہوتا ہے۔ اور وہ تحقیق پسندی کو بہتر خیال کرتا ہے۔ اس کے اس طرز عمل سے غلط نتیجہ نہ نکالنا چاہیے۔ وہ یہ صرف اس لیے کرتا ہے کہ اپنے اردگرد ایک حفاظتی چار دیواری بنالے۔ اس طرح وہ اپنے آپ کو محفوظ سمجھتا ہے۔ ورنہ وہ امن پسند ہے۔ اور ڈرتا ہے کہ کسی خطرے یا الجھن میں گرفتار نہ ہو جائے۔

میزان مرد دوست بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے

۷۔ میزان مرد دوست بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ میزان مرد سخت مزاج ہوتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود اس کے دوستوں کی تعداد اچھی خاصی ہوتی ہے۔ صنف مخالف بھی اسے عزیز مانتی ہے۔ اور اس کی طرف کھنچی چلی جاتی ہے۔ میزان مرد ایک دلچسپ شخصیت رکھتا ہے۔ اس کے دوست جو اسے سمجھ لیتے ہیں۔ اسے شریف، نیک نیت اور خوش اخلاق مانتے ہیں۔ اسے اپنی گفتگو پر قدرت حاصل ہے۔ وہ بہتر الفاظ استعمال کرتا ہے اور رسیلی باتیں کرتا ہے۔ فریق ثانی اس سے جلد متاثر ہو جاتا ہے۔

نجومی پال کا میزان مرد کو مشورہ

۸۔ نجومی پال کے علاوہ دوسرے نجومی بھی ایک میزان کو مشورہ دیتے ہیں کہ میزان مرد کو چاہیے کہ اپنی خدا کی طرف سے عطا کردہ صلاحیتوں کو غلط ملط استعمال نہ کرے بلکہ لوگوں کی بھلائی کے لیے استعمال کرے۔ زیادہ تعداد میں میزان منفی اثرات کا شکار ہو کر اپنی خداداد صلاحیت غلط طور پر استعمال کرتا ہے۔ ایک میزان مرد انتہا پسند بھی ہوتا ہے۔ جنسی معاملات اور محبت کے جذبوں میں انتہا پسند ہے اور ان جذبوں کو عروج پر دیکھنا پسند کرتا ہے۔ ان معاملات میں اس کا ستارہ اس کی مدد کرتا ہے۔

بیماریاں

۹۔ کمر درد، گردے کی خرابی، ایڑھی کی ہڈی میں درد، سر میں درد، معدے

کی خرابی اور گھٹنے کا درد بھی ہوسکتا ہے۔

پیشے

فوج میں ملازمت، سفارتی مشن کا کام، سیاست، ایکسپورٹ امپورٹ کا کام، جیولری میں مہارت، مضمون نگاری، سماجی بھلائی کا کام، کاروبار میں شراکت، موسیقی، قانون سازی، اسٹینو گرافر، رقاص، مصور بھی میزان مرد اچھا بن سکتا ہے۔

میزان عورت

(LIBRA WOMAN)

۲۳ ستمبر تا ۲۲ اکتوبر

تعلق برج میزان، شمسی نظام کا ساتواں برج ہے

برج میزان LIBRA ہے جو بھی عورت اور مرد متعلق ہے انہیں میزان عورت اور میزان مرد کہا جاتا ہے۔ جو لوگ ۲۳ ستمبر تا ۲۲ اکتوبر کی تاریخوں میں پیدا ہوتے ہیں ان کا تعلق میزان برج (libra) سے ہوگا۔

برج میزان (libra) کا نشان ترازو ہے۔ اس کا حاکم سیارہ زہرہ (venus) ہے۔ زہرہ سیارہ محبت کی نمائندگی کرتا ہے۔ اور محبت کے جذبوں میں سرشار ہے اور رومان پرور تاثرات کا مظہر ہے۔ اس کا خوش بختی کا ہندسہ ۶ اور ۹ ہے۔ یہ سعد پتھر سنگ یشب رکھتا ہے۔ اگر اس پتھر کو میزان عورت یا مرد انگلی میں پہن لے تو اس کی تقدیر خوشگوار موڑ اختیار کر سکتی ہے۔

اس کا موافق رنگ نیلا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میزان عورت اور مرد آسمانی پھولوں اور پانی کو پسند کرتے ہیں۔ اور اس رنگ کا لباس پہن کر خوش ہوتے ہیں۔ انہیں آسمانی رنگ بے حد پسند ہے۔ نیلے خوشنما

پھول انہیں راحت بخشتے ہیں۔ برج میزان کا مبارک دن جمعہ ہے۔ جمعے کو میزان عورت اور مرد کسی منصوبے پر کام شروع کر دیں تو انہیں کامیابی حاصل ہوگی اور خاطر خواہ فائدے سے بہرہ ور ہوں گے۔

میزان عورت اور میزان مرد کے جنسی اور محبت سے لبریز تعلقات

یہ ایک میزان عورت اور میزان مرد محبت اور جنسی تعلقات میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ ان کے درمیان رومان پرور اور جنسی جذبے پروان چڑھ سکتے ہیں۔ ان معاملات میں وہ ایک دوسرے سے لذت اور خوشی حاصل کر سکتے ہیں۔ ان کے سرکش جذبات کو آسودگی، سرشاری اور سکون مل سکتا ہے۔ یہ لذت کیف اور سرور محسوس کر سکتے ہیں۔ لیکن ان کے درمیان ایک پائیدار ازدواجی رشتہ قائم ہونا بے حد مشکل امر ہے۔ اپنی شادی کو کامیاب بنانا انہیں ایک بڑی الجھن نظر آنے لگی اور یہ ایک دوسرے کو اپنے لیے موزوں ساتھی تصور نہ کریں گے۔

یہ رومان و محبت کے سلسلے کو تو برقرار رکھ سکتے ہیں لیکن محبت اور رومان کو مستقل روپ دینا ان کے لیے جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔ ان کی زندگی کچھ مدت کے لیے رومان اور پیار و محبت کے سہارے گزر سکتی ہے۔ لیکن ان میں جو مختلف دلچسپیوں اور رجحانات کا تضاد ہے وہ انہیں ایک دوسرے سے بیزار کر دے گا اور وہ اکتاہٹ محسوس کرنے لگیں گے۔ شانار ملک انڈونیشیا کا شہرہ آفاق نجومی کہتا ہے کہ میزان عورت اور میزان مرد

کا جوڑا شب عروسی ہی نہیں بلکہ ماہ عروسی اور سال عروسی کو بھی بڑے جوش و خروش سے پایۂ تکمیل تک پہنچا سکتا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہوا کہ ان کی شادی کی کامیابی کی مدت محض ایک سال ہے۔ اس کے بعد ان کے درمیان ناچاقی اور تکرار شروع ہو جائے گی اور سارے جنسی جذبے اور محبت کی سرشاری ختم ہو جائے گی۔ اور وہ ایک دوسرے میں ذرا بھی کشش محسوس نہ کریں گے۔ ان کا محبت بھرا جنسی جوش و خروش سرد پڑ جائے گا۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ ایک دوسرے کو اپنے لیے بوجھ تصور کریں گے۔ جیسے جیسے وقت گزرتا جائے گا، ان کے درمیان دوریاں بڑھتی چلی جائیں گی اور کسی مرحلے پر وہ ایک دوسرے سے مستقل طور پر علیحدہ ہو جائیں گے۔

لیکن اگر یہ جوڑا ایک دوسرے کو اچھی طرح سمجھ لے، پرکھ لے تو کامیاب ازدواجی زندگی بھی گزار سکتا ہے۔ کیونکہ دونوں کے مزاج کی ہم آہنگی انہیں ایسا کرنے پر مجبور بھی کر سکتی ہے۔ مگر دونوں کو ایک دوسرے کی خواہشات اور امنگوں کا خیال اور لحاظ رکھنا پڑے گا۔

امریکن نجومی برنارڈ شیفر کہتا ہے کہ اگر اس جوڑے کا زائچہ تیار کرتے وقت کوئی دوسرا برج منفی انداز میں اثر انداز نہ ہو تو ان کا رشتہ ازدواج بے حد کامیاب بھی ہو سکتا ہے، اور ان کی زندگی شاندار اور رشک آمیز انداز میں گزر سکتی ہے۔ اور زندگی کی خوشیوں، مسرتوں اور مزدوں کو پا سکتے ہیں۔ جنس اور محبت انہیں طمانیت اور مسرت بخش سکتی ہے۔ بصورت دیگر یہ جوڑا زیادہ تر رشتۂ ازدواج میں ناکام ہی رہے گا۔

میزان عورت اور عقرب مرد کے درمیان جنسی اور محبت آمیز جذبوں کی تکمیل

میزان عورت اور عقرب مرد کے درمیان جنسی اور محبت آمیز جذبوں کی تکمیل ہوسکتی ہے۔ ان کی شادی خوشیوں سے ہمکنار ہوسکتی ہے۔ رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے کے بعد یہ اپنی زندگی کو کامیاب اور سرشار بنا سکتے ہیں۔ ایک دوسرے سے جنسی عمل میں آسودگی، سرشاری اور لذت حاصل کر سکتے ہیں۔ اور ان کے درمیان گہری محبت ہو سکتی ہے۔ لیکن اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ ایک عقرب مرد اپنی میزان بیوی پر زیادہ رعب نہ جمائے اور اسے دبدبے سے مرعوب کرنے کی کوشش نہ کرے۔ دھونس سے کام نہ لے۔ اس سے بہتر سلوک کرے۔ اسے اپنی ملازمہ نہ سمجھے۔ عقرب مرد کی عادت ہے کہ اپنی بیوی کو رعب میں رکھتا ہے۔ اور اس پر اپنا دباؤ قائم رکھتا ہے۔ اور اسے اپنی مرضی سے چلانے کا عادی ہے۔ اس کے اس سخت انداز کو ایک میزان بیوی سختی سے ناپسند کرے گی۔ وہ اس کی اس قسم کی پابندیوں کو کبھی برداشت نہ کرے گی۔

ایک میزان عورت اپنی مرضی کی مالک بن کر رہنا زیادہ پسند کرتی ہے۔ اگر ایک عقرب مرد سمجھداری سے کام لے اور اسے اس کی مرضی پر چھوڑ دے اور اس سے پورا تعاون کرے تو ایک میزان عورت اپنے عقرب مرد سے ہمیشہ خوش رہے گی اور اس کی جائز خواہشات کی تکمیل کے لیے ہر وقت

کوشاں ہوگی اور اسے سرور، لذت، آسودگی اور کیف بخشے گی۔ اسے اپنی بہترین محبت دے گی اور کیف آور جنسی جذبوں سے نوازے گی۔ اس مہربان طبیعت کے بدلے اگر ایک عقرب شوہر اس کے لیے قربانی دے دے اور اس پر بیکار اور فضول پابندیاں عائد نہ کرے اور نہ اس پر رعب جمائے۔ بلکہ اپنے دباؤ وغیرہ کو ختم کر دے تو دونوں ایک دوسرے سے والہانہ محبت کریں گے اور خوشیوں کے پھول چنیں گے اور ساری زندگی ہنسی خوشی گزرے گی۔

چونکہ دونوں میں ایک دوسرے کو سمجھنے، پرکھنے اور مفاہمت کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ اس لیے وہ ایک دوسرے سے نباہ کر سکتے ہیں اور ایک دوسرے کے نقطۂ نظر کو تسلیم کر کے اپنی زندگی کو گلزار بنا سکتے ہیں اور زندگی کی حقیقی خوشیاں پا سکتے ہیں اور ان کا رشتہ ازدواج ساری زندگی مستحکم اور مضبوط رہے گا۔ ان کے مزاج میں جو فرق اور تضاد ہے اسے ختم کر کے یہ جوڑا ہمیشہ خوش و خرم رہ سکتا ہے۔ اور اپنی گھریلو زندگی کو جنت زار بنا سکتا ہے۔

عقرب مرد چونکہ اپنے اندر حد درجہ انانیت کا جذبہ رکھتا ہے۔ اسے یہ بات ذرا بھی پسند نہ ہوگی کہ اس کی بیوی کسی دوسرے سے بے تکلف ہو۔ اس سے وہ مشتعل ہو سکتا ہے۔ میزان عورت میں یہ کمزوری ہے کہ طبعاً دل پھینک قسم کی واقع ہوگی۔ اس لیے عقرب مرد کو اسے درست راہ دکھانا ہوگی۔ اور ایک عقرب مرد ایسا کر سکتا ہے۔ کیونکہ وہ طاقتورادہ

پیر و فقیر حافظ تنویر احمد رسول چشتی

0300-2879487

ترانا ہے۔ وہ اپنی میزان بیوی کو کسی غلط راستے پر نہ جانے دے گا۔ کیونکہ اپنی بیوی کو جنسی عوامل میں اتنا مصروف رکھے گا کہ وہ ادھر ادھر نظر ڈال ہی نہ سکے گی اور مطمئن ہو کر اپنے مقرب مرد کے گن گائے گی اور پھر اس سے ٹوٹ کر محبت کرے گی۔

میزان عورت اور قوس مرد میں جنسی عوامل اور محبت

نمبرا ایک میزان عورت قوس مرد سے بھی شادی کر کے مطمئن رہ سکتی ہے مگر ان کا رشتہ ازدواج مشکوک بھی ہے۔ یعنی یہ کامیاب بھی ہو سکتا ہے اور ناکامی سے بھی دوچار ہو سکتا ہے۔ اور ان کے درمیان جنسی عوامل اور محبت مرجھائی مرجھائی اور بے کیف ہوگی۔

ایک میزان عورت ایک قوس مرد میں جذباتی کشش محسوس کرتی ہے اور اس کی طرف مقناطیسی انداز میں کھنچی چلی جائے گی۔ لیکن جذباتی کشش کا ہونا الگ بات ہے اور جیون ساتھی بن کر رہنا اور چیز ہے۔ چونکہ ان کے مزاجوں میں تضاد ہے اس لیے اگر ان کی شادی ہو جائے تو یہ ایک آسودہ کیف آور اور مطمئن زندگی نہیں گزار سکتے۔ ایک دوسرے سے بیزار رہیں گے اور اکتاہٹ محسوس کریں گے۔

قوس مرد رنگین طبیعت رکھتا ہے۔ اور وہ احساس ذمے داری سے فرار چاہتا ہے اور ہمیشہ پر امید رہتا ہے۔ اسے ہر چیز اچھی اور خوبصورت لگتی ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ اپنی ترقی کے لیے ہر ممکن کوشش کرے۔ اور کرتا بھی

ہے۔ لیکن ذمے دارانہ احساسات کی کمی اس کی ترقی کرنے والی صلاحیت کو ختم کر دیتی ہے۔ ویسے میزان عورت اور قوس مرد مزاج کے لحاظ سے خود غرض اور مطلبی ہیں۔ لیکن ایک میزان عورت خود غرضی کو کبھی کبھی ختم بھی کر سکتی ہے اور اپنے مفاد کو پس پشت ڈال سکتی ہے۔ قوس مرد دل پھینک قسم کا انسان ہے۔ اس کی یہ عادت ایک میزان عورت کو ناگوار گزرے گی۔ کبھی کبھی ایک میزان شوہر فیاض اور دریا دل بھی بن جاتا ہے مگر اس کے باوجود ان کا رشتہ ازدواج مشکوک ہے۔

برج عقرب

(SCORPIO NO 8)

۲۳ اکتوبر تا ۲۲ نومبر

برج عقرب ستارہ مریخ

حروف: ذ، ش، ض، ظ، ن

(SCORPIO MAN)

تعلق برج عقرب: یہ شمسی نظام کا آٹھواں برج ہے

۱۔ برج عقرب (Scorpio) سے جو بھی عورت اور مرد متعلق ہے انہیں عقرب عورت اور عقرب مرد کہا جاتا ہے۔ جو لوگ ۲۳ اکتوبر تا ۲۲ نومبر کی تاریخوں میں پیدا ہوں گے ان کا تعلق برج عقرب سے ہوگا۔ یعنی یہ SCORPIO برج عقرب سے متعلق ہوں گے۔

برج عقرب کا نشان بچھو ہے۔ وہ اس کا عنصر پانی ہے۔ یہ حاکم سیارہ مریخ اور پلاٹو رکھتا ہے۔ خوش بختی کا ہندسہ اس کا ۳ اور ۹ ہے۔ ان ہندسوں کا استعمال ہی لا کر عقرب عورت اور مرد فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ سعد جمعہ کھراج

ہے۔ ہے اگر انگلی کی زینت بنا لیا جائے تو خوش بختی کے باب ان کے لیے کھل جاتے ہیں۔ موافق رنگ اس کا گہرا سرخ رنگ ہے۔ اس لیے اس برج سے متعلق لوگ گلاب کے پھول کو پسند کرتے ہیں۔ اور انہیں ہر خوبصورت سرخ چیز اچھی لگتی ہے۔ یہ لوگ سرخ پردے اپنے کمرے میں استعمال کر کے خوش ہوتے ہیں۔ مرد و خواتین کے ملبوسات میں سرخ رنگ کی جھلک نمایاں ہوگی۔ مبارک دن یہ برج منگل رکھتا ہے۔ منگل کے روز عقرب مرد و خواتین جو کام بھی شروع کریں۔ اس میں انہیں کامیابیاں اور کامرانیاں حاصل ہوں گی۔

جنسی اور محبت آمیز جذبات

۲۔ بروجوں کے نظام میں عقرب آٹھواں برج شمار کیا جاتا ہے۔ برج ثور اس کے بالمقابل واقع ہوتا ہے۔ یہ دونوں برج ایک مشترک قدر رکھتے ہیں۔ یعنی قبضہ جمانے کی شدید خواہش ان میں پائی جاتی ہے۔ اس طرح یہ جنسی اور محبت آمیز جذبات میں بھی قبضہ جمانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ ان کا جیون ساتھی ان سے ٹوٹ کر محبت کرے اور انہیں جنسی لذت اور آسودگی سے نوازے اور ایک بھرپور محبت دے۔ وہ کسی دوسرے کی ان کے معاملات میں مداخلت کو بہت برا سمجھتے ہیں اور وہ شدید غصے میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

برج عقرب ازدواجی نقطہ نظر سے عقرب مرد کے لیے ایک خاص اہمیت کا حامل ہے۔ ان میں قدر مشترک قبضہ جمانے کی ہی تھوڑا سا فرق

ہے۔ ثور مرد دولت اور سامان پر تسلط جمانا چاہتا ہے۔ اور عقرب مرد
انسانوں پر حکم چلانا اور انہیں اپنے قبضے اور قابو میں رکھنا زیادہ پسند کرتا
ہے۔ اسی طرح وہ اپنی عورت پر بھی قبضہ جما کر رکھتا ہے۔ اور اسے خاص
قسم کی پابندیوں میں جکڑ دیتا ہے۔ اور وہ وظیفہ زوجیت کو سختی سے نبھاتا
ہے۔ اور جنسی لذت و سرور حاصل کرتا ہے۔ اس کی زوجہ بھی نئی نئی
لذتوں سے آشنا ہوتی ہے۔ اور ان معاملات میں اسے قدر اور عزت کی
نظر سے دیکھتی ہے۔ اور اپنے عقرب شوہر کے لیے اس کے دل میں شدید
محبت پیدا ہوتی ہے۔ اور وہ محبت کے جذبوں میں سرشاری محسوس کرتی
ہے۔ ایک عقرب شوہر اسے اسی طرح آسودہ کر دیتا ہے۔ اور وہ ایک
آسودہ بلی کی طرح بستر پر لڑھک جاتی ہے۔ چھ برجوں کے لوگوں
کی فطرت اور ان کے مشاغل اور کاموں کے متعلق آپ کو علم ہو چکا ہے۔
آئندہ چھ برجوں کے مالک لوگ ان سے مختلف ہیں۔ اور ان سے الگ اپنی
حیثیت رکھتے ہیں۔ وہ لوگ دوسرے لوگوں سے رابطہ رکھنے والی دلچسپیوں
میں زیادہ دلچسپی اور رغبت رکھتے ہیں۔ پہلے چھ برجوں کے لوگ اپنی ذات
اور اپنی انا میں اضافہ کرتے ہیں۔ مگر آئندہ چھ برجوں والے لوگ دوسروں
سے رابطہ رکھنے کے کام کو پسند کرتے ہیں۔

عقرب مرد جھکنا نہیں جانتا

۳ چونکہ عقرب مرد جھکنا نہیں جانتا۔ اس لیے عقرب عورت کا عقرب مرد

سے ازدواجی رشتہ بڑا صبر آزما اور آزمائشوں سے پُر ہو سکتا ہے۔ عقرب
عورت کو قدم قدم پر الجھنوں، پریشانیوں اور بے چینیوں سے گزرنا ہوگا۔
عقرب مرد کا مزاج حاکمانہ ہے۔ وہ کسی کے آگے جھکنا پسند نہیں کرتا۔
ایک عقرب عورت جانتی ہے کہ عقرب مرد اس کے اشاروں پر نہیں
چلے گا۔ اور نہ اس کا حکم مانے گا۔ وہ ہر معاملات میں اپنی مرضی کرے گا۔
اسی طرح وہ جنسی جذبوں اور صحبت کے معاملات میں بھی اپنی مرضی سے
کام لیتا ہے۔ مگر عورت کو وہ اچھی طرح سکون لذت اور تسکین بخشتا ہے۔
یہی ایک حرکت ایسی ہے جسے عقرب عورت پسند کرے گی۔ عقرب مرد
اس کے آگے دب کر نہ رہے گا۔ بلکہ اسے دبا کر رکھے گا۔ عقرب عورت
چاہے گی کہ وہ اس کو دب کر رکھے۔ اس طرح ان کی ازدواجی زندگی طوفانوں
اور اندھیروں کی نذر ہو سکتی ہے۔ اس کے برعکس ایک عقرب عورت
دوسرے برجوں کے مردوں کے لیے بہتر طور پر گزار سکتی ہے۔ اور کامیابی
سے اپنی منزلیں استوار کر سکتی ہے۔ روز روشن راستوں پر چل سکتی ہے اور
اپنے گھریلو ماحول کو تابناک بنا سکتی ہے۔

عقرب مرد شکی مزاج بھی ہوتا ہے

۴ عقرب مرد شکی مزاج ہونے کے علاوہ جلن، حسد اور انانیت کے جذبے
بھی رکھتا ہے۔ وہ دنیا کی ہر قیمتی چیز کے مقابلے میں اپنے ان جذبوں کو بیش
بہا قیمتی جانتا ہے۔ اور اپنے ان جذبوں کو دولت کے مقابلے میں زیادہ

قیمتی اثاثہ اور سرمایہ سمجھتا ہے۔ برج عقرب کا عنصر پانی ہے۔ ایسا سمندر سمجھ لیجئے جس کی اتھاہ کا پتہ نہ ہو اور جس کی پرسکون سطح کے نیچے ایک زبردست طوفان چھپا ہو۔ جو کسی وقت بھی باہر آ کر سب کچھ بہا لے جائے عقرب لوگ ضدی ہونے کے ساتھ ساتھ باہمت اور بہادر ہوتے ہیں۔ خطروں کا مقابلہ جرأت، ہمت اور بہادری سے کرتے ہیں۔ سینہ سپر ہو جاتے ہیں۔ انہیں اس طرح سرکش دیکھ کر دوسرے برجوں کے لوگ حیرت زدہ ہو جاتے ہیں۔

عقرب مرد میں راہنمائی کی صلاحیت ہوتی ہے اور بہترین حکمت عملی سے کام لے کر مفاد حاصل کر لیتا ہے۔ اور دوسروں کی بھی صحیح راہنمائی کرتا ہے۔ انہیں بھی فائدہ پہنچاتا ہے۔ عقرب لوگ سوچتے بھی جاتے ہیں اور عمل بھی کرتے جاتے ہیں۔

ایک عقرب مرد کسی قسم کے جھگڑے یا ہنگامی حالات سے نہیں گھبراتا اور بے خوف رہتا ہے۔ بلکہ ان کے تدارک کے لیے پرسکون انداز میں کام کرتا ہے۔ اور ایسی صورت حال پر وہ جلد ہی قابو پا لیتا ہے۔ اپنی سرکش بیوی کو ایک عقرب مرد جلد ہی کنٹرول کر لیتا ہے۔ اور اس پر آسانی سے قابو پا لیتا ہے۔ وہ اس سے جنسی فعل اس انداز سے کرتا ہے کہ اس کی ساری سرکشی حیرت اور خوشی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ اور وہ مست اور بیخود ہو کر لذت، سرشاری اور سکون محسوس کرتی ہے۔ اور اس کے سرکش جذبے محبت بھرے انداز میں ڈھل جاتے ہیں۔ اور وہ اپنے شوہر کو دیوانہ وار

چاہنے لگتی ہے۔ اور اس کے دل میں اس کے لیے والہانہ لگاؤ پیدا ہو جاتا ہے اور وہ اس پر مرمٹنے کے جذبے اپنے دل کی گہرائیوں میں مچلتے محسوس کرنے لگتی ہے۔ نجومی بالکل کہتا ہے کہ وہ کسی وقت بھی اپنے شوہر پر فدا ہو سکتی ہے۔ اور اپنے عقرب شوہر پر اپنی جان نثار کر سکتی ہے۔ وہ اس کے لیے بہترین خواہشات اپنے دل میں رکھتی ہے۔

کشش

عقرب مرد میں ایک خاص قسم کی کشش ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسے محبت کے حصول میں جلدی کامیابی حاصل ہو جاتی ہے۔ جس جگہ بھی جاتا ہے اپنی اس کشش کے تحت کامیابیاں حاصل کرتا ہے۔ اگر وہ ملازمت کے لیے جاتا ہے تو اسے ملازمت مل جاتی ہے۔ عقرب افراد اکثر کامیابی سے ہمکنار ہو جاتے ہیں۔ چونکہ ایک عقرب مرد پرخلوص، مخلص اور دیانتدار ہوتا ہے۔ اس لیے اس کا افسر یا شریک کاروبار اسے اچھا سمجھتا ہے اور اسے پسند کرتا ہے۔

عقرب مرد بظاہر تو اپنے غصیلے جذبات پر قابو پا لے گا۔ مگر اس کے دل میں طوفان اٹھتے رہیں گے اور مشتعل جذبے کھولتے رہیں گے۔ وہ اندر ہی اندر بھڑکتا رہے گا۔ اور اسے جلد ہی نکال باہر پھینکے گا۔ اس کے باوجود ایک عقرب مرد نیک دل ہوتا ہے۔ اور اس کے دل میں اپنے ساتھیوں سے ہمدردی اور انس ہوتا ہے۔ اور اس انس کے تحت وہ گاہ بگاہ ان کی

مدد بھی کرتا رہتا ہے۔ عقرب مرد جو بھی پیشہ یا مشغلہ اختیار کرے۔ اس میں وہ اپنی جدوجہد، محنت اور انتھک کاوش سے کامیابی حاصل کرکے فائدہ اٹھاتا ہے۔ لیکن اکثر اوقات اپنی بے تدبیری سے وہ اپنے معاملات بگاڑ کر الجھن کا شکار ہو جاتا ہے۔ وہ اس کی پرواہ نہیں کرتا۔ پھر محنت سے کام شروع کر دیتا ہے۔

عقرب مرد کے پیشے

صنعتی، سیاسی، جاسوسی اور سائنسی تحقیقات سے لگاؤ۔ طب، صحافت اور تفتیش کا شعبہ، نفسیاتی علاج اور آثار قدیمہ سے متعلق پیشے اختیار کرکے کامیاب ہو سکتا ہے۔

بیماریاں

ایک عقرب مرد جوڑوں کے درد، ناک کی بیماری، نزلہ زکام، حلق کی بیماری اور آنتوں، پیچش کی بیماری میں مبتلا ہو سکتا ہے۔

عقرب عورت

(SCORPIO WOMAN)

۲۳ اکتوبر تا ۲۲ نومبر

تعلق برج عقرب، شمسی نظام کا آٹھواں برج

برج عقرب (SCORPIO) سے جس عورت اور مرد کا تعلق ہے اسے عقرب عورت اور عقرب مرد کہا جائے گا۔ جو لوگ ۲۳ اکتوبر تا ۲۲ نومبر کی تاریخوں میں پیدائش رکھتے ہیں۔ انہیں عقرب مرد اور عقرب عورت کہا جاتا ہے۔ کیونکہ ان کا ہر حال میں تعلق برج عقرب سے ہی ہوگا۔ برج عقرب (SCORPIO) کا نشان بچھو ہے۔ اور اس کا عنصر پانی ہے۔ اس کا حاکم سیارہ مریخ اور پلوٹو ہے۔ اور یہ خوش بختی کا ہندسہ ۳ اور ۵ رکھتے ہیں۔ ان ہندسوں کو استعمال میں لا کر عقرب عورت اور مرد فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور کسی قسم کی بھی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ ان کا سعد پتھر پکھراج ہے۔ اگر اس پتھر کو انگلی کی زینت بنا لیا جائے تو خوش بختی کے راستے ان کے سامنے کھل جاتے ہیں۔ اور ان پر چل کر وہ کامیابیوں کی منزلوں سے ہمکنار ہو سکتے ہیں۔ موافق رنگ برج عقرب کا سرخ رنگ ہے۔ اسی لیے اس برج سے متعلقہ

رنگ گلاب کے پھولوں کو پسندیدگی کی نظروں سے دیکھتے ہیں۔ اور ہر سرخ خوبصورت چیز کے لیے اپنے دل میں تعریف و تحسین کے جذبے محسوس کرتے ہیں۔ عورت اور مرد کے لباس میں چاہے سرخ رنگ کی ہلکی سی جھلک ہو مگر سرخ رنگ کی جھلک ضرور ہوگی۔ اس جھلک سے وہ خوشی محسوس کرتے ہیں۔ مبارک دن اس برج کا منگل ہے۔ منگل کے روز عقرب عورت اور عقرب مرد جو بھی کام باقاعدہ شروع کرے گا۔ اس میں اسے نمایاں کامیابی حاصل ہوگی۔

عقرب عورت اور اسد مرد کی ازدواجی زندگی میں محبت اور جنسی آسودگی

نمبر۲۔ اسد مرد بھی عقرب عورت کی طرح ضدی مزاج رکھتا ہے۔ مگر وہ ایک معقول انسان ہے۔ اسد مرد اور عقرب عورت کی ازدواجی زندگی میں محبت اور جنسی آسودگی تو ہوگی۔ مگر اسد مرد اپنی عقرب بیوی کی فضول خواہشات پوری نہ کرے گا۔ وہ ہر نامعقول احمقانہ اور فضول بات پر اپنی بیوی کو فوراً نصیحت کرے گا۔ اور اس کی یہ بات یا حرکت ایک عقرب بیوی کو سخت ناگوار گزرے گی۔ مگر ایک عقرب بیوی کو اس بات پر دھیان رکھنا چاہیے اور سمجھ لینا چاہیے کہ اس کا اسد شوہر جو بھی اعتراض یا نصیحت کرے گا وہ اس کے خلوص اور محبت پر مبنی ہوگی۔ اس کے پیش نظر اپنی بیوی کی بھلائی ہوگی۔ اور وہ اپنی بیوی کی خیرخواہی کے لیے ایسا کرے گا۔ عقرب عورت کی

طرح اسد مرد کا غصہ بھی خوفناک ہوتا ہے۔ دونوں ہی غصیلے اور ضدی مزاج رکھتے ہیں۔ غصے اور اشتعال کی صورت میں اسد شوہر جارحانہ انداز بھی اختیار کر سکتا ہے۔ عقرب عورت اگر اس کے ساتھ پرسکون مطمئن اور شاداب و کامران زندگی گزارنا چاہتی ہے تو اسے اپنے شوہر کی اس فطرت کے پہلو کا خیال کر کے بردباری اختیار کرنا ہوگی۔ اس صورت میں اس سے جنسی لذت، والہانہ محبت اور تسکین حاصل کر سکتی ہے۔ عقرب عورت جنسی تجربات سے گزرنا پسند کرتی ہے۔ مغربی ممالک میں تو ایک عقرب عورت وقت سے پہلے ہی جنسی تجربات سے گزر جاتی ہے اور نت نئے طریقوں سے لذت کوشی کر کے سرور، مزا کیف اور حظ حاصل کر لیتی ہے۔ مغربی ممالک میں جنسی تعلقات کو شادی سے پہلے برا نہیں سمجھا جاتا۔ اس لیے وہاں اس قسم کی خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔

ایک اسد مرد اپنی بیوی کو اپنی نظروں سے دور رکھنا پسند نہیں کرتا۔ اگر وہ کہیں جائے تو اس کی نگرانی کرتا ہے۔ اور اس کے مختلف مشاغل کی طرف اچھی طرح دھیان دیتا ہے۔ اور اس کی ہر حرکت کو اپنی نظر میں رکھتا ہے۔ عقرب عورت اپنے اسد شوہر کے ساتھ اس صورت میں اچھی اور خوشگوار ازدواجی زندگی گزار سکتی ہے۔ جب وہ اپنے شوہر کی فطرت کا مشاہدہ کر کے کوئی قدم اٹھائے اور اسے کسی قسم کی شکایت یا شکوے کا موقع نہ دے۔ اور اس کے ساتھ ہر طرح تعاون کرے۔

اسد مرد سستی، کاہلی کو سختی سے ناپسند کرتا ہے۔ کیونکہ وہ خود بھی

جدوجہد کرنے والا ایک محنتی شخص ہے۔ اس لیے وہ دوسروں سے بھی محنت و مشقت کی توقع رکھتا ہے۔

عقرب عورت بھی چونکہ محنتی اور جدوجہد کرنے والی ہے۔ اس لیے اس سلسلے میں اس سے ایک اسد شوہر کو شکایت نہ ہوگی۔ اس نہج پر وہ اسے پسند کرے گا۔ عقرب عورت کو ایک اسد مرد سے شادی کے بعد اس کے ساتھ اس کی مرضی کے مطابق تعاون کرنا پڑے گا۔ تب ہی اس کی زندگی شاہانہ خطوط پر استوار ہوگی۔ اور ان کی ازدواجی زندگی میں کبھی کوئی طوفان نہ آئے گا۔ اور وہ آرام و سکون سے زندگی گزاریں گے۔ اگر عقرب عورت اپنے اسد شوہر سے تعاون نہ کرے گی تو ان کے درمیان جلد ہی علیحدگی ہو جائے گی۔

عقرب عورت اور سنبلہ مرد کا شادی کے بعد جذباتی ملاپ

سنبلہ مرد سنجیدہ طبیعت ہے۔ عقرب عورت شادی کے بعد اپنے سنبلہ شوہر کو بے حد پسند کرے گی۔ سنبلہ مرد میں کچھ ایسی خصوصیات اور خوبیاں ہیں جنہیں ایک عقرب بیوی پسند کرے گی۔ اور اسے تحسین و توصیف کی نظر سے دیکھے گی۔ اس کے باوجود بھی شاید اسے اپنے سنبلہ شوہر سے نباہ کرنے میں مشکلات اور الجھنیں پیش آئیں۔ سنبلہ مرد اس سے بے انتہا محبت کرے گا۔ اس کی خوشیاں اس کے لیے محترم ہوں گی۔ اور وہ اس کے ساتھ ہر طرح تعاون کرے گا۔ اسے مسرتیں دے گا۔ جنسی لذتوں

سرور اور کیف سے نوازے گا۔ بھرپور جذباتی محبت دے گا اور اس کے جذبات اپنی عقرب عورت کے لیے بھرپور اور خوشیوں سے لبریز رہیں گے وہ اسے جنسی طور پر آسودہ رکھے گا۔ اور اسے نت نئی لذتوں سے آشنا کرے گا۔ وہ اس کے جذبات اور خواہشات کا ہر طرح خیال رکھے گا۔ پھر بھی ایک سنبلہ مرد ایک عقرب کے لیے خشک ثابت ہوگا۔ اور اس کا خشک مزاج اس کی جذباتی کیفیت سے ہم آہنگ نہ ہوگا۔ ایک عقرب عورت سنجیدگی اور سکون کی بجائے رونق اور زندگی کی چہل پہل اور ہلچل کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جس کے لحاظ سے سنبلہ مرد ایک عقرب عورت کے لیے موزوں ثابت نہ ہوگا۔ وہ جوش و خروش اور گرما گرم جذبات سے لطف اندوز ہونے والا شخص نہیں ہے۔ وہ ہر کام کو سنجیدگی سے کرنا پسند کرتا ہے۔ لیکن عقرب عورت جوش و خروش، گرمی اور تیزی کو چاہتی ہے۔ جو اسے اپنے سنبلہ مرد سے کسی صورت میں حاصل نہ ہوگی۔ یہ چیز اسے جلد ہی بد دل کر سکتی ہے۔

ایک سنبلہ مرد اپنے والدین اور اپنے گھریلو ماحول کو بے حد پسند کرتا ہے اور اپنے بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب کی بے حد قدر کرتا ہے۔ اس طرح وہ اپنے والدین کا فرمانبردار بیٹا ہے۔ اسی طرح وہ اپنے گھر کو بھی پسند کرتا ہے۔ وہ اپنے گھر کو بھی پسند کرتا ہے۔ وہ گھریلو قسم کی سوچ رکھتا ہے اور گھریلو کاموں میں اپنی بیوی کا ہاتھ بٹا سکتا ہے۔ گھریلو ماحول کے علاوہ بھی وہ بیوی کے دوسرے کاموں اور مشاغل میں مداخلت نہ کرے گا۔ سنبلہ

مرد میں یہ خوبیاں اور قابلیت ہے کہ اس کی گھریلو ذمے داریاں کتنی بھی کٹھن ہوں، وہ انہیں ہر حال میں پوری کرے گا۔ کسی گھریلو الجھن، مشکل یا انتشار سے نہ گھبرائے گا۔ اور بہت بہادری اور حوصلے سے ان کا مقابلہ کرے گا۔ اور حالات کو معمول پر لے آئے گا۔

اگر عقرب عورت اپنے شوہر سے مل کر کام کرے اور اس سے پورا پورا تعاون کرے تو وہ اسے اپنا مونس، غمخوار اور ہمدرد پائے گی۔ اور مختلف مسائل کو اسکی مدد سے حل کرے گی۔ اس کا سنبلہ شوہر دوسرے مردوں کی نسبت زیادہ با اعتماد ثابت ہوگا۔ اس پر ہر قسم کا بھروسہ اور اعتماد کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح جب ان میں باہمی اعتماد اور بھروسہ قائم ہوگا تو یہ ماحول یقیناً ان کے لیے انتہائی سازگار ہوگا۔ اور ان کی ازدواجی زندگی اس ماحول میں شاندار اور مثالی گزر سکتی ہے۔ اور ایک عقرب عورت سنبلہ مرد کو ایک اچھا شوہر پائے گی۔ جب ان کے درمیان اعتماد اور تعاون کی فضا مضبوط ہو جائے گی تو ان کے درمیان کوئی جھگڑا نہ ہوگا اور وہ سکون و اطمینان کی خوشگوارانہ زندگی گزارنے کا موجب بنیں گے۔ اس طرح وہ ایک مضبوط اور مستحکم رشتے میں بندھ جائیں گے۔ اور ایک دوسرے کے لیے بہترین لائف کمپنین ثابت ہوں گے۔

ایک سنبلہ مرد چاہتا ہے کہ کچھ عرصہ وہ زندگی سے لطف حاصل کرے اور جنسی حظ اٹھائے اور بچے نہ پیدا ہوں۔ لیکن جب بچے پیدا ہوں گے تو وہ ان کے لیے محبت کرنے والا باپ ثابت ہوگا۔ انہیں شفقت اور پیار

دے گا اور ان کی ضروریات کا ہر طرح خیال رکھے گا۔ اس کے اس ایثار سے عقرب بیوی خوش ہوگی۔

برج قوس

(SAGITTARIUS NO 9)

۲۳ نومبر تا ۲۰ دسمبر

برج قوس سے متعلق

حرف: ف

تعلق برج قوس، شمسی نظام کا نواں برج ہے

۱ ۔ برج قوس (SAGITTARIUS) سے جو عورت اور مرد متعلق ہے وہ قوس عورت اور قوس مرد کہلاتا ہے۔ جو لوگ ۲۳ نومبر تا ۲۰ دسمبر کی تاریخوں میں پیدا ہوتے ہیں انہیں قوس عورت اور قوس مرد کہا جاتا ہے۔ کیونکہ ان کا برج قوس ہی ہوتا ہے اور یہ برج ان کے حالات پر اثر انداز ہوتا ہے۔

برج قوس کا نشان تیر انداز ہے۔ یہ عنصر آتش سے رکھتا ہے۔ حاکم سیارہ اس کا مشتری ہے۔ خوش بختی کا ہندسہ ۳ ہے۔ اگر یہ لوگ اس ہندسے کو اپنی خوش نصیبی کے لیے استعمال کریں تو انہیں کامیاب ہو سکتی ہے۔ اور ان کی قسمت خوشگوار مراحل طے کر سکتی ہے۔ موافق رنگ نیلا، زرد اور سرخ ہے۔ ان

کی جھلک ان کے لباسوں میں نمایاں ہو کر انہیں سکون اور طمانیت بخشتی ہے اور یہ خوشی اور فرحت محسوس کرتے ہیں۔

سعد پتھر ان کا پکھراج ہے۔ اس پتھر کو اگر انگلی میں پہن لیا جائے یا کسی بھی طرح اپنے پاس رکھا جائے تو ان کے لیے خوش بختی کا پیغام ثابت ہو سکتا ہے۔ اور ان کے بگڑے کام سنور سکتے ہیں۔ برج قوس کا کوئی خاص دن مقرر نہیں۔ اس کے لیے ہفتے کے ساتوں موزوں ہیں۔ اور ان کے کاموں کے لیے خوش نصیبی کے دن ہیں۔ اگر ان دنوں میں یہ کوئی کام محنت جد و جہد اور لگن سے کریں تو کامیاب ہو سکتی ہے۔ اور ذرا کمزوری دکھائیں گے تو انہیں نقصان بھی ہو سکتا ہے۔

جنسی جذبات اور محبت

۲ ۔ برج قوس ایک دیو مالائی شخصیت کی عکاسی کرتا ہے۔ اور یہ شخصیت اپنے پہلوؤں کے لحاظ سے بعد خرافات سے تعلق ہے۔ علم نجوم کی رو سے برج قوس کا نشان تیر انداز ہے۔ جو کمان کھینچے ہوئے قاہر کیا گیا ہے۔ یہ دیو مالائی علامت ایک قوس مرد کی مکمل عکاسی کرتی ہے۔ اور اس کی تمام خوبیوں اور خصوصیات کا اظہار اسی سے ہوتا ہے۔ تیر انداز کا اوپر کا حصہ انسان کا ہے اور دھڑ گھوڑے کی طرح ہے۔ اس کی ساخت انسان اور گھوڑے سے مشابہت رکھتی ہے۔ گھوڑے کا مزاج چونکہ برق رفتار سا ہے۔ انسان کی صورت دماغ کی علامت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک قوس مرد تیز دماغ اور ذہین ہوتا ہے۔ موجود دور میں

پیر و مرشد حافظ نوید احمد رسول چشتی

0300-2879487

ہیں اگر نجومی اسے کار کی صورت میں ظاہر کریں تو ایک ہی بات ہوگی۔ کیونکہ اس سے مقصود ہے برق رفتاری۔ اور کار سیر و سفر کی نمائندگی کرتی ہے۔ ایک قوس مرد موٹر کار کی رفتار سے سب افراد سے زیادہ خوشی محسوس کرے گا اور اسے ایک انجانا سا لطف ملے گا۔ اسی طرح اس کے جنسی معاملات میں گرمجوشی اور تیز رفتاری ہوتی ہے۔ مگر اعتدال رکھتا ہے۔ اور محبت کے جذبات بھی معتدل ہوتے ہیں۔ وہ معتدل مگر گرم جوشی محبت کرتا ہے۔ ایک قوس مرد اپنے جنسی جذبوں کی تسکین پرجوش مگر معتدل انداز میں کرتا ہے۔ اگر اس کی بیوی بھی اسی طرح اس کا ساتھ دے تو اسے بے حد لذت اور سرور و کیف ملتا ہے۔ اور وہ اپنے اس جیون ساتھی کو بے حد پسند کرتا ہے اور اس سے والہانہ اور سرشارانہ انداز میں محبت کرتا ہے۔ اور دونوں ہی جنسی جذبات کی لذت نئی آسودگی اور تسکین سے فرحت اور خوشی محسوس کرتے ہیں اور ان کے درمیان گہری اور پائیدار محبت پیدا ہو جاتی ہے۔

سیر و تفریح ایک نفسیاتی اور جذباتی ضرورت

۳۔ ایک قوس مرد کے لیے سیر و تفریح نفسیاتی اور جذباتی ضرورت ہے۔ وہ اپنے برج کی علامت کے لحاظ سے اسے بے حد پسند کرتا ہے۔ اور اسے سیر و تفریح سے نفسیاتی حد تک دلچسپی ہوتی ہے۔ اور وہ سیر و تفریح کو بے حد پسند کرتا ہے۔ اس طرح حرکت میں رہ کر اپنے جذبات کو متوازن اور معتدل پسند بناتا ہے۔ وہ اس لیے ایسا کرتا ہے کہ اس طرح اپنے مانوس اور یکسانیت زدہ

ماحول سے دور رہے۔ اگر کسی وجہ سے ایک قوس مرد کو سیر و تفریح کے مواقع نہ ملیں تو وہ سفرنامے پڑھ کر اپنے اس ذوق کی تسکین کرتا ہے۔ اور وہ سفرنامے نہ پڑھے تو اپنے خیالات کی دنیا میں سفر کرتا ہے۔ جب کبھی اسے سیر و تفریح کا موقع مل جائے تو اسے کبھی نہ گنوائے گا اور اپنے ساتھ حسین جیون ساتھی کو رکھے گا اور اس سے محبت کرے گا اور سفر میں جنسی جذبات سے دل بہلائے گا۔ وہ جنسی تسکین کے لیے پارکوں یا ہوٹلوں کا رخ کرے گا۔ اور اپنے حسین جیون ساتھی کو اس غرض کے لیے شاندار ماحول دے گا۔ پھر دونوں ہی اس ماحول میں اپنی جنسی آسودگی کے لیے عمل پیرا ہوں گے۔ مگر ایک دوسرے سے گرم جوشی مگر اعتدال پسند محبت کرتے ہوئے لذتیں سرور اور کیف سمیٹیں گے۔

جسمانی صحت محبت بھرے جذبے

۴۔ قوس مرد کی جسمانی صحت بہت بہتر ہوتی ہے کیونکہ وہ اس کا شدید خیال رکھتا ہے۔ اس کا جسم متوازن، چھریرا اور خوبصورت ہوتا ہے۔ لیکن درمیانی عمر میں جا کر کسی قدر بھاری پن در آتا ہے۔ ایک قوس مرد اپنے دل میں محبت بھرے جذبے رکھتا ہے اور ان کی قدر کرتا ہے۔ ادھیڑ عمر ہو جانے کے باوجود ایک قوس مرد کی چال ڈھال میں خاص تمکنت، وقار اور دلکشی ہوتی ہے۔ اس کے چلنے پھرنے کا انداز خوبصورت ہوتا ہے جسے صنف نازک بے حد پسند کرتی ہیں۔ اور ان کے دل میں ہلچل پیدا ہو جاتی ہے اور وہ قوس

مرد کی طرف ایک مقناطیسی کشش کے تحت کھنچی چلی جاتی ہیں۔ قوس مرد بیٹھا ہوا زیادہ دلکش نہیں لگتا جتنا کہ وہ چلتا پھرتا نظر آتا ہے۔ اس کے علاوہ وہ چلنے میں ایک لطف محسوس کرتا ہے اور چلنا پھرنا اسے عزیز ہے۔ قوس افراد کسی جگہ پابند ہو کر نہیں بیٹھ سکتے اور نہ اس قسم کا کام پسند کریں گے جس میں انہیں چلنے پھرنے کا موقع نہ ملے۔ اگر کسی وجہ سے انہیں قیدی بنا دیا جائے تو وہ سخت پریشان ہوں گے اور ان کی صحت بگڑنا شروع ہو جائے گی اور وہ کمزور ہوتے چلے جائیں گے۔ چلنے پھرنے اور متحرک رہنے کو وہ زندگی سمجھتے ہیں۔ قیدی بن کے بیٹھ رہنا ان کے لیے موت ہے۔ نقل و حرکت کو وہ بے حد پسند کرتے ہیں۔ ایک قوس مرد چلنے پھرنے میں اپنے آپ کو کنٹرول نہیں کر سکتا۔ وہ اچھلتا کودتا آگے بڑھتا جائے گا۔ اور اس طرح وہ مزا محسوس کرے گا۔ کبھی کبھی اسے ٹھوکر بھی لگتی ہے اور اس کا پاؤں بھی پھسل جاتا ہے اور گرنے کی وجہ سے اسے شدید چوٹ بھی لگ سکتی ہے۔ مگر وہ اپنی اس فطری عادت سے مجبور ہے۔ دراصل ایک قوس مرد چلتا ہوا خیالوں میں گم ہو جاتا ہے۔ اور طرح طرح کی سوچیں اس کے ذہن پر قبضہ جما لیتی ہیں۔ اس طرح بے خیالی میں اسے ٹھوکر لگتی ہے یا پاؤں پھسل جاتا ہے۔ اور وہ گر کر چوٹ کھا لیتا ہے۔ خیالات میں گم ہونے کی وجہ سے اس کے قدم غلط انداز میں پڑنے لگتے ہیں۔ یہی وجہ ہے ایک قوس عورت چلتے پھرتے ہوئے دوسری عورتوں کے مقابلے میں بہت زیادہ پُرکشش ہے۔

محبت کا انداز

ہے۔ قوس مرد محبت کا اپنا ایک انداز رکھتا ہے وہ پرجوش ہے اور تیز رفتاری کو پسند کرتا ہے۔ لیکن محبت کے معاملے میں تیزی دکھانے کے باوجود وہ اعتدال پسند ہے۔ مگر وہ اس قسم کی بھی محبت نہیں کرتا کہ محبوب کی یاد میں تارے گنے اور اس کی یاد میں ٹھنڈی آہیں بھرے اور مجنوں بن کر رہ جائے۔ وہ اس قسم کی محبت کو پسند نہیں کرتا۔ وہ اپنے جیون ساتھی سے پرجوش محبت کرتا ہے۔ لیکن معتدل انداز میں۔ اس کے والہانہ انداز اس کی بیوی کو بے حد پسند آئیں گے۔ جنسی معاملات میں تیز رفتاری کو پسند کرنے کے باوجود اعتدال سے کام لیتا ہے۔ اور اپنے آپ پر دیوانگی مسلط نہیں کرتا۔ اپنے جیون ساتھی کے سرور، لذت اور خواہش کا خیال رکھتا ہے۔ اور ایک بہترین طریقے سے اسے آسودگی اور تسکین بخشتا ہے۔ اور خود بھی پرسرور اور کیف آور انداز میں آسودہ ہوتا ہے۔ اس طرح دونوں کے دلوں میں محبت کی شمع روشن رہتی ہے۔

پیشے

ہے۔ ٹرانسپورٹ کا کام، فوج میں ملازمت، قانون دان بننا، تعلقات عامہ، سیاست، صنعت، تجارت، اسپورٹس، میڈیسن کا کام، وکالت، لٹریچر اور صحافت، اداکاری، تعلیم و تدریس، نشر و اشاعت، انجینئرنگ اور ایڈورٹائزنگ کا پیشہ قوس مرد کے لیے مناسب ہے۔ اور ان سے ایک قوس مرد خاطر خواہ فائدہ اٹھا کر زندگی کے میدان میں ترقی کر کے نام پیدا کر سکتا

پروفیسر حافظ نوید احمد اول چشتی

0300-2879487

ہے۔ اور مستقبل کی راہیں روشن کر سکتا ہے۔

بیماریاں

نے حلق کی بیماری، کولہوں کے درد، گنٹھیا اور بخار میں گردے سکڑنے کی بیماری، لنگڑا پن ہو سکتا ہے۔ جوڑ ہل سکتے ہیں۔ ہاضمے کی خرابی کے علاوہ ہاتھ پاؤں یا کولے مضروب ہو سکتے ہیں۔ قوس افراد پھسل کر زیادہ گرتے ہیں۔ اس لیے ان کے جسموں پر زخموں کے نشانات ہو سکتے ہیں۔

قوس عورت

(SAGITTARIUS WOMAN)

۲۳ نومبر تا ۲۰ دسمبر

تعلق برج قوس، شمسی نظام کا نواں برج

نمبر برج قوس SAGITTARIUS سے جو عورت اور مرد تعلق رکھتا ہے اسے قوس عورت اور قوس مرد کہا جاتا ہے۔ جو افراد ۲۳ نومبر تا ۲۰ دسمبر کی تاریخوں میں پیدا ہوتے ہیں۔ انہیں قوس عورت اور قوس مرد کہا جاتا ہے۔ کیونکہ ان کا برج قوس ہی ہوتا ہے۔ اور یہ برج ان کی زندگی کے حالات پر ہر طرح اثر رکھتا ہے۔

برج قوس کا نشان تیر انداز ہے۔ یہ عنصر آگ رکھتا ہے۔ اس کا حاکم سیارہ مشتری ہے۔ خوش بختی کا ہندسہ ۳ ہے۔ اگر قوس افراد اس ہندسے کو اپنی خوش نصیبی کے لیے آزمائیں تو انہیں مایوس نہ ہونا پڑے گا۔ وہ کامیاب رہیں گے اور اپنا گوہر مقصود حاصل کریں گے۔ موافق رنگ نیلا، زرد اور سرخ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قوس افراد اپنے لباس سے اس قسم کے رنگوں کی جھلک ظاہر کرتے ہیں۔ انہیں ان رنگوں کو دیکھ کر فرحت حاصل ہوتی ہے۔

اس قسم کے رنگوں کے پھول انہیں پسند آتے ہیں۔ اس طرح وہ سکون اور اطمینان محسوس کرتے ہیں۔ انہیں خوشی ملتی ہے۔

برج قوس کا سعد پتھر پکھراج ہے۔ اس پتھر کو انگلی میں پہن لیا جائے تو تقدیر پر خوشگوار اثر پڑتا ہے۔ ترقی اور کامیابی ملتی ہے۔ مالی فائدہ ہوتا ہے۔ بگڑے ہوئے کام سنورتے ہیں۔

برج قوس کا کوئی خاص دن مقرر نہیں ہے۔ اس کے لیے ہفتے کے ساتوں دن موزوں ہیں۔ اور قوس افراد کے لیے کامیابی کے دن ہیں۔ اگر ان دنوں میں قوس افراد کوئی کام محنت، جد وجہد اور پوری لگن سے سرانجام دیں تو انہیں کامیابی ملے گی اور ذرا سی بھی کمزوری دکھائیں گے تو نقصان اور ناکامی بھی ہو سکتی ہے۔

قوس عورت اور حمل مرد کے ملاپ کے جذباتی اثرات

نمبر۔ قوس عورت کے لیے ایک حمل مرد میں خوبیاں اور خصوصیات موجود ہیں۔ جو وہ اس میں دیکھنا پسند کرتی ہے۔ اور ان سے متاثر ہوتی ہے۔ قوس عورت اور حمل مرد کا ملاپ جذباتی اثرات کے لحاظ سے موزوں ثابت ہو سکتا ہے۔ کیونکہ ایک حمل مرد میں جنسی جذبے اور محبت کے معاملات میں پرجوش ہونے کے باوجود اعتدال پسند ہے۔ جب وہ اپنی قوس بیوی سے جنسی عمل کرے گا تو وہ اسے پسند کرے گی۔ کیونکہ وہ بھی پرجوش ہے مگر جنسی معاملات اور محبت میں اعتدال پسند کرتی ہے۔ اور آہستہ آہستہ

پرسوز انداز میں اپنے جذبات کی تسکین چاہتی ہے۔ اور سرشارانہ محبت کو بے حد پسند کرتی ہے۔ اس قسم کے جنسی ملاپ سے وہ ایک گونہ مسرت خوشی، لذت، سرشاری، کیف اور زبردست سرور محسوس کرتی ہے۔ قوس عورت کے اس انداز سے ایک حمل مرد بھی اسی قسم کے جذبوں کی نوعیت سے دوچار ہو کر سرشاری، تسکین، سرور اور کیف محسوس کرے گا۔ اسے جنسی فعل سے بہت ہی سرور، لذت اور فرحت حاصل ہوگی۔ اور وہ ایک عجیب قسم کا لطف محسوس کرے گا۔ اور اپنی قوس بیوی کو سرشار جذبوں سے لبریز محبت سے نوازے گا۔

ایک حمل مرد موجی قسم کا مزاج رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس قسم کے من موجی مرد کے ساتھ ایک عقرب عورت گزارہ اور نباہ نہیں کر سکتی لیکن اس کی خصوصیات اور خوبیوں کی وجہ سے وہ اس میں دلچسپی رکھنے پر مجبور ہے۔ ایک حمل مرد قوس عورت کے لیے یا دوسری بیوی کے لیے بھی اچھے یا برے دنوں کا بہترین ساتھی ہے۔ اور اپنی بیوی کا مکمل طور پر ساتھ دے گا۔ اپنی گھریلو ذمے داریوں کو نبھائے گا۔ وہ ایک مخلص اور باوفا شوہر ثابت ہوگا۔ وہ اپنی بیوی کو دل کی گہرائیوں سے چاہے گا۔ وہ کھرا اور بے لاگ قسم کا آدمی ہے۔ اس لیے وہ اپنی بیوی سے بناوٹی، سطحی یا مصنوعی محبت نہ کرے گا۔ وہ اس کے ساتھ خلوص دل سے محبت کرے گا۔ اور محبت جنس کے معاملات میں اس کے جذبے مثبت ہوں گے۔ وہ کبھی منفی رویہ اختیار نہ کرے گا۔

جس کا وہ شوقین ہوگا۔ اور جس سے اسے دلچسپی ہوگی۔ وہ کبھی یہ نہ چاہے گا کہ اس کی بیوی اس کی طرف توجہ دے اور اسے اس کے حال پر چھوڑ دے۔ وہ بیوی کی اپنی طرف ہر طرح توجہ چاہے گا۔

قوس عورت اور ثور مرد شادی کے بعد کس طرح زندگی گزاریں

۳ قوس عورت اور ثور مرد کی یہ خصوصیت، خوبی یا عادت یہ ہے کہ جب وہ کوئی فیصلہ کر لیتے ہیں تو پیچھے ہٹنا بے حد مشکل خیال کرتے ہیں۔ ان کے لیے ضروری ہے کہ باہمی مفاہمت اور صلاح مشورے سے اپنا آئندہ لائحہ عمل اور دائرہ کار کا طریقہ متعین کریں۔ اس طرح وہ بے شمار الجھنوں، مشکلوں اور مصیبتوں سے بچ سکتے ہیں۔

قوس عورت اور ثور مرد دونوں ہی اپنی ذات پر فخر اور ناز کے جذبے رکھتے ہیں۔ ان کے لیے یہ صفت اور قدر مشترک انہیں ایک دوسرے کے قریب کرنے کی بجائے دور کرنے کا موجب بن سکتی ہے۔ اور شادی کے بعد ان میں اس صفت کی وجہ سے تصادم ہو سکتا ہے۔ جس کا نتیجہ علیحدگی بھی ہو سکتا ہے اور ان کے درمیان مستقل دوریاں ہو سکتی ہیں۔ اگر وہ افہام و تفہیم کے ساتھ ایک دوسرے کے خیالات، جذبوں کو سمجھیں تو ان دونوں کے درمیان بہترین ازدواجی تعلقات پیدا ہو سکتے ہیں۔ اور ان کی زندگی خوش و خرم گزر سکتی ہے۔ اور وہ جنسی سکون اور آسودگی بہتر طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔ اور ان کے محبت بھرے جذبوں کی تسکین بھی مکمل

حمل مرد اپنے کام اور ملازمین پیسے کو پسند کرتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود حمل مرد ایک منتقی شخص ہے۔ کسی حد تک اس کے اندرونی جذبات بھی پرورش پاتے ہیں۔ کسی وقت اس قسم کے جذبوں کی وجہ سے گھر کے اختیارات کے معاملات پر اس کا جھگڑا یا تکرار اپنی قوس بیوی سے ہو سکتا ہے۔ اس لیے ایک قوس عورت کو چاہیے کہ کسی طرح شادی سے پہلے اپنے حمل شوہر کی کیفیت اور مزاج کے بارے میں معلومات حاصل کرے تو اس کے لیے بہتر ہوگا۔ اور وہ اپنے حمل مرد کے ساتھ اپنی تیار کردہ تدبیر کے ساتھ گزار سکے گی۔

ایک حمل مرد بھی کسی حد تک دل پھینک مزاج رکھتا ہے۔ نجومی لارڈ ایگل جس کا تعلق فرانس سے ہے بر ملا کہتا ہے کہ کسی وقت اگر اس کی قوس بیوی اپنے حمل شوہر کی اس قسم کی حرکت دیکھ لے تو وہ اسے برداشت نہ کر سکے گی۔ اور اس کی طرف سے شک و شبہات میں مبتلا ہو جائے گی۔ اس کے باوجود ایک حمل مرد اپنی بیوی کو بھرپور محبت دے گا کسی حد تک محبت کے اظہار میں وہ شرمیلا پن اور جھجک محسوس کرتا ہے۔ لیکن جنسی معاملات میں کمزور نہیں۔ وہ وظیفۂ زوجیت کو پوری توانائی سے منزل تک پہنچائے گا۔ ایک حمل مرد چاہتا ہے کہ اس کی بیوی نسوانیت کا ایک خوبصورت اور متحمل پیکر نظر آئے۔ اور نسائیت کا بہترین نمونہ ہو۔ جس پر وہ فخر کر سکے۔ اور اسے دیکھ کر خوشی راحت، سکون و اطمینان محسوس کرے۔ وہ بیوی سے دو چیز چاہے گا

طور پر ہو سکتی ہے۔ اور انہیں خوشیاں اور راحتیں بخش سکتی ہے۔ اگر وہ دونوں آپس میں مفاہمت اور تعاون نہ کریں گے تو وہ کسی وقت بھی الگ ہو سکتے ہیں۔

ثور مرد مادی نقطۂ نگاہ سے ایک بہترین شوہر ثابت ہوتا ہے۔ اور قوس عورت اس لحاظ سے اسے پسند کرے گی اور وہ قوس عورت کے حق میں ہوگا۔ ثور مرد گھر کو آرام بے حد پسند کرتا ہے۔ کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ ثور مرد کئی کئی دن شام کے وقت یا دن کے وقت گھر سے نہیں نکلتا تو اس کی قوس بیوی تنگ آ کر الجھن محسوس کرنے لگے گی اور وہ پریشان ہو جائے گی۔ اگر ایک ثور مرد گھر سے باہر اپنی دلچسپیاں اور مشاغل جاری رکھے تو ایک قوس بیوی ذرا بھی معترض نہ ہوگی۔

قوس عورت اور جوزا مرد کے ملاپ سے پیدا ہونے والے جذباتی تاثرات

ایک قوس عورت اور جوزا مرد بہترین جیون ساتھی ثابت ہو سکتے ہیں۔ اگر وہ ایک دوسرے کو اچھی طرح پرکھ اور سمجھ لیں۔ اس طرح ان کے دلوں میں جو جذباتی تاثرات پیدا ہوں گے وہ انہیں مسرت اور کامیابیاں بخشیں گے اور وہ جنسی طور پر بھی ایک دوسرے سے آسودگی، تسکین اور سکون محسوس کریں گے۔ اور ایک دوسرے سے بے حد محبت کریں گے۔ قوس عورت اور جوزا مرد دونوں ہی سیمابی طبیعت رکھتے ہیں۔ ایک جگہ

ٹک کر نہیں بیٹھ سکتے۔ یہ قدر مشترک انہیں ہمیشہ ایک دوسرے سے محبت کرائے رکھے گی۔ جوزا مرد اپنے اندر ظرافت کے جذبے رکھتا ہے۔ وہ اپنی بیوی کو لطیفہ گوئی سے خوش رکھے گا۔ اور وہ اس کی رفاقت میں لطف لے گی اور خوشی محسوس کرے گی۔ جوزا شوہر بیوی کا اپنے اوپر حکم چلانا کسی حالت میں بھی پسند نہ کرے گا۔ اس لیے ایک قوس بیوی کو احتراز کرنا چاہیے۔ دونوں ہی بے چین اور اضطراری مزاج رکھتے ہیں۔ اس لیے دونوں ہی نت نئی دلچسپیوں اور مشاغل کی جستجو میں رہیں گے۔ بے شک ثور مرد کی طرح جوزا مرد بھی دل پھینک عاشق ہے۔ مگر وہ اپنی بیوی کو خوش رکھنے کا گر جانتا ہے۔ اور اسے ہمیشہ خوش رکھے گا۔

برج جدی

(CAPRICORN NO 10)

۲۲ دسمبر تا ۲۰ جنوری

تعلق برج جدی، نظام شمسی کا دسواں برج

ہے۔ برج جدی (CAPRICORN) سے جو عورت اور مرد متعلق ہیں وہ جدی عورت اور جدی مرد کہلاتے ہیں۔ جو لوگ ۲۲ دسمبر تا ۲۰ جنوری کی تاریخوں میں پیدا ہوتے ہیں۔ انہیں جدی عورت اور جدی مرد کہتے ہیں۔ اور ان کا تعلق ہر طرح برج جدی سے ہوتا ہے۔ اور جدی برج ان کے حالات پر ہر طرح اپنا اثر رکھتا ہے۔

جدی برج کا نشان پہاڑی بکری ہے۔ عنصر اس کا مٹی ہے۔ حاکم سیارہ یہ زحل رکھتا ہے۔ خوش بختی کا پتھر اس کا، اور م ہے۔ ان پتھروں

کے درست استعمال سے یہ لوگ اپنی قسمت بدل سکتے ہیں۔ اور اپنا مستقبل روشن بنا سکتے ہیں۔ سعد پتھر اس کا سلیمانی پتھر ہے۔ اگر جدی عورت اور جدی مرد اسے اپنی انگلی میں پہن لیں تو ان کے حالات بہتر ہو سکتے ہیں۔

موافق رنگ برج جدی کا گہرا سبز ہے۔ جدی عورت اور جدی مرد اپنے ملبوسات میں گہرے سبز رنگ کی جھلک زیادہ پسند کرینگے۔ اور اس جھلک سے خوش اور مطمئن ہونگے۔ اس قسم کے پھول بھی انہیں پسند ہوں گے۔ پھولوں کی گہری سبز رنگت ان کی آنکھوں کو سکون بخشے گی اور یہ طراوت محسوس کریں گے۔ سبزہ زار انہیں انتہائی خوشیاں بخشتے ہیں۔

برج جدی کا مبارک دن ہفتہ ہے۔ ہفتہ کے دن جو کام بھی یہ افراد کریں گے انہیں کامیابیاں اور کامرانیاں ملیں گی۔

جدی مرد کی جنسی اور محبت بھری خواہشات

ہے۔ ایک جدی مرد پختہ مزاج ہوتا ہے۔ اس کے رگ پٹھے مضبوط اور توانا ہوتے ہیں۔ وہ ایک طاقتور مرد ہے۔ وہ خیالوں کی دنیا میں رہنے کی بجائے عمل کو زیادہ پسند کرتا ہے۔ اور بڑا محتاط ہوتا ہے۔ اسی طرح وہ محنت کے معاملات میں بھی احتیاط سے کام لیتا ہے۔ اور آہستہ آہستہ اپنی مرضی کے مطابق اپنا جیون ساتھی تلاش کرتا ہے۔ اور اس سے شادی کرنے کے بعد

بھی محتاط رویہ اختیار کرتا ہے۔ چونکہ وہ طاقتور مرد ہے اور آہستگی پسند ہے۔ وہ آہستہ آہستہ آگے بڑھنا پسند کرتا ہے۔ اس طرح وہ جنسی اور محبت کے معاملات میں بھی آہستگی سے آگے بڑھتا ہے۔ اور اپنی توانائی اور طاقت سے کام لے کر اپنے جیون ساتھی کو جنسی آسودگی اور لذت بخشتا ہے۔ اور اسے ہر طرح مطمئن و مسرور کر دیتا ہے۔ خود بھی لذت، خوشی، جنسی تسکین سرور اور کیف محسوس کرتا ہے۔ اس کا حسین جیون ساتھی بھی سکون اور تسکین محسوس کرتا ہے۔ پھر دونوں ایک دوسرے کو قلبی محبت سے نوازتے ہیں۔ ان کے درمیان محبت بھرے جذبے فروغ پاتے ہیں۔ اس طرح وہ اپنے گھریلو ماحول کو بھی بہتر بنانے میں کامیاب ہوتے ہیں اور اپنے جنسی جذبوں کی پرسرور انداز میں تسکین کرتے ہیں اور خوشیاں حاصل کرتے ہیں۔

صلاحیت

نمبر ۴۳ ایک جدی مرد میں انتظامی صلاحیت دوسرے برجوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے زیادہ ہوتی ہے۔ جدی بے حد محتاط ہوتا ہے۔ جدی مرد عملی اور دیانتدار شخص ہے۔ تجارتی معاملات کی اس میں کافی سوجھ بوجھ ہوتی ہے۔ اور اس معاملے میں وہ وسیع النظر ہوتے ہیں۔ قوس افراد بھی تجارتی سوجھ بوجھ رکھتے ہیں۔ مگر جدی افراد ان سے زیادہ تجارتی معاملات کو سمجھتے ہیں۔ اور کاروبار کے ہر پہلو سے جلد ہی واقف ہو جاتے ہیں۔ لیکن اگر وہ کسی سے کاروبار میں شرکت کریں گے تو کل مختار ہو کر کریں

وہ کسی دباؤ کا شکار ہو کر شریک کار نہیں بنیں گے۔ وہ فیصلہ کن حیثیت برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔

روایت پسندی اور قدامت پرستی

نمبر ۴۴ جدی مرد میں اہم خصوصیت ہے کہ وہ روایت پسندی اور قدامت پرستی کو پسند کرتا ہے۔ ایک جدی مرد باحوصلہ اور ہمت والا ایسا شخص ہوتا ہے۔ کاروبار میں نئے نئے طریقے اختیار کر کے کامیابی اور ترقی حاصل کرتا ہے۔ وہ ایسے طریقے پسند کرتا ہے۔ اور انہیں اختیار کرتا ہے۔ جو ماضی میں کامیابی حاصل کر چکے ہوں۔ وہ آزمائے ہوئے طریقوں پر نئے تجربات کر کے ترقی اور کامیابی حاصل کرتا ہے۔ وہ ایسے تجربوں کو ناپسند کرتا ہے۔ جن میں ناکامی مسلمہ ہو۔ وہ ناکام طریقوں کو آزمانا پسند نہیں کرتا۔

ایک جدی مرد سست، کاہل اور بددیانت نہیں ہوتا

نمبر ۴۵ ایک جدی مرد محنت، مشقت اور جدوجہد کا قائل ہوتا ہے۔ اور خوب محنت کرتا ہے۔ اپنے کاروباری شریک سے بھی اسی قسم کی توقع وابستہ رکھتا ہے۔ اور چاہتا ہے کہ وہ بھی اسی کی طرح محنت، جدوجہد اور مشقت کرے اور کاروبار بے حد ترقی کرے اور مال کامیابیوں سے ہمکنار ہو۔ وہ کسی کی محنت کی تعریف اس لیے نہیں کرتا۔ وہ سمجھتا ہے کہ محنت کرنا انسان کے فرائض میں داخل ہے۔ محنت کرنے پر کسی کی تعریف کرنا وہ ایک مہمل

سی بات خیال کرتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ زیادہ محنت سے زیادہ فائدہ ہو گا۔ جب انسان کو محنت کا معاوضہ مل جاتا ہے۔ پھر اس کی تعریف کیسی۔

ایک جدی مرد مختصر راستہ اختیار کرنا پسند کرتا ہے۔

۷۔ ایک جدی مرد مختلف راستہ اختیار کرنا پسند کرتا ہے۔ وہ وقت کی قدر و قیمت جانتا ہے۔ اور وہ کسی حال میں بھی یہ نہ چاہے گا کہ زندگی کا ایک لمحہ بھی اس کی طرف سے ضائع ہو۔ جدی مرد کا خیال ہے کہ آہستہ آہستہ کامیابی حاصل کی جائے۔ ایک دم بڑی کامیابی حاصل کرنے سے نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کسی جدی مرد کو اپنا کاروباری شریک بنانا چاہتے ہیں تو کاروبار میں اسے مکمل اختیارات دینا ہوں گے اور اس کے مزاج کی سختی کو برداشت کرنا پڑے گا۔ اور اس کے خیالات سے ہم آہنگی کرنا ہوگی۔ اور اس کی رائے کو تسلیم کرنا پڑے گا۔ تب ہی آپ اس کی ذات سے کاروباری منفعت حاصل کر سکتے ہیں۔

ایک جدی مرد چھوٹے چھوٹے اخراجات بچانا پسند کرتا ہے

۸۔ ایک جدی مرد چھوٹے چھوٹے اخراجات بچانا پسند کرتا ہے۔ وہ معمولی اخراجات کرنے سے احتراز کرے گا۔ ایک جدی مرد کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ نقشے اور واضح خطوط کے مطابق کام کرے۔ اگر وہ ایسا نہ کرے گا تو وہ اپنے اس کام کی کامیابی پر ہمیشہ مشکوک رہے گا۔ اور کبھی مطمئن نہ ہو گا۔ وہ

کاروبار میں پہلے ہی سے منصوبہ بندی کرنا پسند کرتا ہے۔ ایک جدی مرد چھوٹے اخراجات تو بچاتا ہے۔ لیکن بڑے بڑے اخراجات بے فکری سے کرتا ہے۔ اس عادت کے باوجود اخراجات کے حساب کتاب کو بالکل ٹھیک رکھے گا۔ اور آپ اس کی تعریف کریں گے۔ ایک جدی مرد ایماندار ہونے کے ساتھ مالی معاملات میں احتیاط سے کام لے گا۔ اسی طرح وہ محبت کے معاملے میں بھی احتیاط برتتا ہے۔ اور اپنے لیے محتاط انداز میں ایک ایسا ساتھی منتخب کرتا ہے جو زندگی بھر اس کے ساتھ اس کی مرضی کے مطابق چل سکے۔

ایک جدی مرد پر سیارہ زہرہ کے اثرات

۹۔ سیارہ زہرہ اور برج جدی کی یکجائی پر پیدا ہونے والا جدی مرد جنسی معاملات میں ذرا دیر سے بیدار ہوتا ہے۔ اس لیے وہ جتنی دیر سے شادی کرے اس کے لیے اتنا ہی بہتر ہے۔ شروع میں اسے ازدواجی رشتے کو نبھانے اور اس کی ذمے داریوں کو ادا کرنے میں الجھن ہوگی۔ ایک ایسا جدی مرد محبت کے معاملے میں بھی کنجوس ہوتا ہے۔ اور اپنے جیون ساتھی سے گرم جوشی انداز میں محبت نہیں کرتا۔ اس میں جلن اور حسد کا مادہ ہوتا ہے۔ کچھ عرصہ گزر جانے کے بعد وہ جنسی معاملات اور محبت کے جذبوں میں کافی گرم جوش ہو جاتا ہے اور گھریلو ذمے داریوں کو اچھی طرح نبھانے لگتا ہے۔

پیشے

مٹ ادبی کام، مذہبی کام، نرسری کا کام، تحقیقاتی اور جاسوسی کا کام، ایک جدی مرد ان کے علاوہ ایک بہترین وکیل بن سکتا ہے۔

بیماریاں

۱ حلق اور گردہ کی بیماری، جوڑوں کا درد، کمر درد، تیز بخار، نظام ہضم کی خرابی کے علاوہ ایک جدی مرد دانتوں کی بیماری میں بھی مبتلا ہو سکتا ہے

پروفیسر حافظ نوید احمد رسول چشتی

0300-2879487

جدی عورت

(CAPRICORN WoMAN

۲۲ دسمبر تا ۲۰ جنوری

تعلق سے برج جدی، نظام شمسی کا دسواں برج

۱ برج جدی (CAPRICORN) سے جو عورت اور مرد تعلق رکھتے ہیں انہیں جدی عورت اور جدی مرد کہا جاتا ہے۔ جو افراد ۲۲ دسمبر تا ۲۰ جنوری کی تاریخوں میں پیدا ہوتے ہیں۔ وہ جدی عورت اور جدی مرد کہلاتے ہیں اور ان کا تعلق برج جدی سے ہی ہوتا ہے۔ اور جدی برج ان کی زندگی کے حالات کو متاثر کرتا رہتا ہے۔ اور ان پر پوری طرح قبضہ کر رکھتا ہے۔

جدی برج کا نشان پہاڑی بکری ہے۔ اس برج کا عنصر مٹی ہے، حاکم سیارہ اس کا زحل ہے۔ یہ خوش بختی کا ہندسہ ۲ اور ۳ رکھتا ہے۔ اگر جدی افراد ان ہندسوں سے مثبت طور پر کام لیں تو کامیابی اور فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ وہ اپنے مستقبل کو تابناک بنا سکتے ہیں۔

موافق رنگ جدی برج کا گہرا سبز ہے۔ جدی عورت اور جدی مرد اپنے ملبوسات میں گہرے سبز رنگ کی جھلک کو پسند کرتے ہیں۔ اور اس جھلک سے خوشی محسوس کرتے ہیں۔ گہرے سبز رنگ کے یہ لوگ پھول

بھی پسند کرتے ہیں۔ اور ان کی وجہ سے انہیں فرحت محسوس ہوتی ہے۔ یہ لوگ سبزہ زاروں میں جانا پسند کرتے ہیں۔ اور سبزے کو دیکھ کر خوشی محسوس کرتے ہیں۔

برج جدی کا مبارک دن ہفتہ ہے۔ ہفتے کے دن یہ افراد جو کام کریں گے اس میں انہیں کامیابی اور ترقی ملے گی۔

جدی عورت اور سرطان مرد کے درمیان جنسی جذبے اور محبت

ایک جدی عورت اور سرطان مرد اگر شادی کرلیں تو زندگی بھر ناکام رہیں گے اور ان کے درمیان جنسی معاملات اور محبت کے جذبے پرجوش انداز میں پروان نہ چڑھیں گے۔ وظیفۂ زوجیت کو بے دلی سے ادا کریں گے۔ جس کی وجہ سے دونوں کو وہ راحت اور خوشی نہ ملے گی جس کی انہیں آرزو ہوگی۔ ان کی ازدواجی زندگی موزوں نہیں۔ البتہ اگر ایک جدی عورت اپنے سرطان مرد سے ٹوٹ کر محبت کرے تو وہ اس کے لیے بہتر مرد ثابت ہو سکتا ہے۔ ایک سرطان مرد بڑا ہی حساس ہوتا ہے۔ جب وہ دیکھے گا کہ اس کی جدی عورت اس سے ٹوٹ کر محبت کرتی ہے تو وہ بھی اس کا خیال رکھے گا اور اس سے پرجوش محبت کرنے لگے گا اور اسے جنسی اختلاط میں بھی خوشی گرم جوشی، لذت، آسودگی، سرور کیف اور تسکین دے گا اس طرح وہ ایک

دوسرے سے مسرتیں حاصل کرکے اپنی ازدواجی زندگی کو کامیابی سے ہمکنار کر سکتے ہیں۔ لیکن شرط یہ ہے کہ ان کے درمیان گہری محبت ہو جائے۔ ورنہ بصورت دیگر ان کی شادی ناکام ثابت ہو سکتی ہے۔

رومان و محبت کے زمانے میں ایک جدی عورت محبت کا جواب محبت میں دینے سے جھجک اور ہچکچاہٹ محسوس کرتی ہے۔ وہ محبت کا جواب محبت سے دینا تو چاہتی ہے۔ لیکن اسے یہ خوف ہوتا ہے کہیں اسکی محبت کو ٹھکرا نہ دیا جائے۔ جب وہ یہ محسوس کر لیتی ہے کہ اس کی محبت کو ٹھکرایا نہ جائے گا۔ تب وہ محبت کا جواب محبت سے دیتی ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ وہ یہ بھی اطمینان کر لینا چاہتی ہے کہ اس کا شوہر اسے محبت دے سکتا ہے اسکی جنسی خواہشات کی تسکین کر سکتا ہے۔ اور اس کے جذبات کو آسودہ رکھ سکتا ہے۔ اور اس کی اولاد کی توقعات کو کہاں تک پوری کر سکتا ہے۔

جب ہی وہ اس کی محبت قبول کرکے اس سے شادی کرے گی۔ اس طرح سوچنے اور فیصلہ کرنے میں دیر لگانے سے بعض دفعہ اس سے اچھے شوہر کے ملنے کے مواقع ختم ہو جاتے ہیں۔ وہ اپنے جیون ساتھی سے خوشحالی کی توقع رکھتی ہے۔ ایک جدی عورت جو خوبیاں اپنے سرطان مرد میں دیکھنا چاہتی ہے۔ ان میں سے بیشتر خوبیاں اسے نہیں ملتیں۔ کیونکہ ایک سرطان مرد بے حد حساس اور من موجی کا شخص ہے۔ لیکن اس کے باوجود وہ شادی کرکے وفادار شوہر ثابت ہوگا۔ اور اپنی بیوی کو آرام و آسائش اور زندگی کی سہولتیں دے گا۔ جدی عورت کے لیے اپنے سرطان مرد کی کفایت شعاری

پریشانی کا باعث بن سکتی ہے۔ وہ اپنی جدی بیوی کو سمجھا کر اس طرف سے مطمئن کر سکتا ہے۔

ضرورت پڑنے پر ایک سرطان مرد دوسروں کی مدد بھی کرتا ہے۔ وہ انسانی نفسیات کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ جدی عورت کسی حد تک فضول خرچ ہے۔ مگر آہستہ آہستہ وہ بھی راست طریقہ اختیار کر لیتی ہے۔ اگر جدی عورت گھر کے اخراجات ٹھیک طرح پورے نہ کر سکے تو ایک سرطان مرد گھر چلانے کے لیے اخراجات اپنی ماں کے سپرد کر دے۔ سرطان مرد اپنے گھر کو بے حد عزیز سمجھتا ہے۔ اور شام کو گھر آنے کے بعد باہر نکلنا مشکل اور ناگوار سمجھتا ہے۔

جدی عورت اور اسد مرد کا ملاپ

۳۔ ایک جدی عورت اسد مرد میں کشش محسوس کرتی ہے۔ جدی عورت کے علاوہ دوسری عورتیں بھی اسد مرد میں کشش محسوس کرتی ہیں۔ مگر جدی عورت زیادہ ہی کشش محسوس کرتی ہے۔ وہ اسد مرد کی شخصیت سے مسحور ہو جاتی ہے۔ اسد مرد شادی سے قبل اپنی ہونے والی بیوی پر تحفوں اور دولت کی بارش کر دیتا ہے۔ اس طرح وہ یہ خواہش رکھتا ہے کہ اس کی تعریف کی جائے اور اس بات میں اس کی خوشی کا خیال رکھا جائے۔ ایک اسد مرد کی شخصیت سے مسحور ہو کر ایسے کام بھی کر جاتی ہے جو کام اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہوتے۔ ایک جدی بیوی اگر اپنے اسد شوہر سے بے رخی برتے یا اسے التفات کی نظروں میں نہ دیکھے تو گھریلو معاملات بگڑ سکتے ہیں۔

اسد مرد حکم چلانا پسند کرتا ہے۔ وہ بالادست رہنا چاہتا ہے۔ اگر جدی عورت اس کے مزاج کی کیفیت کو اچھی طرح سمجھ لے تو وہ محبت اور جنسی خواہشات کے علاوہ اس سے ہر طرح کی خوشیاں حاصل کر سکتی ہے۔ اور اس طرح وہ ایک اسد مرد کو وفادار شوہر پائے گی اور وہ کبھی پرائی عورت کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہ دیکھے گا۔ اور اپنے گھر کو چمن زار بنا کر راحت محسوس کرے گا۔

جدی عورت اور سنبلہ مرد کے گھریلو اثرات

۴۔ جدی عورت کی روایت پسندی اور قدامت پرستی کو ایک سنبلہ مرد پسند کرے گا۔ وہ بڑا سنجیدہ مزاج اور محتاط ہونے کے ساتھ ساتھ متوازن انداز رکھتا ہے۔ وہ جدی بیوی کو ثابت قدمی اور زندگی کے عملی انداز کو پسند کرے گا۔

ایک سنبلہ مرد اپنی بیوی کی فضول خرچی کو پسند نہ کرے گا اور اسے ٹوکے گا۔ جدی بیوی کو برا تو محسوس ہوگا لیکن جب وہ دیکھے گی کہ وہ اس کی خواہشات کا احترام کرتا ہے۔ اسے جنسی آسودگی اور بہترین محبت دیتا ہے اور گھر کا خیال رکھتا ہے تو وہ اس کی اس خامی کو نظر انداز کر دے گی۔ سنبلہ مرد اس لیے دیر سے شادی کرتا ہے کہ وہ اپنے معیار کے مطابق اچھی لڑکی تلاش کرتا ہے۔ اس جستجو میں اس کا کافی وقت صرف ہو جاتا ہے۔ اور جب وہ شادی کر لیتا ہے تو اپنی ذمے داریوں کو پوری طرح نبھاتا ہے۔ اپنے اور اپنی بیوی کے جذبات کو ہر طرح آسودہ رکھے گا۔ اگر سنبلہ مرد کا کسی سے

ایک مرتبہ بگاڑ ہو جائے تو وہ مشکل سے ہی دوبارہ رشتہ استوار کرے گا اور ایک سنبلہ مرد سلیقہ شعاری اور صفائی کو پسند کرتا ہے۔ ایک کام چور اور پھوہڑ بیوی اپنے سنبلہ شوہر کو کسی طرح بھی خوش نہیں رکھ سکتی، وہ اس کے پھوہڑپن سے ہمیشہ نالاں رہے گا۔ سنبلہ مرد کی بیوی کو یہ بات سمجھ کر صفائی اور ستھرائی میں گھر جانا چاہئے۔ سلیقے نفاست اور قرینے سے گھریلو ماحول کو سنوارنا چاہیئے۔

پروفیسر حافظ نوید احمد رسول چشتی

0300-2879487

برج دلو

(AQUARIUS NO 11)

۲۰ر جنوری تا ۱۹ر فروری

تعلق برج دلو، شمسی نظام کا گیارھواں برج

علم برج دلو (AQUARIUS) سے جو عورت اور مرد تعلق رکھتا ہے۔ اسے دلو عورت اور دلو مرد کہا جاتا ہے۔ جو لوگ ۲۰ر جنوری تا ۱۹ر فروری کی تاریخوں میں پیدا ہوتے ہیں ان کا تعلق برج دلو سے ہی ہوتا ہے اور انہیں دلو عورت اور دلو مرد کہا جاتا ہے۔ اور برج دلو ان کی زندگی پر ہر طرح اثر رکھتا ہے۔

دلو برج کا نشان ڈول ہے۔ عنصر اس کا ہوا ہے۔ حاکم سیارہ اسکا یورینس اور زحل ہے۔ خوش بختی کا ہندسہ اس کا ۸ اور ۴ ہے۔ ان سے کام لینے والے دلو عورت اور دلو مرد خوش قسمتی کے مراحل طے کرتے ہیں اور کامیاب پاکر

مفاد حاصل کرتے ہیں۔ سعد پتھر اس برج کا یاقوت ہے۔ اسے دلو عورت اور دلو مرد اگر انگلی میں پہن لیں یا کسی طرح بھی اپنے پاس رکھیں تو یہ ہر میدان میں خوش قسمت بن کر مفاد پا سکتے ہیں۔ موافق رنگ دلو برج کا نیلا اور سبز ہے۔ دلو مرد اور دلو عورت اس رنگ کو دیکھ کر خوشی، فرحت اور طمانیت محسوس کرتے ہیں۔ نیلے اور روشن آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر وہ سبزہ زار دل کو بے حد پسند کرتے ہیں اور انہیں سرور و کیف اور خوشیاں حاصل ہوتی ہیں وہ مسرور ہو کر بے خود سے ہو جاتے ہیں۔ ان کے لباسوں سے بھی سبز رنگ اور نیلا رنگ جھلکیں گی۔ مبارک دن اس کا بدھ ہے۔

دلو مرد کی جنسی خواہشات اور محبت

۲؎ دلو مرد ایک سے زیادہ رومانوں میں مبتلا ہو سکتا ہے۔ کیونکہ وہ رومان و محبت کا ایک عجیب پہلو رکھتا ہے۔ وہ محبت کے معاملے میں سنجیدگی اختیار نہیں کرتا۔ وہ سمجھتا ہے اگر محبت کامیاب ہو گئی تو ٹھیک ہے، ورنہ وہ اور محبت تلاش کرے گا۔ اگر ایک دلو مرد محبت کے معاملے میں بالکل سنجیدہ ہو جائے تو وہ اپنی ایک ہی محبت کو کامیاب بنائے گا، اور شادی کر کے اپنی بیوی سے بے وقت، کھری، بے لاگ، پرخلوص اور پرجوش محبت کرے گا۔ اور اس کی جنسی تسکین اور اس کی آسودگیوں کا خیال رکھے گا اور اس کی جنسی خواہشات کو مکمل طور پر پوری کر کے اسے سکون بخشے گا۔ اور اس کی تمناؤں کو پورا کرنا اپنا فرض اولین خیال کرے گا۔ ان کا محبت سے لبریز ازدواجی رشتہ مستحکم

اور مضبوط ترین ہوگا۔ دلو مرد اپنی بیوی کے لیے ہر طرح وفادار اور پر اعتماد رہے گا۔ وہ خود بھی یہی چاہتا ہے کہ اس کی بیوی یا محبوبہ اس کے لیے وفادار اور با اعتماد رہے۔ وہ اپنی محبوبہ یا بیوی کو اپنی کنیز یا باندی نہیں سمجھتا۔ دونوں ایک دوسرے کو آزادی دیتے ہیں۔ لیکن دوسرے لوگ ان کی اس آزادی کو اچھی نظر سے نہیں دیکھتے۔ سختی سے ناپسند کرتے ہیں۔ دلو مرد اور عورت عام طور پر ۲۵ اور ۳۵ سال کی عمر کے درمیانی حصے میں ازدواجی رشتے میں منسلک ہونا پسند کرتے ہیں، اور اپنے جیون ساتھی کو چننے میں بے حد احتیاط سے کام لیتے ہیں۔ جب انہیں ان کی پسند کا ساتھی مل جاتا ہے تو اس سے قلبی محبت کرتے ہیں۔ ان کی محبت میں سمندر کی سی گہرائی ہوتی ہے۔ اور جنسی جذبے میں تسکین پاتے ہیں۔ ان کے ہر انداز میں والہانہ پن ہوتا ہے۔ دلو افراد ایسا اپنے جیون ساتھی سے ہی نہیں کرتے بلکہ وہ اپنے بہن بھائی اور والدین سے بھی دلی لگاؤ رکھتے اور ان سے محبت کرتے ہیں۔ اور ان کا انداز والہانہ ہوتا ہے۔

جنسی کشش

۳؎ ایک دلو مرد کی طرح ایک دلو عورت میں بھی بے حد جنسی کشش دیکھی ہے۔ اگر دلو افراد رومان و محبت کے معاملات میں منفی اثرات میں پھنس جائیں تو ان کا دماغی توازن خراب ہو جاتا ہے۔ اس طرح ان کی زندگی تباہ ہو جاتی ہے۔ شہرہ آفاق نجومی "مسٹر ڈیل پیئرک" کہتا ہے کہ دلو افراد کو دل کی بجائے دماغی صلاحیتوں سے کام لینا چاہیے۔ وہ دل سے کام لے کر رومان و محبت

ہیں کتنی ہی جذباتی غلطیوں کا مرتکب ہو جاتے ہیں۔ وہ بعض ایسے لوگوں سے محبت کر بیٹھتے ہیں جو سطحی قسم کے اور ان کے معیار کے نہیں ہوتے۔ ان کی ظاہری نمود و نمائش کشش سے متاثر ہو کر وہ ان کی محبت کے جال میں پھنس جاتے ہیں۔ اور یہ جذبہ انہیں تباہ برباد کر دیتا ہے۔ اگر دلو افراد ایسے لوگوں کی سیرت کا مشاہدہ کریں تو تباہی سے بچ سکتے ہیں۔

رومانی زندگی

۲۲ دلو مرد کی زندگی سیارہ زہرہ کی اس حالت سے بے حد متاثر ہوتی ہے جو ان کے زائچے میں زہرہ کو حاصل ہوتی ہے۔ زہرہ کو حسن و محبت کا سیارہ کہا جاتا ہے۔ جو شخص کسی دلو فرد سے مستقل اور پائیدار تعلق قائم کرنا چاہتا ہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس پہلو پر گہری اور خاص نظر رکھے۔ دلو مرد بڑا ذہین ہوتا ہے۔ وہ اس بات سے اچھی طرح آگاہ ہے کہ وہ کیا کر سکتا ہے اور کیا نہیں کر سکتا۔ وہ یہ بخوبی سمجھتا ہے کہ کونسا کام ممکن ہے اور کونسا ناممکن ہے۔ مشہور نجومی میتران کہتا ہے کہ دلو افراد کی نظر ہمیشہ مستقبل پر رہتی ہے۔ جب انہیں مستقبل کے بارے میں فکر مندی ہوتی ہے تو وہ پھر حال پر نظر رکھنا بہتر خیال کرتے ہیں۔ لیکن رشتہ مستقبل سے بھی قائم رکھتے ہیں۔ وہ ماضی نہ رد کرتے ہیں اور نہ بھولتے ہیں۔ وہ تبدیلی کو پسند کرنے کے باوجود مستقبل سے امیدیں وابستہ رکھتے ہیں۔ دلو افراد ذاتی مفاد کی وجہ سے مستقبل کو شاندار نہیں بناتے بلکہ اس قسم کی تبدیلی سے وہ خوشی محسوس کرتے ہیں۔

سیارہ زہرہ کے اثرات

۵۵ اگر کچھ دلو افراد اس وقت پیدا ہوتے ہیں۔ جب زہرہ سیارہ برج میں تھا تو ایک کھلی کتاب کی حیثیت بھی رکھتے ہیں اور ایک بند کتاب کی طرح بھی ان کی حیثیت ہو سکتی ہے۔ ان کی فطرت میں ہی محبت رچی بسی ہے۔ ان کی محبت کا تصور بے حد وسیع ہوتا ہے۔ وہ ازدواجی زندگی کو محبت خیال نہیں کرتے بلکہ ان تعلقات کو ایک نظریاتی حیثیت دیتے ہیں۔ وہ اس کو ایک ایسی عالمگیر قوت کے طور پر جانتے ہیں کہ جس سے اصلاح کا کام لیا جا سکے۔ ایسے افراد کی محبت کا دائرہ پوری انسانیت کو اپنے اندر رکھے گا۔

ایسے افراد کے اندر آدمی کے کردار کو جانچنے اور پرکھنے کی غیر معمولی صلاحیت او رخوبی ہوتی ہے۔ ایسے افراد حقائق کی گہرائیوں تک با آسانی پہنچ جاتے ہیں۔ کسی شخص کی ظاہری وضع قطع، ساخت اور باتیں ان افراد کو دھوکہ یا فریب نہیں دے سکتیں۔ وہ کسی قسم کی چالبازی کا شکار نہ ہوں گے۔ اس قسم کے افراد ایک ادیب کی حیثیت سے عوام کے کردار کی ایسی تصویر پیش کرتے ہیں جو سچی اور حقیقی حیثیت کی حامل ہو۔ وہ لفظوں کی تصویر کشی میں حقائق کے رنگ بھر دیتے ہیں۔

ایسے افراد لوگوں، دوستوں اور عزیز و اقارب سے مل کر خوش ہوتے ہیں اور انہیں خوش رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ با آسانی دوست بنا لیتے ہیں۔ ان کا رویہ مخلصانہ ہوتا ہے۔ اس قسم کے افراد بڑے مہمان نواز ہوتے ہیں۔

غریب لوگوں کو کھانا کھلانے سے انہیں زبردستی خوشی اور راحت کا احساس ہوتا ہے۔ کوئی مسافر انہیں مل جائے تو اسے مہمان بنا کر اس کی خوب خاطر مدارت کرتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ مخلص انداز میں پیش آتے ہیں۔ ایسے افراد جو خیالات رکھتے ہیں وہ ہو بہو دوسرے مطابقت نہ کریں گے بلکہ مختلف ہی قسم کے ان کے تاثرات ہوں گے

پیشے

۱۔ ایک دلو مرد اچھا جاسوس بن سکتا ہے۔ بہترین معلمی کر سکتا ہے۔ تعلیم و تدریس کے پیشے میں نام روشن کر سکتا ہے۔ سرکاری ملازمت اس کے لیے کامیابی کے دروازے کھول سکتی ہے۔ اور وہ اس میں ترقی کر سکتا ہے۔ اور وہ ایک اچھا سیاستدان اور اچھا سائنسدان بن کر انسانوں کو فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ سیلز مینی اور انجینئرنگ میں نام کما سکتا ہے فوج میں ملازمت کرکے ترقی کر سکتا ہے۔ کاروبار کے علاوہ سیاحت کرنے کا پیشہ اختیار کرکے کامیاب ہو سکتا ہے۔

بیماریاں

۱۔ دردِ گردہ، جوڑوں کا درد، آنتوں کی بیماری کے علاوہ دمہ، بدہضمی اور اختلاجِ قلب کا عارضہ ہو سکتا ہے۔ اپینڈے سائیس کی بیماری بھی ہو سکتی ہے۔

دلو عورت

(AQUARIUS WOMAN)

۲۰ جنوری تا ۱۹ فروری

تعلق برج دلو، نظام شمسی کا گیارہواں برج

۱۔ برج دلو (AQUARIUS) سے جو عورت اور مرد متعلق ہیں۔ اسے دلو عورت اور دلو مرد کہا جاتا ہے۔ جو افراد ۲۰ جنوری تا ۱۹ فروری کی تاریخوں میں پیدا ہوتے ہیں ان کا تعلق برج دلو سے ہی ہوتا ہے۔ اور وہ دلو عورت اور دلو مرد ہی کہلاتے ہیں۔ اور دلو برج ان کی زندگی پر ہر طرح اثر رکھتا ہے۔

برج دلو کا نشان ڈول ہے۔ عنصر اس کا ہوا ہے۔ حاکم سیارہ یورینس اور زحل رکھتا ہے۔ خوش بختی کا اس کا ہندسہ ۸ اور ۴ ہے۔ ان ہندسوں سے کام لینے والے دلو عورت اور دلو مرد خوش قسمتی کے مراحل طے کرتے جاتے ہیں اور انہیں زندگی میں کامیابیاں اور مالی مفاد اور ترقی ملتی ہے۔

سعد پتھر اس کا یاقوت ہے۔ اسے دلو عورت اور دلو مرد انگلی میں پہن لیں یا کسی طرح بھی اپنے پاس رکھیں تو ہر میدان میں خوش قسمتی ان کا استقبال کر سکتی ہے۔ موافق رنگ دلو برج کا نیلا اور سبز ہے۔ دلو عورت ان رنگوں کو دیکھ کر خوشی اور سکون محسوس کرتے ہیں۔ نیلے اور روشن آسمان کے نیچے

کھڑے ہو کر وہ سبزہ زاروں میں جھلکتی نیلاہٹوں کو دیکھ کر طمانیت خوشی اور سرور محسوس کرتے ہیں اور انہیں ایک عجیب سی فرحت راحت اور خوشی ملتی ہے۔ وہ مسرور ہو کر بے خود سے ہو جاتے ہیں۔ ان کے لباسوں سے بھی سبز رنگ اور نیلاہٹیں جھلکیں گی۔ مبارک دن اس کا بدھ ہے۔ بدھ کے روز جو کام یہ افراد کریں گے ان میں کامیابی اور ترقی ملے گی۔

دلو عورت اور ثور مرد کے ملاپ سے پیدا ہونیوالے اثرات

جنسی پہلو اور محبت

ﷺ دلو عورت عشق اور رومان کے معاملات میں عقل و دانش سے کام نہیں لیتی۔ اپنے شعور اور عقل سے کام لے تو وہ ایک ثور مرد سے دور رہنا ہی پسند کرے گی۔ اور اس سے شادی نہ کرے گی۔ کیونکہ وہ ثور مرد کے مزاج کو پرکھ چکی ہوتی ہے۔ شادی سے پہلے اگر دلو عورت سمجھداری سے کام لے تو اپنے ثور شوہر کے بارے میں اچھی طرح جان سکتی ہے۔ جنسی پہلو کے لحاظ سے ایک ثور مرد طاقتور ہے۔ اور جنسی جذبات قوی ہوتے ہیں۔ وہ اپنی بیوی کی جنسی تسکین کر سکتا ہے۔ اسے آسودگی، فرحت، لذت اور سرور دے سکتا ہے۔ اس کے اندر کیف آور بے خود اور مست کر دینے والے جذبے پیدا کر سکتا ہے۔ وہ یہ ضرور چاہے گا کہ اس کی بیوی اس کے ترتیب دیے ہوئے راستوں پر چلے اس کا مزاج گھر کے بارے میں اور سیر و تفریح کے معاملات میں عجیب سی خصوصیت کا حامل ہے۔ وہ یہ پسند کرے گا کہ اس کی بیوی اس کی مرضی

کے مطابق چلے۔ اور یہ وہ بات ہے جو ایک دلو عورت کے لیے پریشان کن ہے۔ وہ یہ کبھی نہ چاہے گی کہ اس کی آزادی کو سلب کر دیا جائے۔ اور اس کا نتیجہ کیا ہو گا۔ آپس کا تصادم اور ٹکراؤ کی وجہ سے وہ علیحدہ بھی ہو سکتے ہیں۔

ایک ثور مرد کفایت شعار ہوتا ہے اور اپنے مالی معاملات کی دیکھ بھال پوری توجہ سے کرتا ہے۔ فضول خرچی سے پرہیز کرتا ہے۔ جہاں اشد ضرورت ہوگی وہاں خرچ کرتا ہے اگر کسی طرح دلو عورت کو ایک ثور مرد جال میں پھانس لے تو ان دونوں کو نت نئے خطروں کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیئے۔ ایک ثور مرد کی کفایت شعاری کو دلو عورت پسند نہیں کرتی۔ دلو بیوی یہ خواہش کرتی ہے کہ سارا گھر کا خرچہ اس کے ہاتھ ہو اور وہ آزادی سے اخراجات کرے۔ اس طرح ایک ثور مرد کو دلو بیوی نت نئی الجھنوں میں گرفتار کرنے کا موجب بنے گی۔ وہ چاہتی ہے کہ اس کا شوہر گھریلو معاملات میں دخل اندازی کا مرتکب نہ ہو۔ اور ایک ثور مرد چاہے گا کہ وہ گھریلو مصارف خود کرے۔ اس طرح ان کے درمیان ناچاقی ہوگی اور ایک دوسرے کے مزاج کا تضاد ان کی گھریلو زندگی کو برباد کرنے کا موجب بن سکتا ہے۔ ان کا اس طرح ازدواجی رشتہ مشکل سے ہی نبھ سکتا ہے۔ وہ کسی وقت بھی الگ الگ ہو سکتے ہیں۔ اگر دلو عورت چاہتی ہے کہ اس کا ثور شوہر سے ہمیشہ نباہ رہے تو اس سے ہر طرح تعاون کرے۔ تب وہ خوشحال محسوس کر سکتی ہے۔

دلو عورت اور ایک جوزا مرد اپنے ملاپ سے کیسے تاثرات پیدا کر سکتے ہیں

۳۔ ایک دلو عورت مزاج کے لحاظ سے جوزا مرد کے لیے موزوں بیوی ہے۔ یہ رشتہ کامیابی کے روشن امکانات اپنے اندر رکھتا ہے۔ دلو عورت اور جوزا مرد کا جوڑا انتہائی خوشگوار گھریلو زندگی گزار سکتا ہے۔ اور ایک دوسرے کو خوش رکھ سکتا ہے۔ یہ جوڑا جنسی لذت، سرور اور کیف محسوس کرے گا اور انہیں ہر طرح جنسی تسکین ہوگی۔ اور ایک دوسرے سے بے پناہ محبت کرے گا۔ اور زندگی کی خوشیاں سمیٹے گا۔ محبت کی سرشاری میں بے خودی اور مستی اسے اپنے جذبات میں شدت محسوس ہوگی۔ اور وہ ایک دوسرے پر جاں نثار کرنے کے لیے تیار رہے گا۔ دلو عورت اور جوزا مرد شادی کے بعد ایک دوسرے کے بہترین لائف کمپنین ثابت ہوں گے۔

جوزا مرد میں ہمہ گیری، جوش و خروش اور دلفریبی کی صفات موجود ہیں۔ وہ ان باتوں سے اپنی دلو عورت کو متاثر کر کے مسحور کر سکتا ہے۔ ایک جوزا مرد اپنے اندر بجلی کی سی سرعت اور تیزی رکھتا ہے۔ اور ذہنی طور پر دلو عورت سے زیادہ عقلمند، دانشمند اور مثبت خیالات کا مالک ہے۔ اگر دلو عورت چاہے گی کہ اسے ہر طرح حکم چلا کر اپنا تابع رکھے تو یہ مشکل ترین امر ہے۔ جوزا مرد کبھی یہ پسند نہ کرے گا اور اس معاملے میں اس سے اختلاف کرے گا۔ ایک جوزا مرد متلون مزاج، مضطرب اور بے چین شخصیت رکھتا ہے۔ اس میں ہر روز تبدیلیاں رونما ہوتی رہتی ہیں۔ لیکن اس کے باوجود دلو عورت اپنی فطرت اور مزاج کے لحاظ سے اس کے لیے ایک موزوں بیوی کی حیثیت رکھتی ہے۔ جوزا مرد تنقید کی عادت رکھتا ہے۔ وہ ہر بات کو دلیل سے تسلیم کرے گا۔ دلو عورت

میں بھی بعینہٖ یہی خصوصیات اور صفات ہیں۔ اسے ایک جوزا مرد اپنی دلو بیوی کی صفات اور خوبی ہی سمجھے گا۔ کیونکہ وہ اس کی خصوصیات اور مزاج سے ہم آہنگ ہے۔ جب ان کے درمیان پیچیدہ مسائل پیدا ہوں گے۔ تو وہ دلیل دے کر ان مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں گے اور آخر کار ایک دوسرے کو قائل کر لیں گے۔ اس طرح ان کے درمیان الجھے معاملات جلد سلجھ جائیں گے اور پرسکون کی ازدواجی زندگی گزاریں گے۔ ان مسائل میں بھی وہ ایک دوسرے سے دلیلوں کے ذریعے مفاہمت کی فضا پیدا کریں گے۔ وہ ایک راستہ بنا کر اس پر چلتے جائیں گے۔ اور کبھی ان کی ازدواجی زندگی حادثات سے دوچار نہ ہوگی۔

دلو عورت اور سرطان مرد کا ملاپ کس نوعیت کا ہوگا

۱۔ سرطان مرد بے پناہ جنسی خواہشات رکھتا ہے، اور جذبوں سے بھرپور محبت چاہتا ہے کیونکہ وہ خود بھی بہت زیادہ جذباتی ہوتا ہے۔ شدید جنسی خواہش کی وجہ سے ایک سرطان مرد دلو عورت کے لیے موزوں شوہر نہیں۔ ان کے درمیان رومان و محبت کا دور تو بہتر طور پر گزر سکتا ہے۔ لیکن ازدواجی زندگی زیادہ پائیدار ثابت نہ ہوگی۔ کیونکہ طویل عرصے تک ایک ساتھ رہنے کی وجہ سے ان کے درمیان پیچیدگیاں، مشکلات، الجھنیں اور خطرناک مسائل اٹھ کھڑے ہوں گے۔ دلو عورت سرطان مرد کی جنسی خواہشات کی تسکین و تسلی اور سکون کے لیے مناسب اور موزوں عورت ثابت نہیں ہو سکتی۔ وہ گھری

محبت کی پرستش کرتی ہے۔ مگر بے وقت جنسی خواہشات کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے سے گریز کرے گا۔ اس طرح اس کا سرطان شوہر اس سے بدظن ہو جائے گا اور ان کے تعلقات متنازعہ جذبوں کا شکار ہو کر ختم ہو سکتے ہیں۔ مگر انہوں نے آپس میں باہمی رفاقت اور افہام و تفہیم کی ہم آہنگی پیدا نہ کی تو وہ علیحدہ ہو سکتے ہیں۔ اس لیے انہیں افہام و تفہیم اور عقل و فراست سے کام لے کر اپنے بگڑے تعلقات کو سنوارنا ہوگا۔ نہیں تو ازدواجی زندگی طوفان زدہ ہو کر ختم ہو جائے گی۔

سرطان مرد جنسی خواہشات کی آسودگی، تسلی اور تسکین کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے۔ اس لحاظ سے گھر کی اہمیت بھی اس کی نظروں میں بہت زیادہ ہے۔ وہ کبھی نہ چاہے گا کہ اس کا گھر برباد ہو جائے۔ لیکن اس کے برعکس ایک دلو عورت گھر سے بے توجہی برتے گی اور گھریلو کاموں کو ایک مصیبت جانے گی۔ وہ ملازمت کر کے زندگی گزارنا پسند کرتی ہے اس کا شوہر منع بھی کرے تب بھی وہ اپنی ملازمت اور مشاغل کو مناسب نہ سمجھے گی۔ اپنی اس عادت پر ڈٹے رہنا بہتر خیال کرے گی۔ اور اسے اپنا ایک اٹل فیصلہ تصور کرے گی۔ چاہے اس کی ازدواجی زندگی خطرے میں پڑ جائے۔

برج حوت

(PISCES NO 12)

۱۹ر فروری تا ۲۰ر مارچ

تعلق برج حوت، نظام شمسی کا بارہواں اور آخری برج

علم برج حوت (PISCES) سے جس عورت اور مرد کا تعلق ہے۔ انہیں حوت عورت اور حوت مرد کہا جاتا ہے۔ جو افراد ۱۹ر فروری تا ۲۰ر مارچ کی تاریخوں میں پیدا ہوتے ہیں وہ حوت عورت اور حوت مرد کہلاتے ہیں۔ اور حوت برج ہر طرح انہیں اپنے اثر میں رکھتا ہے اور ان کی زندگیوں پر منطبق ہے۔

برج حوت (PISCES) کا نشان مچھلیاں ہے۔ عنصر اس کا پانی ہے اور یہ برج حاکم سیارہ نیپچون رکھتا ہے۔ خوش بختی کا ہندسہ اس کا ۵ اور ۸

ہے۔ ان سے فائدہ اٹھا کر حوت افراد ترقی اور کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ اور انہیں مالی منفعت ہو سکتی ہے۔ برج حوت کا سعد پتھر وہ جواہرات ہیں جن پر لال رنگ کے دھبے پائے جاتے ہیں۔ اس قسم کے جواہرات کو انگلی کی زینت بنا کر حوت افراد ترقی کر سکتے ہیں اور کامیابی حاصل کر کے مالی استفادہ کر سکتے ہیں۔

حوت برج کا موافق رنگ ارغوانی ہے۔ اس قسم کے ملبوسات حوت افراد پسند کرتے ہیں اور انہیں زیب تن کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں۔ حوت برج کا مبارک دن جمعہ ہے۔ جمعہ کے روز حوت افراد جو کام کریں گے انہیں خاطر خواہ کامیابی ہوگی اور وہ ترقی کریں گے مالی فائدہ اٹھائیں گے۔

حوت مرد کا جنسی پہلو اور محبت

☆ ایک حوت مرد جنسی پہلو کے لحاظ سے مضبوط توانا ہے۔ اور محبت کرنا جانتا ہے۔ وہ اپنے لیے ایک ایسا جیون ساتھی منتخب کرے گا جو جنسی معاملات اور محبت میں اس کا ساتھ دے سکے اور اس کے لیے جنسی آسودگی، تسکین، لذت، سرور اور کیف مہیا کرے اور اس کے ساتھ ساتھ چلے۔ وہ ایسے جیون ساتھی کو پا کر بے پناہ خوشی محسوس کرے گا۔ اور اس کی قدر کرے گا اور اسے بہترین محبت دے گا۔ اور اس کی خوشیوں، ضرورتوں اور مسرتوں کا خیال رکھے گا۔ اور اس کے لیے آسائشیں مہیا کرے گا۔ اسے ازدواجی زندگی میں پیہم سہولتیں بہم پہنچائے گا۔ اس کے لیے ایک صاف ستھرا سامان مہیا کرے

گا اور اس کی خوشنودی کا خیال رکھے گا۔ اسے خوش دیکھ کر وہ بھی فرحت اور خوشی حاصل کرے گا۔ اور وہ اپنے آپ کو بے حد خوش نصیب خیال کرے گا اور ازدواجی زندگی کو خوشگوار گزارے گا۔ دلچسپی لگن اور محنت سے ازدواجی ضرورتوں کو پورا کرے گا۔

ایک حوت مرد سیر و تفریح اور سفر کو پسند کرتا ہے

☆ ایک حوت مرد سیر و تفریح اور سفر کو پسند کرتا ہے۔ وہ اس قسم کا کاروبار کرنا پسند کرتا ہے، جس میں وہ ہمیشہ سفر میں رہے۔ اگرچہ ایک حوت مرد ہوائی جہازوں کی نوکری کو پسند نہیں کرتا۔ نہ ٹرانسپورٹ کے شعبے میں کام کرنا پسند کرتا ہے۔ لیکن وہ سیر و سیاحت کرنے والے اداروں میں کام کرنا پسند کرتا ہے۔ اور اسکی خواہش ہوتی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ وقت دوسروں کی دید میں گزارے اور خوب سیر و تفریح کرے۔

ایک حوت مرد نرم دل ہوتا ہے

☆ ایک حوت مرد نرم دل ہوتا ہے اور اپنی فطرت میں حلیمانہ انداز رکھتا ہے۔ کہ کسی پر دباؤ ڈالنا پسند نہیں کرتا اور نہ کسی پر حکم چلاتا ہے۔ اسکے ملازم اس سے خوش رہتے ہیں۔ کیونکہ وہ انہیں ان کی مرضی پر چھوڑ دیتا ہے۔ اور وہ اپنی منشاء کے مطابق کام کرتے ہیں۔ اگر ان سے کوئی غلطی ہو جائے تو ایک حوت مرد ان کا عذر اس غلطی کے بارے میں فوراً تسلیم کر لیتا ہے اور اس سے زیادہ وہ باز پرس

نہیں کرتا۔ ایک حوت مرد لمبا چوڑا اور وسیع پیمانے پر کام نہیں کرسکتا۔ وہ ایک متوسط کاروبار چلاسکتا ہے۔ جس کاروبار میں وہ حکم چلانے کی بجائے لوگوں کا اعتماد حاصل کرسکے۔ اس قسم کے کاروبار میں ایک حوت مرد کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔ ریستوران، اشیائے خوردونوش کے کاروبار سے بھی ایک حوت مرد دلچسپی رکھتا ہے۔ اور شاندار ہوٹلوں میں کام کرنا پسند کرتا ہے۔ اس کے کھانے کا ذوق اتنا اعلیٰ اور رفیع ہے کہ وہ بہترین ہوٹل اور ریستوران میں جاکر کھانا کھانا پسند کرے گا۔ اور اگر وہ خود بھی کھانا فروخت کرے گا تو خوانچہ لگا کر فٹ پاتھ پر بیٹھے گا بلکہ کسی ہوٹل کو اس معاملے پر ترجیح دے گا۔ کوئی ہوٹل یا ریستوران بنا کر اس کاروبار کو کرے گا۔ وہ پرتکلف اور بہترین کھانے تیار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

ایک حوت مرد پرخلوص ہوتا ہے

ایک حوت مرد پرخلوص ہوتا ہے۔ اور اپنے فرائض کو عقل و دانش اور سوجھ بوجھ کے ساتھ سرانجام دیتا ہے۔ اس کی کوشش ہوتی ہے کہ فرائض کی ادائیگی میں اس سے کوئی کوتاہی نہ ہو۔ اس طرح وہ گھریلو معاملات میں شعور سے کام لیتا ہے۔ اس کے دل میں لطیف جذبے پرورش پاتے رہتے ہیں۔ اس کا میلان آرٹسٹک قسم کا ہوتا ہے۔ وہ اپنے لیے جیون ساتھی بھی خوبصورت نازک اندام پسند کرتا ہے جو اس کا آئیڈیل بن کر رہے اور پھر وہ اس سے گہری محبت کرتا ہے۔ اپنے اور اس کے جنسی جذبات کی تسکین پرسکون اور سحر انگیز انداز میں کرتا ہے۔ خود بھی فرحت اور خوشی محسوس کرتا ہے۔ اپنے جیون ساتھی

کو بھی راحتیں بخشتا ہے اور اسے کسی قسم کی شکایت کا موقع نہیں دیتا۔

ایک حوت مرد اپنی مرضی کا کام کرنا زیادہ پسند کرتا ہے۔ اور دوسرے برجوں کے افراد کے مقابلے میں زیادہ توجہ سے کام کرتا ہے۔ اور اپنا فرض پوری ایمانداری سے نبھاتا ہے۔ مگر اسے اس کی مرضی کا کام نہیں ملتا۔ اگر مل جائے تو وہ اسے بڑی محنت اور لگن کے ساتھ کرتا ہے۔ اگر اسے اس کی منشاء کے مطابق کام نہ ملے تو وہ بے چین و مضطرب رہتا ہے۔ اور اس کوشش میں سرگرداں رہتا ہے کہ اسے اس کی مرضی کا کام ملے۔ اگر اسے مرضی کے مطابق کام مل جائے تو وہ اپنی صلاحیتوں اور خوبیوں کے جوہر دکھاتا ہے۔

حوت مرد اپنے مستقبل کو محفوظ دیکھنا پسند کرتا ہے

ایک حوت مرد اپنے مستقبل کو محفوظ دیکھنا پسند کرتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ اس کا مستقبل تابناک اور کامیاب ہو۔ لیکن اس کے لیے وہ کوئی غلط کوشش نہیں کرتا۔ خواہ کتنا ہی منافع بخش کاروبار ہو۔ اگر اسکی مرضی کا نہ ہو تو اس میں دلچسپی نہ لے گا چاہے اس کی ملازمت کتنی شاندار کیوں نہ ہو۔ اگر اس کی مرضی کے مطابق نہ ہوگی تو اسے کرنا کبھی پسند نہ کرے گا۔ اگر اسے کوئی مجبوری ہو تو اسے جاری رکھے گا۔ اس طرح وہ اپنے جیون ساتھی کے انتخاب اور محبت کے معاملے میں بھی اپنی مرضی کرے گا۔ اگر اس کو جیون ساتھی اسے دلچسپی سے نہیں دیکھتا تو اسے چھوڑ دے گا۔ اور دوسرے جیون ساتھی کی تلاش میں اٹھ کھڑا ہوگا۔ وہ ایسے کاموں میں دلچسپی لیتا ہے جن میں دوسروں کو بھی فائدہ پہنچ سکے۔ کیونکہ وہ چاہتا ہے اس طرح

لوگوں کی زیادہ سے زیادہ خدمت کر سکے۔

دلچسپی

۷ے حوت مرد کو جب کسی کام سے دلچسپی پیدا ہو جائے۔ اسکا جوش و خروش اس کام میں دیکھنے کے لائق ہوتا ہے۔ اگر اسے کسی کام سے دلچسپی نہ ہو تو وہ اسے لگن، محنت اور دلچسپی سے نہ کرے گا۔ اس میں وہ مستقل مزاج نہ ہو گا اسے چھوڑ کر دوسرے کام کی جستجو میں نکل کھڑا ہو گا۔ اور اس سلسلے کو وہ اس وقت تک جاری رکھے گا، جب تک وہ اپنی مرضی کا کام حاصل نہ کر لے۔

حوت مرد کے پیشے

۸ے صنعت و حرفت، ایجنسی کا کام، مورس انڈسٹری کا کام، ذاتی قسم کا کاروبار، سیاست اور سماجی کاموں میں دلچسپی، تعلقات عامہ کا کام، فنون لطیفہ، بیماروں کی مدد اور تیمارداری کا کام، ایک اچھا شاعر اور ڈرامہ نگار بھی حوت مرد بن سکتا ہے۔ ایک بہترین ڈیزائنر بن سکتا ہے۔ رنگ بافتی اور فنیڈوں کا کام بھی بہترین انداز میں کر سکتا ہے۔ سائنسی تحقیق کا کام، کمروں اور بنگلوں کو آراستہ و پیراستہ کرنے کا کام کر سکتا ہے۔ حوت مرد حسن پرست ہوتا ہے۔ اس آرائش کا کام بہتر طور پر کر سکتا ہے۔ ایک حوت مرد بہترین اداکار بن سکتا ہے۔ ایک نثر نگار بن کر شہرت حاصل کر سکتا ہے۔ پرانے فرنیچر کو نئی آب و تاب دینے کا کام بخوبی کر سکتا ہے۔ صنعتی ڈیزائن اور فیشن کے ڈیزائن تیار

کر سکتا ہے۔

بیماریاں

۹ے حوت مرد میں لنگڑا پن ہو سکتا ہے۔ حوت افراد پھیپھڑوں کی بیماری میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ آنکھوں کی بیماریاں ہو سکتی ہیں۔ جوڑوں کا درد بھی انہیں ہو سکتا ہے۔ نظام ہضم کی خرابی کے علاوہ انہیں ٹخنوں کا درد بھی تنگ کر سکتا ہے۔ انگوٹھوں کے درد کی بیماری بھی ہو سکتی ہے۔ وہ کبھی کبھی کمزوری بھی محسوس کر سکتے ہیں۔

حوت عورت

(PISCES WOMAN)

۱۹ر فروری تا ۲۰ر مارچ

تعلق برج حوت، شمسی نظام کا بارہواں اور آخری برج

برج حوت (PISCES) سے جو لوگ تعلق رکھتے ہیں، وہ حوت عورت اور حوت مرد کہلاتے ہیں۔ جو لوگ ۱۹ر فروری تا ۲۰ر مارچ کی تاریخوں میں پیدا ہوتے ہیں انہیں حوت عورت اور حوت مرد کہا جاتا ہے۔ اور وہ حوت برج کے زیر اثر ہوتے ہیں۔

برج حوت کا نشان مچھلیاں ہیں۔ عنصر پانی ہے۔ اور یہ برج حاکم سیارہ نیپچون رکھتا ہے۔ اس کا خوش بختی کا ہندسہ ۵ اور ۸ ہے۔ اور ان ہندسوں سے فائدہ اٹھا کر حوت افراد ترقی اور کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ برج حوت کا سعد بچھروہ جواہرات ہیں۔ جن پر لال رنگ کے دھبے پائے جاتے ہیں۔ اس قسم کے جواہرات کو انگلی کی زینت بنا کر حوت افراد ترقی اور کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ اور انہیں مالی منفعت ہو سکتی ہے۔

حوت برج کا موافق رنگ ارغوان ہے۔ اس قسم کے ملبوسات حوت افراد

پسند کرتے ہیں۔ اور انہیں زیب تن کر کے خوشی و راحت کا احساس ہوتا ہے۔ برج حوت کا مبارک دن جمعہ ہے۔ جمعہ کے روز حوت افراد جس منصوبے یا کام کو شروع کر دیں تو انہیں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوگی اور وہ ترقی پانے اور دولت کمانے کے مواقع حاصل کریں گے اور انہیں خوب فائدہ ہوگا۔

حوت عورت اور جدی مرد کا ملاپ کیا اثرات رکھتا ہے؟

حوت عورت اور جدی مرد دونوں ہی خاصے طاقتور ہیں۔ اور شادی کے بعد یہ تو نا شخصیتوں کا ملاپ ہوگا۔ اگر یہ دونوں اپنی خصوصیات اور خوبیوں کے ساتھ قبول کریں تو ان پر کامیابیوں کے باب کھل سکتے ہیں۔ اور یہ اپنی جنسی خواہشات آسودہ طور پر حاصل کر سکتے ہیں اور انہیں جنسی ملاپ اور اختلاط میں لطف، سرور، لذت اور کیف محسوس ہو سکتا ہے۔ اور اپنے جذبات کی تسلی اور تسکین کر سکتے ہیں۔ اس طرح ان کے درمیان گہری محبت ہو سکتی ہے۔ یہ رشتہ بڑا متوازن ثابت ہو سکتا ہے۔ اور ان کی زندگی خوشحال گزر سکتی ہے۔ ان کی متضاد خصوصیات اور خوبیاں انہیں ایک دوسرے کے قریب تر رکھتی ہیں۔ ایک حوت عورت زندگی کے مسائل میں وجدان کو خصوصی اہمیت دیتی ہے اور اسے پسند کرتی ہے۔ اس کے برعکس جدی مرد عقل اور منطقی طریقہ اختیار کرنا مناسب خیال کرتا ہے۔ ایسی صورت میں ایک حوت عورت کو سوچنا چاہئے کہ آیا کہ وہ اس قسم کی خصوصیت اور خوبی کے ساتھ ایک جدی مرد سے نباہ کر سکتی ہے کہ نہیں۔ اس کے ساتھ ازدواجی رشتے مضبوط و مستحکم

رکھ سکتی ہے یا نہیں۔

ایک جدی مرد اپنے آپ کو ہر دلعزیز بنا کر رکھنے کی کوشش میں مصروف رہتا ہے۔ وہ اس قسم کے الفاظ کبھی زبان سے ادا نہ کرے گا۔ جس سے کسی کے جذبات کو ٹھیس لگے۔ اس کے جذبے مجروح ہوں۔

اس کے برعکس ایک حوت عورت منہ پھٹ ہوتی ہے۔ وہ بات بر ملا کہہ جاتی ہے جو اسے کھٹکتی ہے۔ اس طرح وہ اپنے دل کی بھڑاس نکال دیتی ہے۔ خواہ دوسرے اس کی عادت سے کتنے ہی رنجیدہ کیوں نہ ہوں۔ وہ دوسروں کے جذبات کی اس طرح پرواہ نہیں کرتی۔

ایک جدی مرد محنتی اور جدوجہد کرنے والا انسان ہے۔ وہ اپنی بیوی کا ہر طرح خیال رکھے گا۔ اور اسے کسی قسم کی تنگی نہ ہونے دے گا۔ گھر کی طرف سے کبھی غفلت نہ برتے گا۔ ایک حوت مرد فضول خرچ نہیں ہوتا۔ جائز جگہ اخراجات کرنا پسند کرتا ہے۔

حوت عورت اور دلو مرد کا ملاپ کیا رنگ چھوڑتا ہے؟؟؟

نوٹ: ایک حوت شادی کے لیے ایک دلو مرد کو پسند کرتی ہے۔ دلو مرد محبت کے پیش نظر شادی نہیں کرتا۔ وہ عورت میں عقل و ذہانت، اور اسے شعوری طور پر بلند دیکھنا پسند کرتا ہے۔ وہ ایک مخلص اور بے غرض شوہر ہے۔ اس کے تصور کے مطابق نیکی ایک انمول چیز ہے، جس کا وہ بدل نہیں چاہتا۔ وہ سمجھتا ہے کہ نیکی کر اور دریا میں ڈال۔ دلو مرد مستقبل کو بہتر بنانے کی خواہش رکھتا ہے

وہ لوگوں میں خوبیاں دیکھنا پسند کرتا ہے۔ ان کی برائیوں کو نظر انداز کر دیتا ہے۔ اس کے برعکس ایک حوت عورت لوگوں کو ان کے اصلی خدوخال میں دیکھنا پسند کرتی ہے۔

دلو مرد کے ساتھ حوت عورت کا محبت بھرا جوش و خروش ہمیشہ قائم رکھنا بے حد مشکل کام ہے۔ دلو مرد کی حدود جس میں وہ دلچسپیاں رکھتی ہے، بہت وسیع ہیں۔ جبکہ حوت عورت ایک ایسا مرد چاہے گی۔ جو محض اسے اپنی توجہ کا مرکز سمجھے۔ اور اسے ہمیشہ جوش و خروش سے پر محبت دے اور اسے سرشارانہ جنسی جذبے بخشے۔ اور اس کی خواہشات کا احترام کرکے اسے فوقیت دے۔ دلو مرد کوئی بھی اہم فیصلہ اس وقت نہ کرے گا۔ جبکہ اس کی بیوی اس کے اہم فیصلے کی منتظر ہوگی۔ وہ اپنی مرضی کے مطابق فیصلہ کرے گا۔ اس کے باوجود دلو مرد میں ایک خاص قسم کی کشش رکھتی ہے، جس کے تحت وہ اس کے ساتھ ساری زندگی نباہ کر سکتی ہے۔

حوت عورت اور حوت مرد کا ملاپ شادی کے بعد کیسا رہتا ہے؟

نوٹ: حوت عورت اور حوت مرد شادی کے بعد ایک اچھی زندگی گزار سکتے ہیں۔ دونوں ہی خوابوں کی دنیا میں رہنے والے ہیں۔ رومان اور محبت پسند کرتے ہیں۔ حوت عورت اور حوت مرد حقائق کا سامنا کرنے سے گریزاں رہتے ہیں۔ اس کے باوجود ان کی ازدواجی زندگی خوشحال اور شاندار گزر سکتی ہے۔ یہ ایک دوسرے کو جنسی آسودگی، تسکین، لذت، سرور اور کیف بخش سکتے ہیں اور محبت

بھرے جذبوں میں گرم جوشی بھر سکتے ہیں۔ اور ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ آؤٹ سٹک ذہین ہونے کی وجہ سے وہ محبت کو بہت پسند کرتے ہیں۔

ان دونوں میں بیشتر قدریں، خوبیاں اور خصوصیات مشترک ہیں۔ ایک حوت عورت اپنے حوت شوہر کے مزاج کی کیفیت سے اچھی طرح آگاہ ہو سکتی ہے۔ وہ یہ سمجھ لیتی ہے کہ اس کا شوہر اس سے کس وقت کیا چاہتا ہے۔ وہ اس کی مرضی کے مطابق اسے تسکین دینے کا موجب بنے گی۔ اور اسکی خواہشات کی پذیرائی کرے گی۔ وہ دوسری عورت کے مقابلے میں خود کو اس سے جلد ہی ہم آہنگ کرے گی۔

حوت مرد کے اندر توانائی اور طاقت کی کمی نہیں۔ وہ حوصلہ مند، بہادر ہمت والا اور پر عزم انسان ہے۔ اسکی طبیعت میں ظرافت بھی ہے۔ لطیفہ گوئی سے وہ دوسروں کو خوش رکھنے اور ہنسانے کا فن جانتا ہے۔ خوش اخلاق ہے۔ حوت عورت اور مرد ایک دوسرے میں جسمانی لحاظ سے بے حد کشش رکھتے ہیں۔ اور ذہنی طور پر بھی وہ ایک دوسرے سے مطابقت رکھتے ہیں۔ حوت عورت اور مرد جیسے جیسے بڑے ہوتے جاتے ہیں۔ اس لحاظ سے ان کے درمیان محبت میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔ اور وہ ایک دوسرے کی خواہشات کا پہلے سے بھی زیادہ خیال رکھیں گے اور والہانہ انداز میں ایک دوسرے سے پیار و محبت کریں گے۔

ختم شد